27. آرگینک کمپاؤنڈز کے دو استعمالات لکھیے۔ [DGK-I,MTN-II,GUJ-I/II]

جواب: (i) کپڑوں کے طور پر استعمالات: تمام اقسام کے کپڑے (جو ہم پہنتے ہیں یا ہیلتھ کیئر کے طور پر استعمال کرتے ہیں) قدرتی فائبرز (کاٹن، سلک اور وول وغیرہ) اور سنتھیٹک فائبرز (نائلون وغیرہ) سے بنے ہوتے ہیں جو کہ تمام آرگینک کمپاؤنڈز ہیں۔

(ii) فیول کے طور پر استعمالات: گاڑیوں اور گھریلو مقاصد کے لیے ہم کول، پیٹرولیم اور قدرتی گیس کو فیول کے طور پر استعمال کرتے ہیں یہ فیول کہلاتے ہیں۔ یہ تمام آرگینک کمپاؤنڈز ہیں۔

.28 الکائل ریڈیکلز کیسے بنتے ہیں؟ مثال دے کر وضاحت کیجئے۔ (SGD-GI,FSD-GI,LHR-GII)

جواب: الکائل ریڈیکلز الکینز سے بنائے جاتے ہیں۔ الکین میں سے ایک ہائیڈروجن ایٹم خارج کرنے سے یہ بنتے ہیں اور انہیں لفظ "R" سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ ان کا فارمولا C_nH_{2n+1} ہے۔

مثال: میتھین (CH_4) سے اگر ایک ہائیڈروجن ایٹم نکالا جائے تو (CH_3-) میتھائل ریڈیکل بنتا ہے۔

.29 فارمولے لکھیں۔ (GUJ-I/II,,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

(i) ایسی ٹائی لین (ii) ایتھائل الکوحل

جواب: (i) ایسی ٹائی لین C_2H_2 (ii) ایتھائل الکوحل C_2H_5OH

.30 ایتھر لنکیج کیا ہے؟ (GUJ-I,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II)

جواب: **ایتھر لنکیج:** ایتھر لنکیج کا فنکشنل گروپ $-O-$ ہے۔ جنرل فارمولا R - O - R' جبکہ R اور R' الکائل گروپس ہیں۔

مثالیں: ڈائی میتھائل ایتھر CH_3-O-CH_3،

ایتھائل میتھائل ایتھر $CH_3-O-C_2H_5$

.31 کاربا کسل فنکشنل گروپ سے کیا مراد ہے؟ ایک مثال سے واضح کیجئے۔ (GUJ-I/II,,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: **کاربا کسل فنکشنل گروپ:** وہ کمپاؤنڈز جن میں $-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-OH$ گروپ پایا جاتا ہے، کاربا کسلک ایسڈز کہلاتے ہیں۔ ان کا جنرل

فارمولا: $R-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-OH$ ہے۔

مثال: فارمک ایسڈ: $H-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-OH$

.32 میتھائل ایسیٹیٹ اور ایتھائل ایسیٹیٹ کا فارمولا تحریر کیجئے۔ (FSD-I/II,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب:

(i) $H_3C-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-O-C_2H_5$ (ایتھائل ایسیٹیٹ)

(ii) $H_3C-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-O-CH_3$ (میتھائل ایسیٹیٹ)

.33 ایسی ٹون اور ٹرائی میتھائل ایمنز کے سٹرکچرل فارمولے لکھیے۔ (GUJ-I/II,,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب:

ایسی ٹون کا سٹرکچرل فارمولا:

$$H-\underset{H}{\overset{H}{\underset{|}{\overset{|}{C}}}}-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-\underset{H}{\overset{H}{\underset{|}{\overset{|}{C}}}}-H$$

ٹرائی میتھائل ایمنز کا سٹرکچرل فارمولا:

$$H_3C-\underset{CH_3}{\underset{|}{N}}-CH_3$$

.34 آرگینک کمپاؤنڈ کی اَن سیچوریشن کے لیے ٹیسٹ لکھیں۔ [LHR-II,FSD-II,RWP-II,RUJ-II,SWL-I]

جواب: **برومین واٹر ٹیسٹ:** دیے ہوئے آرگینک کمپاؤنڈ کی ایک چٹکی کو $2.0cm^3$ کاربن ٹیٹرا کلورائڈ (CCl_4) میں حل کریں۔ اب اس میں $2cm^3$ برومین واٹر شامل کریں اور ہلائیں۔

نتیجہ: برومین کا رنگ ختم ہو جائے گا۔

مشقی سوالات کا حل

Multiple Choice Questions کثیر الانتخابی سوالات

1. کاربن ایٹمز کی چین بنانے کی صلاحیت کو کہتے ہیں۔
(A) آئسومرزم (B) کیٹی نیشن (C) ریزونینس (D) کنڈنسیشن

2. جس کوئلہ میں 90فی صد کاربن کے اجزا موجود ہوتے ہیں وہ کہلاتا ہے؟
(A) پیٹ (B) لگنائٹ (C) اینتھراسائیٹ (D) بچومنیس

3. قدرتی گیس کا اہم جزو کون سی گیس ہے؟
(A) میتھین (B) پروپین (C) بیوٹین (D) پروپائن

4. ہوا کی عدم موجودگی میں کوئلہ کو بہت زیادہ ٹمپریچر پر گرم کرنے کو کہتے ہیں؟
(A) فریکشنل ڈسٹلیشن (B) کیلسی نیشن (C) روسٹنگ (D) ڈسٹرکٹو ڈسٹلیشن

5. بچ کس کا سیاہ ویسٹ ہے؟
(A) کوک کا (B) کول تار کا (C) کوئلہ کا (D) کوئلہ گیس کا

6. قدرتی گیس میں 85فی صد میتھین موجود ہوتی ہے۔ اسے ماسوائے کس کے مختلف چیزیں بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے۔
(A) کاربن بلیک (B) کوک (C) کول تار (D) کول گیس

7. مندرجہ ذیل میں سے کس میں سٹارچ موجود نہیں ہوتی۔
(A) گنا (B) مکئی (C) جو (D) آلو

8. پٹرولیم کو مندرجہ ذیل میں سے کس طریقے سے ریفائن کیا جاتا ہے۔
(A) ڈسٹرکٹو ڈسٹلیشن (B) فریکشنل ڈسٹلیشن (C) سمپل ڈسٹلیشن (D) ڈرائی ڈسٹلیشن

9. لیبارٹری میں کس سائنسدان نے یوریا سب سے پہلے بنایا؟
(A) وہلر (B) رودرفورڈ (C) برزی لیئس (D) ڈالٹن

10. الکائل ریڈیکلز کا جنرل فارمولا ہے۔ (GUJ-I,DGK-I,MLT-I,SRG-II)(ALP)
(A) C_nH2_{n+2} (B) C_nH_{2n-2} (C) C_nH_{2n+1} (D) C_nH_{2n}

11. شناخت کریں مندرجہ ذیل کمپاؤنڈز میں سے کونسا کیٹون ہے۔ (MLT-II)(ALP)
(A) $(CH_3)_2CHOH$ (B) $(CH_3)_2CO$ (C) $(CH_3)_2NH$ (D) $(CH_3)_2CHCL$

12. فنکشنل گروپ $-COOH$ کن میں پایا جاتا ہے۔ (DGK-II,FSD-I,LHR-I)(ALP)
(A) کاربا کسلک ایسڈز (B) ایلڈی ہائیڈز (C) الکوحلز (D) ایسٹرز

13. فوسل فیولز کے بارے میں کون سا بیان درست نہیں ہے۔
(A) یہ تمام کاربن پر مشتمل ہوتے ہیں (B) انہیں دوبارہ سے بنایا جا سکتا ہے۔
(C) جلنے کے باعث پلوشن پیدا کرتے ہیں۔ (D) یہ تیزابی بارش کا سبب بنتے ہیں۔

14. مندرجہ ذیل میں سے کون سا سخت ترین کوئلہ ہے۔
(A) پیٹ (B) لگنائٹ (C) بچومنیس (D) اینتھراسائیٹ

15. مندرجہ ذیل میں کون سے گروپس میں آکسیجن کے دونوں اطراف میں کاربن ایٹمز جڑے ہوئے ہوتے ہیں: (RWP-I)(ALP)
(A) کیٹون (B) ایتھر (C) ایلڈی ہائیڈز (D) ایسٹر

16. کس تبدیلی کے طریقہ کو کاربونائزیشن کہتے ہیں۔
(A) کوئلہ کی کول تار میں (B) کوئلہ کی لکڑی میں (C) لکڑی کی کوئلہ میں (D) لکڑی کی تار میں

17. :کول گیس مکسچر ہے۔

(A) CH_4 اور CO (B) CH_4, CO_2 اور CO (C) CH_4, H_2 اور CO (D) H_2CO_2 اور CO

18. :مندرجہ ذیل میں کون سا سنتھیٹک فائبر ہے۔

(A) کاٹن (B) وول (C) نائیلون (D) سلک

19. :مندرجہ ذیل میں سے کون سا فوسل فیول نہیں ہے۔

(A) کوئلہ (B) قدرتی گیس (C) بائیوگیس (D) پٹرولیم

20. :مندرجہ ذیل میں سے کس میں پروٹین موجود نہیں ہوتی۔

(A) دالوں میں (B) آلوؤں میں (C) پھلیوں میں (D) انڈے میں

21. :بیکٹیریا اور حرارت کے عمل سے مردہ پودوں کو کوئلہ میں تبدیل ہونا کیا کہلاتا ہے۔

(A) کاربونائزیشن (B) کیٹی نیشن (C) ہائڈروجنیشن (D) کریکنگ

22. مندرجہ ذیل کمپاؤنڈز میں سے کون سا ایلڈی ہائڈ ہے۔ **(RWP-II,SWL-I)(ALP)**

(A) CH_3-CH_2-OH (B) CH_3-COOH (C) CH_3CHO (D) CH_3COCH_3

23. ایسٹ ایلڈی ہائڈ (Acetaldehyde) کا فارمولا کون سا ہے۔

(A) CH_3-CH_2OH (B) $CH_3-\overset{O}{\overset{||}{C}}-OH-OH$ (C) $CH_3-\overset{O}{\overset{||}{C}}-H$ (D) $H-\overset{O}{\overset{||}{C}}-H$

جوابات: (کثیر الانتخابی سوالات)

1	B	2	C	3	A	4	D	5	B
6	C	7	A	8	B	9	A	10	C
11	B	12	A	13	B	14	D	15	B
16	C	17	C	18	C	19	C	20	B
21	A	22	C	23	C				

Short Questions مختصر سوالات

1۔ لفظ کیٹی نیشن سے کیا مراد ہے؟ کیٹی نیشن کا مظاہرہ کرنے والے کسی ایک کمپاؤنڈ کی مثالیں دیں۔

جواب: **کیٹی نیشن:** کاربن ایٹمز کا ایک دوسرے کے ساتھ کوویلنٹ بانڈ بنا کر لانگ چین یا رنگ بنانا کیٹی نیشن کہلاتا ہے۔ آرگینک کمپاؤنڈز کی بہت زیادہ تعداد کیٹی نیشن کی وجہ سے ہے۔ مثلاً نارمل بیوٹین میں چار کاربن ایٹمز ہوتے ہیں کیٹی نیشن کے لیے مندرجہ ذیل شرائط ہیں۔

(a) ایلیمنٹ کی ویلنسی دو یا دو سے زیادہ ہونی چاہیے۔

(b) کسی ایلیمنٹ کا اپنے ایٹمز کے ساتھ بانڈ دوسرے ایلیمنٹ (آکسیجن) کے ساتھ بانڈ سے زیادہ مضبوط ہونا چاہیے۔

2۔ کوئلہ کیسے بنتا ہے؟

جواب: **کوئلہ:** کوئلہ کاربن ہائڈروجن، نائٹروجن اور سلفر کے کمپاؤنڈز کا سیاہ رنگ کا ایک مکسچر ہے۔ کوئلہ لاکھوں سال سے زمین میں دفن شدہ مردہ پودوں کی ڈی کمپوزیشن سے بنتا ہے۔ لکڑی میں 40 فیصد کاربن ہوتا ہے۔ لکڑی کا کوئلے میں تبدیل ہونا کاربونائزیشن کہلاتا ہے۔

3۔ قدرتی گیس کی اہمیت بیان کریں۔

جواب: **قدرتی گیس کی اہمیت:** (i) قدرتی گیس گھروں اور انڈسٹری میں فیول کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔

(ii) یہ گاڑیوں میں CNG کی شکل میں استعمال ہوتی ہے۔

(iii) یہ کاربن بلیک اور فرٹیلائزرز کی تیاری میں استعمال ہوتی ہے۔

4۔ وضاحت کریں کہ آرگینک کمپاؤنڈز خوراک کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔

جواب: آرگینک کمپاؤنڈز بطور خوراک: ہم روزانہ خوراک میں گندم، چاول، گوشت، دودھ، سبزیاں اور انڈے استعمال کرتے ہیں۔ان میں آرگینک کمپاؤنڈز ہوتے ہیں۔مثلاً کاربوہائڈریٹس، پروٹینز، فیٹس اور وٹامنز وغیرہ یہ چیزیں ہمارے جسم کی گروتھ اور صحت کے لیے بہت ضروری ہیں۔

5۔ الکائل ریڈیکلز کیسے بنتے ہیں؟ مثال دے کر وضاحت کریں۔

جواب: الکائل ریڈیکلز الکینز سے بنائے جاتے ہیں۔الکین میں سے ایک ہائڈروجن ایٹم خارج کرنے سے یہ بنتے ہیں اور انہیں لفظ "R" سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ان کا فارمولا C_nH_{2n+1} ہے۔

مثال: میتھین (CH_4) سے اگر ایک ہائڈروجن ایٹم نکالا جائے تو (CH_3-) میتھائل ریڈیکل بنتا ہے۔

6. نارمل پروپائل اور آئسو پروپائل میں کیا فرق ہے؟ سٹرکچر کی مدد سے وضاحت کریں۔ (DGK-I)(ALP)

جواب: نارمل اور آئسو پروپائل میں فرق: پروپین سٹریٹ چین سٹرکچر رکھتی ہے جب آخر والے کاربن سے H کو خارج کر دیا جاتا ہے تو یہ نارمل پروپائل کہلاتی ہے۔جب درمیان والے کاربن سے ایک H خارج کر دیا جاتا ہے تو یہ آئسو پروپائل کہلاتی ہے جیسا کہ

$CH_3-CH_2-CH_3$ → آخر والے H کا اخراج → $CH_3-CH_2-CH_2-$ (نارمل پروپائل)

$CH_3-CH_2-CH_3$ → درمیان والے H کا اخراج → $CH_3-\underset{|}{\overset{H}{C}}-CH_3$ (آئسو پروپائل)

7۔ بیوٹین کے مختلف ریڈیکلز کی وضاحت کریں۔ (GUJ-I,MLT-II)(ALP)

جواب: بیوٹین کے ریڈیکلز:

$H_3C-CH_2-CH_2-CH_3$ (نارمل بیوٹین) → آخر والے H کا اخراج → $H_3C-CH_2-CH_2-CH_2-$ (نارمل بیوٹائل)

$H_3C-CH_2-CH_2-CH_3$ (نارمل بیوٹین) → درمیان والے H کا اخراج → $H_3C-CH_2-\overset{|}{CH}-CH_3$ (سیکنڈری بیوٹائل)

$CH_3-\underset{}{\overset{CH_3}{CH}}-CH_3$ (آئسو بیوٹین) → آخر والے H کا اخراج → $CH_3-\overset{CH_3}{CH}-CH_2-$ (آئسو بیوٹائل)

$CH_3-\overset{CH_3}{CH}-CH_3$ (آئسو بیوٹین) → درمیان والے H کا اخراج → $CH_3-\underset{|}{\overset{CH_3}{C}}-CH_3$ (ٹرشری بیوٹائل)

8۔ مثال کی مدد سے فنکشنل گروپ کی تعریف کریں۔ (DGK-I)(ALP)

جواب: فنکشنل گروپ: ایٹم یا ایٹمز کا گروپ یا ڈبل یا ٹرپل بانڈ جس کی وجہ سے آرگینک کمپاؤنڈ خاص خصوصیات ظاہر کرتا ہے اسے فنکشنل گروپ کہتے ہیں۔

(i) الکوحلز کا فنکشنل گروپ $-OH$ ہے مثلاً C_2H_5-OH (ایتھائل الکوحل)

9۔ ایسٹر گروپ کیا ہے؟ ایتھائل ایسیٹیٹ کا فارمولا لکھیں۔ (SWL-I)(ALP)

جواب: ایسٹر لنکیج گروپ: RCOOR فنکشنل گروپ پر مشتمل آرگینک کمپاؤنڈز ایسٹر کہلاتے ہیں۔

ان کا جنرل فارمولا: $R-\overset{\overset{O}{||}}{C}-OR'$ ہے۔جہاں R اور R´ الکائل گروپس ہیں یہ ایک جیسے یا مختلف بھی ہو سکتے ہیں۔

ایتھائل ایسیٹیٹ کا فارمولا: $H_3C-\overset{\overset{O}{||}}{C}-OC_2H_5$

10۔ پروپین اور نارمل بیوٹین کا ڈاٹ اور کراس فارمولا لکھیں۔

جواب: پروپین اور نارمل بیوٹن کا ڈاٹ اور کراس فارمولا درج ذیل ہے۔

$$H\times\underset{\underset{H}{\times}}{\overset{\overset{H}{\times}}{C}}\cdot\times\underset{\underset{H}{\times}}{\overset{\overset{H}{\times}}{C}}\cdot\times\underset{\underset{H}{\times}}{\overset{\overset{H}{\times}}{C}}\cdot\times H$$
(پروپین)

$$H\times\underset{\underset{H}{\times}}{\overset{\overset{H}{\times}}{C}}\cdot\times\underset{\underset{H}{\times}}{\overset{\overset{H}{\times}}{C}}\cdot\times\underset{\underset{H}{\times}}{\overset{\overset{H}{\times}}{C}}\cdot\times\underset{\underset{H}{\times}}{\overset{\overset{H}{\times}}{C}}\cdot\times H$$
(نارمل بیوٹین)

11۔ سٹرکچرل فارمولا کی تعریف کریں۔نارمل بیوٹین اور آئسو بیوٹین کا سٹرکچرل فارمولا لکھیں۔ (FSD-I)(ALP)

جواب: سٹرکچرل فارمولا: وہ فارمولا جو کسی کمپاؤنڈ کے ایک مالیکیول میں موجود تمام ایٹمز کی صحیح ترتیب کو ظاہر کرتا ہے اسے سٹرکچرل فارمولا کہتے ہیں۔سٹرکچرل فارمولا لکھتے وقت سنگل بانڈ کو ایک لائن (—) ، ڈبل بانڈ کو دو لائنوں (=) اور ٹرپل بانڈ کو تین لائنوں (≡) سے ظاہر کیا جاتا ہے۔مثلاً بیوٹین کو دوسٹرکچرل فارمولاز سے ظاہر کرتے ہیں۔ مثلاً

(Normal Butane) نارمل بیوٹین

(Iso- Butane) آئسو بیوٹین

12۔ کوئلہ کی کلاسیفکیشن تحریر کریں۔

جواب: کوئلے کی کلاسیفکیشن: کوئلے کی چار اقسام ہیں۔اُن کے نام یہ ہیں۔ پیٹ(Peat)، لگنائٹ(Lignite)، بچومینس اور انتھراسائیٹ (Anthracite)۔کوئلے کی ان اقسام میں کاربن اور نمی کی فیصد مقدار کا فرق ہوتا ہے۔

(i) **پیٹ(Peat):** یہ گھٹیا قسم کا کوئلہ ہے اس میں کاربن کی مقدار 60% ہوتی ہے۔

استعمال: یہ فرنس (بھٹی Furnace) میں استعمال ہوتا ہے۔

(ii) **لگنائیٹ(Lignite) :** یہ عام قسم کا کوئلہ ہے۔اس میں کاربن کی 70% ہوتی ہے۔

استعمال: یہ تھرمل پاور اسٹیشن میں استعمال ہوتا ہے۔

(iii) **بچومینس(Bituminous):** یہ عام قسم کا کوئلہ ہے۔اس میں کاربن کی مقدار 80% ہوتی ہے یہ گھروں میں بطور فیول استعمال ہوتا ہے۔

(iv) **انتھراسائٹ(Anthracite):** یہ اعلیٰ قسم کا کوئلہ ہے۔یہ بہت سخت ہوتا ہے۔اس میں کاربن مقدار 90% ہوتی ہے۔

استعمال: یہ انڈسٹری میں استعمال ہوتا ہے۔

13۔ ہوموسائیکلک اور ہیٹروسائیکلک کمپاؤنڈز میں موازنہ کریں۔

جواب: (i) **ہوموسائیکلک کمپاؤنڈز (Homocyclic compounds):** وہ سائیکلک کمپاؤنڈز جن کے رنگ میں صرف کاربن کے ایٹمز موجود ہوں انہیں ہوموسائیکلک یا کاربوسائیکلک کمپاؤنڈز کہتے ہیں۔مثلاً بینزین اور نیفتھالین وغیرہ۔کاربوسائیکلک کمپاؤنڈز کی مزید دو اقسام ہیں۔

(i) ایرومیٹک کمپاؤنڈز (ii) ایلی سائیکلک کمپاؤنڈز

(ii) **ہیٹروسائیکلک کمپاؤنڈز (Heterocyclic Compounds):** وہ سائیکلک کمپاؤنڈز جن کے رنگ میں کاربن کے علاوہ دوسری قسم کے ایٹمز بھی موجود ہوں انہیں ہیٹروسائیکلک کمپاؤنڈز کہتے ہیں۔مثلاً تھائیوفین اور پیراڈین وغیرہ۔

تھائیوفین پیراڈین

14۔ ہومولوگس سیریز کی تعریف بیان کریں۔

جواب: ہومولوگس سیریز(Homologous Series): وہ تمام آرگینک کمپاؤنڈز جن میں ایک جیسا فنکشنل گروپ اور ایک جیسی کیمیائی خصوصیات ہوں انہیں ایک ہی گروپ میں رکھا جاتا ہے۔اسے ہومولوگس سیریز کہتے ہیں۔مثلاً الکوحلز اور ایتھرز وغیرہ۔

15۔ ہیٹروسائیکلک کمپاؤنڈ کیا ہیں؟ دو مثالیں تحریر کریں۔

جواب: ہیٹروسائیکلک کمپاؤنڈز(Heterocyclic Compounds): وہ سائیکلک کمپاؤنڈز جن کے رنگ میں کاربن کے علاوہ دوسری قسم کے ایٹمز بھی موجود ہوں انہیں ہیٹروسائیکلک کمپاؤنڈز کہتے ہیں۔مثلاً تھائیوفین اور پراڈین وغیرہ۔

16۔ بینزین اور اس کے علاوہ دوسرے ہومولوگس کمپاؤنڈز کیوں ایرومیٹک کمپاؤنڈز کہلاتے ہیں؟

جواب: **ایرومیٹک کمپاؤنڈز (Aromatic Compounds):** وہ کاربوسائیکلک کمپاؤنڈز جن کے مالیکیول میں کم از کم ایک بینزین رنگ موجود ہو انہیں ایرومیٹک کمپاؤنڈز کہتے ہیں۔ مثلاً بینزین اور نیفتھالین وغیرہ۔

(C_6H_6) بینزین ، $(C_{10}H_8)$ (نیفتھالین)

بینزین اور اس کے دوسرے ہومولوگس کمپاؤنڈز بہت تیز ایروما (Aroma) یا بُو رکھتے ہیں۔ اس لیے انہیں ایرومیٹک کمپاؤنڈز کہا جاتا ہے۔

انشائیہ طرز سوالات Long Questions

1. **آرگینک کمپاؤنڈز کی چار جنرل خصوصیات بیان کریں۔**

جواب: آرگینک کمپاؤنڈز کی جنرل خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں۔

1۔ **اوریجن (Origin):** آرگینک کمپاؤنڈز قدرتی طور پر ملتے ہیں۔ جبکہ ان آرگینک کمپاؤنڈز منرلز چٹانوں میں ملتے ہیں۔

2۔ **کمپوزیشن (Composition):** کاربن اور ہائیڈروجن آرگینک کمپاؤنڈز کے بنیادی اجزاء ہیں لیکن کچھ آرگینک کمپاؤنڈز C اور H کے علاوہ S, O, N اور ہیلوجنز سے مل کر بنتے ہیں۔ جبکہ ان آرگینک کمپاؤنڈز میں تمام معلوم ایلیمنٹس موجود ہو سکتے ہیں۔

(iii) **کوویلنٹ لنکیج (Covalent Linkage):**

آرگینک کمپاؤنڈز کوویلنٹ بانڈز کے ذریعے بنتے ہیں جبکہ ان آرگینک کمپاؤنڈز آئیونک بانڈز کے ذریعے بنتے ہیں۔

(iv) **سولیبلٹی (Solubility):** آرگینک کمپاؤنڈز آرگینک سولوینٹس میں سولیبل ہوتے ہیں۔ مثلاً الکوحل، بینزین۔ کاربن ڈائی سلفائیڈ وغیرہ جبکہ ان آرگینک کمپاؤنڈز پولر سولوینٹ (پانی) میں سولیبل ہوتے ہیں۔

2. **ہومولوگس سیریز کی وضاحت کریں۔** [DGK-GII-21][BWP-GI-21](ALP)

جواب: **ہومولوگس سیریز (Homologous Series):** وہ تمام آرگینک کمپاؤنڈز جن میں ایک جیسا فنکشنل گروپ اور ایک جیسی کیمیائی خصوصیات ہوں انہیں ایک ہی گروپ میں رکھا جاتا ہے۔ اسے ہومولوگس سیریز کہتے ہیں۔ مثلاً الکوحلز اور ایتھرز وغیرہ۔

ہومولوگس سیریز کی خصوصیات:

(i) سیریز کے تمام ممبرز کو ایک جنرل فارمولے سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ مثلاً الکینز (alkanes) کا جنرل فارمولا C_nH_{2n+2} ہے۔ الکینز کا جنرل فارمولا C_nH_{2n} اور الکائنز جنرل فارمولا C_nH_{2n-2} ہے۔

(ii) سیریز کے تمام ممبرز کو ایک ہی جنرل طریقے سے تیار کیا جاتا ہے۔

(iii) سیریز کے تمام ممبرز میں ایک جیسا فنکشنل گروپ اور ایک جیسی کیمیائی خصوصیات ہوتی ہیں۔

(iv) سیریز میں ایک دوسرے کے بعد آنے والے ممبرز میں $-CH_2-$ کا فرق ہے۔ اور مالیکیولر ماس میں 14 کا۔

(v) تمام ممبرز کے طبیعی خواص میں ریگولر تبدیلی ہوتی ہے۔ مثلاً مالیکیولر ماسز کے بڑھنے سے میلٹنگ اور بوائلنگ پوائنٹس بھی بڑھتے ہیں۔

3. **فنکشنل گروپ کی تعریف کریں۔ چار فنکشنل گروپ پر نوٹ لکھیں۔**

[SWL-21][RWP-GII-21][DGK-GI-21][MTN-GI-21][GUJ-GI-21](ALP)

جواب: **فنکشنل گروپ (Functional Group):** ایٹم یا ایٹمز کا گروپ، ڈبل یا ٹرپل بانڈ جس کی وجہ سے آرگینک کمپاؤنڈز خاص خصوصیات ظاہر کرتے ہیں۔ اسے فنکشنل گروپ کہتے ہیں۔

(i) **الکوحلک گروپ(Alcoholic Group):** الکوحلز کا فنکشنل گروپ $-OH$ ہے۔ان کا جنرل فارمولا $R-OH$ ہے۔یہاں R سے مراد الکائل گروپ ہے۔مثلاً ایتھائل الکوحل CH_3-CH_2-OH اور پروپائل الکوحل $CH_3-CH_2-CH_2-OH$

(ii) **ایتھر لنکیج(Ether Linkage):**

ایتھرز کا فنکشنل گروپ $-O-$ ہے۔ان کا جنرل فارمولا $R-O-R'$ ہے۔یہاں R اور R' الکائل گروپس ہیں۔

ڈائی میتھائل ایتھر CH_3-O-CH_3 ڈائی ایتھائل ایتھر $C_2H_5-O-C_2H_5$

ایتھائل میتھائل ایتھر $CH_3-O-C_2H_5$

(iii) **ایلڈی ہائڈک گروپ(Aldehydic Group):**

ایلڈی ہائڈز کا فنکشنل گروپ ہے۔ان کا جنرل فارمولا $R-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-H$ ہے۔یہاں R سے مراد H یا کوئی الکائل گروپ ہے مثلاً

$CH_3-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-H$ (ایسٹ ایلڈی ہائڈ Acetaldehyde)

$H-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-H$ (فارم ایلڈی ہائڈ Formaldehyde)

(iv) **کیٹونک گروپ(Ketonic Group):**

کیٹونز کا فنکشنل گروپ $-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-$ ہے ان کا جنرل فارمولا $R-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-R'$ ہے۔یہاں R اور R' الکائل گروپس ہیں مثلاً

$CH_3-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-C_2H_5$ (ایتھائل میتھائل کیٹون)

$CH_3-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-CH_3$ (ایسی ٹون یا ڈائی میتھائل کیٹون)

4. **الکائل ریڈیکل کیسے بنتے ہیں؟ بیوٹین کے الکائل ریڈیکل لکھیں۔** [MTN-GII-21](ALP)

جواب: **الکائل ریڈیکلز کا بننا(Formation of Alkyl Radicals):**

جب الکین(Alkane) میں سے ایک ہائڈروجن ایٹم خارج ہوجاتا ہے۔تو الکائل ریڈیکل بنتا ہے۔الکائل ریڈیکل کو "R" سے ظاہر کرتے ہیں۔اس کا جنرل فارمولا C_nH_{2n+1} ہے۔

(i) $CH_4 \xrightarrow{\text{H کا اخراج}} CH_3^{\cdot}$ (میتھین) (میتھائل)

(ii) $C_2H_6 \xrightarrow{\text{H کا اخراج}} C_2H_5^{\cdot}$ (ایتھین) (ایتھائل)

بیوٹائل ریڈیکلز:

$CH_3-CH_2-CH_2-CH_3$ (نارمل بیوٹین)

آخر والے H کا اخراج → $CH_3-CH_2-CH_2-CH_2-$ (نارمل بیوٹائل)

درمیان والے H کا اخراج → $CH_3-CH_2-\underset{|}{CH}-CH_3$ (سیکنڈری بیوٹائل)

آئسوبیوٹین سے بیوٹائل ریڈیکلز:

$CH_3-\overset{CH_3}{\overset{|}{CH}}-CH_3$ (آئسو بیوٹین)

آخر والے H کا اخراج → $CH_3-\overset{CH_3}{\overset{|}{CH}}-CH_2-$ (آئسو بیوٹائل)

درمیان والے H کا اخراج → $CH_3-\overset{CH_3}{\overset{|}{\underset{|}{C}}}-CH_3$ (ٹرشری بیوٹائل)

باب	12	ہائیڈروکاربنز	پنجاب بھر کے سالانہ بورڈ پرچہ جات 2014 - 2021

ALP Annual Paper 2021

کثیر الانتخابی سوالات

.1 سچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز کا جنرل فارمولا ہے: (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)

(A) C_nH_{2n-2} (B) C_nH_{2n+2} (C) C_nH_{2n} (D) C_nH_n

.2 درج ذیل میں سے کون سا ہائیڈروکاربنز اَن سچوریٹڈ ہے؟ (FSD-I/II,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

(A) CH_4 (B) C_2H_6 (C) C_2H_4 (D) C_3H_8

2014 - 2020

12.1 الکینز (Alkanes)

.3 کون سا سچوریٹڈ ہائیڈروکاربن ہے؟ (GUJ-GI,II,SGD-GI,GII,FSD-GI,II,MTN-GI,RWP-GI)

(A) C_2H_4 (B) C_3H_6 (C) C_4H_8 (D) C_5H_{12}

.4 نیچے دیے گئے کمپاؤنڈز میں سے کون سا سیر شدہ ہائیڈروکاربن ہے؟ (GUJ-I/II,,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

(A) میتھین (B) ایتھائن (C) پروپین (D) پروپائن

.5 الکینز کا جنرل فارمولا ہے: (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)

(A) C_nH_{2n} (B) C_nH_{2n+2} (C) C_nH_{2n+1} (D) C_nH_{2n-2}

.6 کونسا تبادلے کاری ایکشن ہے؟ (LHR-I/II,GUJ-I/II,FSD-I/II,MUL-I,SGD-II,DGK-I,SWL-I)

(A) الکانز کی ہیلوجینیشن (B) الکینز کی ہیلوجینیشن (C) الکینز کی ہیلوجنیشن (D) الکینز کی برومینیشن

.7 میتھین میں قدرتی گیس تقریباً کتنے فیصد ہوتی ہے؟ (FSD-I/II,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

(A) 75% (B) 80% (C) 85% (D) 90%

.8 کونسا ری ایکشن الکینز (Alkanes) کی اہم خصوصیات ہے: (GUJ-I/II,,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

(A) تبادلے کاری ایکشن (B) آکسیڈیشن ری ایکشن (C) ری ڈکشن ری ایکشن (D) جمعی ری ایکشن

.9 میتھین کی ہیلوجینیشن سے مندرجہ ذیل میں سے کون سا کمپاؤنڈ نہیں بنتا؟ (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)

(A) CCl_4 (B) $CHCl_3$ (C) CO_2 (D) CH_3Cl

.10 کلوروفارم کا کیمیائی فارمولا ہے: (RWP-GII,GUJ-GII,MTN-GI)

(A) $CH_3C\ell$ (B) $CH_2C\ell_2$ (C) $CHC\ell_3$ (D) $CC\ell_4$

.11 مارش گیس زیادہ تر مشتمل ہوتی ہے: (LHR-I/II,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II)

(A) بیوٹین (B) پروپین (C) ایتھین (D) میتھین

.12 کون سا ہائیڈروکاربن برومین کے ایکوئس سلوشن پر اثر نہیں کرے گا؟ (GUJ-I,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II)

(A) CH_4 (B) $C_{10}H_{20}$ (C) C_2H_2 (D) C_2H_4

.13 الکینز (Alkanes) کا دوسرا نام ہے: (GUJ-I/II,,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

(A) ہیلوجنز (B) پیرافنز (C) اولیفنز (D) ایسٹیلینز

.14 درج ذیل میں سے کسے پیرافنز کہتے ہیں؟ (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)

(A) الکینز (B) الکینز (C) الکائنز (D) الکائنز

.15 کون سا ڈرائی کلیننگ کے لیے استعمال ہوتا ہے؟ (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)

(A) CCl_4 (B) $CHCl_3$ (C) CH_4 (D) CH_2Cl_2

.16 الکینز (Alkanes) کے نامکمل جلنے سے پیدا ہوتی ہے: (LHR-I/II,GUJ-I/II,FSD-I/II,MUL-I,SGD-II,DGK-I,SWL-I)

(A) صرف کاربن ڈائی آکسائیڈ (B) صرف کاربن مونو آکسائیڈ

(C) کاربن مونو آکسائیڈ اور کاربن بلیک (D) کاربن ڈائی آکسائیڈ اور کاربن بلیک

.17 بیوٹین کا مالیکیولر فارمولا ہے: (FSD-I/II,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

(A) C_4H_8 (B) C_4H_{10} (C) C_4H_{12} (D) C_4H_6

12.2 الکینز

.18 ان میں سے کس کو "اولی فنز" بھی کہا جاتا ہے؟ (LHR-GI,GUJ-GI)

(A) الکینز (B) الکینز (C) الکائنز (D) الکوحلز

.19 الکینز (Alkenes) کی آکسیڈیشن سے بنتا ہے: (GUJ-GI,SGD-GII,LHR-GII,FSD-GI,BWP-GI)

(A) گلائی آکسل (B) آگزالک ایسڈ (C) گلائی کول (D) فارمک ایسڈ

.20 الکینز کے ساتھ ہائیڈروجن ہیلائڈز کی ری ایکٹیویٹی کی ترتیب ہے: (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)

(A) HI > HBr (B) HBr > HI (C) HCl > HBr (D) HBr > HCl

.21 الکینز (alkenes) کو کس نام سے جانا جاتا ہے؟ (LHR-I/II,GUJ-I/II,FSD-I/II,MUL-I,SGD-II,DGK-I,SWL-I)

(A) میتھین (B) پیرافنز (C) اولی فنز (D) ایسٹیلینز

.22 ویجیٹیبل آئل کی ہائیڈروجینیشن میں کیٹالسٹ استعمال ہوتا ہے: (FSD-I/II,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

(A) Al (B) Ni (C) Co (D) Pt

12.3 الکائنز

.23 بینزین ______ کی پولیمرائزیشن سے بنتا ہے۔ (FSD-I/II,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

(A) میتھین (B) ایسٹیلین (C) ایتھین (D) بیوٹین

.24 الکائنز کا جنرل فارمولا ہے: (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)

(A) C_nH_{2n-2} (B) C_nH_{2n+2} (C) C_nH_{2n+1} (D) C_nH_{2n}

.25 الکائنز (alkynes) کا دوسرا نام ہے: (LHR-I/II,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II)

(A) اولی فنز (B) ایتھین (C) پیرافنز (D) ایسٹیلینز

.26 ایسٹیلین کی آکسیڈیشن کا آخری پروڈکٹ ہے: (GUJ-I,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II)

(A) آگزالک ایسڈ (B) گلائی کول (C) گلائی آکسل (D) ایتھین گلائی کول

.27 ایسٹیلین کی معمولی مقدار تقریباً ______ فیصد کول گیس میں پائی جاتی ہے۔ (SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

(A) 0.06 (B) 0.07 (C) 0.08 (D) 0.09

جوابات

C	10	C	9	A	8	C	7	B	6	B	5	A	4	D	3	C	2	B	1
A	20	C	19	B	18	B	17	C	16	A	15	A	14	B	13	A	12	D	11
						A	27	A	26	D	25	A	24	B	23	B	22	C	21

ALP Annual Paper 2021

مختصر سوالات

1. الکینز "پیرافنز" کیوں کہلاتی ہیں؟ (GUJ-GII,SWL-GGII,DGK-GI,FSD-GI,BWP-GI,II)

جواب: سادہ ترین ہائڈروکاربنز الکینز ہیں۔ان کمپاؤنڈز میں تمام کاربن ایٹمز کے درمیان بانڈز سنگل ہوتے ہیں جس کا مطلب ہے کہ کاربن ایٹمز سیچوریٹڈ ہوتے ہیں اس لیے یہ کم ری ایکٹو ہوتے ہیں۔اس وجہ سے الکینز پیرافنز (Paraffins) کہلاتے ہیں۔
(پیرا کا مطلب کم اور افین کا مطلب اَفینٹی یاری ایکٹیویٹی ہے۔)

2. ایتھین کے دو استعمالات تحریر کیجیے۔ (LHR-GI)(RWP-GII)(DGK-GII,SWL-GII)

جواب: ایتھین کے دو استعمالات: (i) قدرتی گیس میتھین اور ایتھین کا مکسچر ہے۔یہ گھروں میں بطور ایندھن استعمال ہوتی ہے۔
(ii) کمپریسڈ نیچرل گیس (CNG) گاڑیوں میں بطور فیول استعمال ہوتی ہے۔
(iii) یہ کاربن بلیک، میتھائل الکوحل، کاربن ٹیٹرا کلورائیڈ، فارم ایلڈی ہائڈ اور ایسٹ ایلڈی ہائڈ بنانے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

3. ایتھین کے دو استعمالات لکھیے۔ ((LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)

جواب: ایتھین کے استعمالات (uses of Ethene): (i) ایتھین پھلوں کو مصنوعی طریقے سے پکانے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔
(ii) ایتھین بے ہوش کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

4. الکینز (Alkenes) میں ہیلوجینیشن کا عمل کیسے ہوتا ہے؟ کیمیائی مساوات تحریر کریں۔ (MTN-GII,DGK-GI)

جواب: الکینز کی ہیلوجینیشن: کسی کمپاؤنڈ میں ہیلوجن کا داخل کرنا ہیلوجینیشن کہلاتا ہے۔مثلاً جب ایتھین برومین واٹر سے ری ایکٹ کرتی ہے تو برومین واٹر کا سرخ بھورا رنگ فوراً ختم ہو جاتا ہے۔اس ری ایکشن میں ایتھین کا ڈبل بانڈ سنگل بانڈ میں تبدیل ہو جاتا ہے۔یہ ری ایکشن آرگینک کمپاؤنڈ میں اَن سیچوریشن کی شناخت کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

کیمیائی مساوات:

$$\underset{\text{(ایتھین)}}{H_2C=CH_2} + Br_2 \longrightarrow \underset{Br}{\underset{|}{CH_2}} - \underset{Br}{\underset{|}{CH_2}}$$

5. کسی آرگینک کمپاؤنڈ کی اَن سیچوریشن کی پہچان کے لیے کون سا ری ایکشن استعمال کیا جاتا ہے؟ (SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: جب ایتھین (Ethene) برومین واٹر کے ساتھ ری ایکٹ کرتی ہے۔تو برومین واٹر کا سرخ بھورا رنگ فوراً ختم ہو جاتا ہے لیکن ایتھین (Ethane) برومین واٹر سے ری ایکٹ نہیں کرتی۔

$$\underset{\text{(ایتھین)}}{H_2C=CH_2} + Br_2 \longrightarrow \underset{Br}{\underset{|}{CH_2}} - \underset{Br}{\underset{|}{CH_2}}$$

$$\underset{\text{(ایتھین)}}{H_3C-CH_3} + Br_2 \longrightarrow \text{No Reaction}$$

پس کسی آرگینک کمپاؤنڈ کی اَن سیچوریشن کی پہچان کے لیے برومین واٹر کے ساتھ ری ایکشن کروایا جاتا ہے۔

6. الکینز کیوں ری ایکٹو ہوتی ہیں؟ (LHR-I/II,GUJ-I/II,FSD-I/II,MUL-I,SGD-II,DGK-I,SWL-I)

جواب: الکینز میں ڈبل بانڈ ہوتا ہے۔ڈبل بانڈ والے الیکٹرونز ری ایکشن کے لیے ہر وقت دستیاب ہوتے ہیں جب دوسرے ایٹمز الکینز میں شامل ہوتے ہیں۔تو ڈبل بانڈ سنگل بانڈ میں تبدیل ہو جاتا ہے۔اس طرح زیادہ استحکام حاصل ہوتا ہے۔یہی وجہ ہے کہ الکینز زیادہ ری ایکٹو ہیں۔

7. الکائنز کی دو طبعی خصوصیات لکھیے۔ (LHR-II,GUJ-I/II,FSD-I,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: (i) الکائنز پانی میں معمولی سولیبل ہے لیکن آرگینک سولوینٹس میں مکمل سولیبل ہے۔(بینزین، الکوحل، ایتھر وغیرہ)
(ii) تمام الکائنز آتش گیر ہیں۔وہ الکینز اور الکینز کی نسبت زیادہ دھوئیں والا شعلہ پیدا کرتی ہیں۔

.8 الکینز (alkanes) اور الکائنز (alkynes) کے جنرل فارمولے لکھیے۔ (LHR-I/II,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II)

جواب: الکینز کا جنرل فارمولا C_nH_{2n+2} اور الکائنز کا جنرل فارمولا C_2H_{2n-2} ہے۔

.9 الکائنز کو ایسیٹیلین کیوں کہا جاتا ہے؟ (GUJ-I,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II,LHR-I)

جواب: کیونکہ الکائنز سیریز کے پہلے ممبر کا نام ایسیٹیلین ہے اس لیے تمام الکائنز کو ایسیٹیلینز کہتے ہیں۔

.10 ہائیڈروکاربنز کی تعریف کریں۔ مثال دیں۔ (DGK-I)

جواب: وہ کمپاؤنڈ جو صرف کاربن اور ہائیڈروجن ایلیمنٹس سے مل کر بنتے ہیں ہائیڈروکاربنز کہلاتے ہیں۔

مثال: بیوٹین

2014 - 2020

12.1 الکینز (Alkanes)

.11 سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربن سے کیا مراد ہے؟ مثال دیجیے۔ (LHR-GI,RWP-GI,II,BWP-GI)

جواب: وہ ہائیڈروکاربنز جن میں کاربن ایٹمز کی چاروں ویلنسیز دوسرے کاربن ایٹمز کے ساتھ سنگل بانڈ بنائیں سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز کہلاتے ہیں۔ یہ الکینز کہلاتے ہیں۔ سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز کا جنرل فارمولا C_nH_{2n+2} ہے۔

مثال: میتھین
$$\begin{array}{c} H \\ | \\ H-C-H \\ | \\ H \end{array}$$

.12 سیچوریٹڈ اور ان سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز میں فرق بیان کیجیے۔ (MTN-GI,RWP-GI,LHR-GII,GUJ-GII,MTN-GI)

جواب: سیچوریٹڈ اور ان سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز میں فرق:

سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز	ان سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز
وہ ہائیڈروکاربنز جن میں کاربن ایٹمز کی چاروں ویلنسیز دوسرے کاربن ایٹمز کے ساتھ سنگل بانڈ بنائیں سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز کہلاتے ہیں۔ یہ الکینز کہلاتے ہیں۔ سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز کا جنرل فارمولا C_nH_{2n+2} ہے۔ مثال: میتھین $\begin{array}{c} H \\ \vert \\ H-C-H \\ \vert \\ H \end{array}$	وہ ہائیڈروکاربنز جن میں دو کاربن ایٹمز ایک دوسرے کے ساتھ ڈبل یا ٹرپل بانڈ کے ذریعے جڑے ہوتے ہیں ان سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز کہلاتے ہیں۔ یہ الکینز اور الکائنز کہلاتے ہیں۔ الکینز کا جنرل فارمولا C_nH_{2n} اور الکائنز کا جنرل فارمولا C_nH_{2n-2} ہے۔ مثال: ایتھین $H_2C=CH_2$ مثال: ایتھائن $CH\equiv CH$

.13 ہائیڈروکاربنز کو بنیادی آرگینک کمپاؤنڈز کیوں تصور کیا جاتا ہے؟ (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)

جواب: ہائیڈروکاربنز بنیادی آرگینک کمپاؤنڈز سمجھے جاتے ہیں کیونکہ یہ سمجھا جاتا ہے کہ دوسرے کمپاؤنڈز ان سے اخذ کیے جاتے ہیں۔ مختلف ری ایکشنز کے ذریعے سے بہت سے کمپاؤنڈز کا حصول ممکن ہے

.14 کوئی سے دو ان سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز کے نام تحریر کریں۔ (LHR-I/II,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II)

جواب: $H_2C=CH_2$ (ایتھین) $CH\equiv CH$ (ایتھائن)

.15 ایتھائن کے کنڈنسڈ اور ڈاٹ اور کراس فارمولے لکھیں۔ (GUJ-I,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II)

جواب: ایتھائن کا کنڈنسڈ فارمولا: $HC\equiv CH$

ڈاٹ اور کراس فارمولا: H ×• C ⁝⁝ C •× H

16. جنرل فارمولے کی مدد سے اَن سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز کی تعریف کیجیے۔ (GUJ-I/II,,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: اَن سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز: وہ ہائیڈروکاربنز جن میں دو کاربن ایٹمز ایک دوسرے کے ساتھ ڈبل یا ٹرپل بانڈ کے ذریعے جڑے ہوں ان سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز کہلاتے ہیں۔ وہ کمپاؤنڈز جن میں دو کاربن ڈبل بانڈ کے ذریعے جڑے ہوں الکینز کہلاتے ہیں۔ مثلاً ایتھین $CH_2 = CH_2$ وغیرہ۔ ان کا جنرل فارمولا C_nH_{2n} ہے جبکہ وہ کمپاؤنڈز جن میں دو کاربن ٹرپل بانڈ کے ذریعے جڑے ہوں الکائنز کہلاتے ہیں مثلاً ایتھائن $HC \equiv CH$ ان کا جنرل فارمولا C_nH_{2n-2} ہوتا ہے۔

17. جلنے کے عمل سے کیا مراد ہے؟ (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)

جواب: جلنے کا عمل: الکینز بہت زیادہ ہوا یا آکسیجن کی موجودگی میں جل کر کاربن ڈائی آکسائیڈ اور پانی بناتی ہیں اور اس کے ساتھ بہت زیادہ حرارت خارج ہوتی ہے یہ انتہائی ایکسوتھرمک ری ایکشن ہے اسی لیے الکینز فیول کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔

$$CH_4 + 2O_2 \longrightarrow CO_2 + 2H_2O + Heat$$

18. ہائیڈروکاربنز فیول کے طور پر کیسے استعمال ہوتے ہیں؟ (LHR-I/II,GUJ-I/II,FSD-I/II,MUL-I,SGD-II,DGK-I,SWL-I)

جواب: ہائیڈروکاربنز کا بطور فیول استعمال: ہائیڈروکاربنز بہت زیادہ ہوا یا آکسیجن کی موجودگی میں جل کر CO_2 اور H_2O بناتی ہیں اور اس کے ساتھ بہت زیادہ حرارت خارج ہوتی ہے اسی وجہ سے ہائیڈروکاربنز فیول کے طور پر استعمال ہوتے ہیں مثال کے طور پر۔

$$CH_4 + 2O_2 \longrightarrow CO_2 + 2H_2O + Heat$$

19. الکینز کی ہیلوجینیشن کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ (GUJ-I/II,,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: کسی کمپاؤنڈ میں ہیلوجن (Cl_2, Br_2, I_2) کا داخل کرنا ہیلوجینیشن کہلاتا ہے۔ مثلاً میتھین سورج کی مدھم روشنی میں کلورین سے ری ایکٹ کر کے مختلف پروڈکٹس بناتی ہے۔

$$CH_4 + Cl_2 \xrightarrow{\text{سورج کی مدھم روشنی}} CH_3Cl + HCl$$
(کلورومیتھین)

$$CH_3Cl + Cl_2 \xrightarrow{\text{سورج کی مدھم روشنی}} CH_2Cl_2 + HCl$$
(ڈائی کلورومیتھین)

$$CH_2Cl_2 + Cl_2 \xrightarrow{\text{سورج کی مدھم روشنی}} CHCl_3 + HCl$$
(ٹرائی کلورومیتھین یا کلوروفارم)

$$CHCl_3 + Cl_2 \xrightarrow{\text{سورج کی مدھم روشنی}} CCl_4 + HCl$$
(ٹیٹراکلورومیتھین یا کاربن ٹیٹراکلورائیڈ)

الکین کا ہیلوجنز کے ساتھ تاریکی (dark) میں کوئی ری ایکشن نہیں ہوتا۔ سورج کی تیز روشنی میں میتھین اور کلورین کا ری ایکشن دھماکہ خیز ہوتا ہے۔ اس میں HCl گیس اور کاربن بنتی ہے۔

$$CH_4 + Cl_2 \xrightarrow{\text{تاریکی}} \text{No Reaction}$$

$$CH_4 + 2Cl_2 \xrightarrow{\text{سورج کی تیز روشنی}} C + 4HCl$$

20. ہائیڈروجینیشن کے عمل کی تعریف کیجیے اور ایک مثال دیجیے۔ (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)

جواب: ہائیڈروجینیشن کا مطلب الکینز اور الکائنز میں ہائیڈروجن کو داخل کرنا ہے۔ الکینز اور الکائنز ان سیچوریٹڈ کمپاؤنڈز ہیں اس لیے ان میں ایٹمز کو حاصل کرنے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ یہ ری ایکشن نکل کیٹالسٹ کی موجودگی میں 250°C سے 300°C تک کیا جاتا ہے تاہم پلاٹینم یا پلاڈیم کیٹالسٹ کی موجودگی میں یہ ری ایکشن روم ٹمپریچر پر ہوتا ہے۔

$$H_2C = CH_2 + H_2 \xrightarrow[250-300^\circ C]{pd/pt} H_3C - CH_3$$

اسی طرح

$$HC \equiv CH + H_2 \xrightarrow[250-300^\circ C]{Ni} H_2C = CH_2$$

$$H_2C = CH_2 + H_2 \xrightarrow[250-300^\circ C]{Ni} H_3C - CH_3$$

21. دیے گئے ری ایکشن کو مکمل اور متوازن کیجیے۔ $HC \equiv CH + H_2 \rightarrow ?$ (SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب:

$$HC \equiv CH + H_2 \xrightarrow[250-300\,^\circ C]{Ni} H_2C = CH_2$$

$$H_2C = CH_2 + H_2 \xrightarrow[250-300\,^\circ C]{Ni} H_3C - CH_3$$

22. میتھین کے دو استعمالات تحریر کریں۔ (GUJ-I/II,,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: **میتھین استعمالات:** (i) میتھین گھروں میں بطور فیول استعمال ہوتی ہے۔

(ii) کمپریسڈ نیچرل گیس (CNG) گاڑیوں میں بطور فیول استعمال ہوتی ہے۔

12.2 الکینز (Alkenes)

23. ہر ایک کا ایک اہم استعمال لکھیے: (FSD-I/II,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

(الف) کلوروفارم **(ب)** کاربن ٹیٹرا کلورائڈ

جواب: **کلوروفارم کا استعمال:** کلوروفارم کو ربڑ اور ویکس وغیرہ کے سالوینٹ اور بے ہوش کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

کاربن ٹیٹرا کلورائیڈ کا استعمال: کاربن ٹیٹرا کلورائیڈ کو انڈسٹریل سالوینٹ اور ڈرائی کلیننگ میں استعمال کیا جاتا ہے۔

24. برومین واٹر میں ایتھین شامل کرنے سے اس کا رنگ کیوں ختم ہو جاتا ہے؟ (GUJ-I/II,,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: برومین واٹر میں ایتھین شامل کرنے سے اس کا رنگ اس لیے ختم ہو جاتا ہے کیونکہ ایتھین کا ڈبل بانڈ سنگل بانڈ میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

$$H_2C = CH_2 + Br_2 \longrightarrow Br - CH_2 - CH_2 - Br$$

یہ ری ایکشن آرگینک کمپاؤنڈز کی ان سیچوریشن کی شناخت کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

25. آپ ایتھین اور ایتھین کی شناخت کیسے کریں گے؟ (LHR-I/II,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II)

جواب: جب ایتھین (Ethene) برومین واٹر کے ساتھ ری ایکٹ کرتی ہے تو برومین واٹر کا سرخ بھورا رنگ فوراً ختم ہو جاتا ہے لیکن ایتھین (Ethane) برومین واٹر سے ری ایکٹ نہیں کرتی۔

$$\underset{\text{Ethene}}{3CH_2 = CH_2} + 2KMnO_4 + 4H_2O \rightarrow \underset{\text{ایتھین}}{3H_2\underset{OH}{\underset{|}{C}} - \underset{OH}{\underset{|}{CH_2}}} + 2MnO_2 + 2KOH$$

26. جب ایتھائل الکوحل کو سلفیورک ایسڈ کی موجودگی میں گرم کیا جائے تو کیا ہوتا ہے؟ (SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: **ایتھائل الکوحل کا سلفیورک ایسڈ کے ساتھ کیمیکل ری ایکشن:** سلفیورک ایسڈ کی موجودگی میں ایتھائل الکوحل کو گرم کرنا الکوحلز کی ڈی ہائیڈریشن کہلاتا ہے۔ الکوحلز کی ڈی ہائیڈریشن دو مراحل میں ہوتی ہے۔ پہلے مرحلے میں جب الکوحل کو سلفیورک ایسڈ کے ساتھ 180°C پر گرم کیا جاتا ہے تو ایتھائل ہائیڈروجن سلفیٹ بنتا ہے۔ دوسرے مرحلے میں ایتھین بنتی ہے۔ ان کی کیمیائی مساواتیں درج ذیل ہیں:

$$CH_3CH_2OH + H_2SO_4 \xrightarrow{180^\circ C} CH_3CH_2OS_3H + H_2O$$

$$CH_3CH_2OS_3H \xrightarrow{\text{حرارت}} H_2C = CH_2 + H_2SO_4$$

27. الکینز کی طبعی خصوصیات لکھیں۔ (DGK-GI,DGK-GII,SWL-GII)

جواب: **الکینز کی طبعی خصوصیات:** (i) الکینز کا پہلا ممبر ایتھین ہے۔ یہ خوشگوار خوشبو کے ساتھ بے رنگ گیس ہے۔

(ii) الکینز نان پولر ہوتے ہیں اس لیے پانی میں حل نہیں ہوتے جبکہ آرگینک سولوینٹس میں حل ہوتے ہیں۔

28. الکینز کے دو وقوع بیان کیجیے۔ (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)

جواب: **الکینز کا وقوع:** (i) الکینز بہت زیادہ ری ایکٹو ہیں اس لیے بہت کم آزاد حالت میں پائی جاتی ہیں۔

(ii) لوئر الکینز کی بہت کم مقدار کول گیس میں موجود ہوتی ہے۔

.29 آئل کو گھی میں تبدیل کرنے کی مساوات لکھیے۔ (LHR-II,GUJ-I/II,FSD-I,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: ویجیٹیبل آئل $+ H_2 \xrightarrow[250-300^\circ C]{Ni}$ ویجیٹیبل گھی

12.3 الکائنز

.30 الکینز (alkenes) اور الکائنز (alkynes) میں فرق بیان کیجئے۔ (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)

جواب: (a) **الکینز (Alkenes):** وہ ہائیڈروکاربنز جن میں دو کاربن ایٹمز ایک دوسرے کے ساتھ مل کر ڈبل بانڈ کے ذریعے جڑے ہوں انہیں الکینز کہتے ہیں۔

مثلاً: $H_2C=CH_2$ (ایتھین)(Ethene) $H_3C-CH=CH_2$ (پروپین)(Propene)

الکینز کا جنرل فارمولا C_nH_{2n} ہے اور فنکشنل گروپ $>C=C<$ ہے۔

(b) **الکائنز (Alkynes):** وہ ہائیڈروکاربنز جن میں دو کاربن ایٹمز ایک دوسرے کے ساتھ مل کر ٹرپل بانڈ کے ذریعے جڑے ہوئے ہوں انہیں الکائنز کہتے ہیں۔ مثلاً:

$HC\equiv CH$ (ایتھائن)(Ethyne) $H_3C-C\equiv CH$ (پروپائن)(Propyne)

الکائنز کا جنرل فارمولا C_nH_{2n-2} اور ان کا فنکشنل گروپ $-C\equiv C-$ ہے۔

.31 ایتھائن کا مالیکیولر اور سٹرکچرل فارمولا لکھیے۔ (LHR-I/II,GUJ-I/II,FSD-I/II,MUL-I,SGD-II,DGK-I,SWL-I)

جواب: ایتھائن کا مالیکیولر فارمولا: C_2H_2 ایتھائن کا سٹرکچرل فارمولا: $H-C\equiv C-H$

.32 آگزالک ایسڈ کا فارمولا کیا ہے؟ BWP-GII,SGD-GI

جواب: آگزالک ایسڈ کا فارمولا: $HO-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-OH$

.33 ٹیٹرا کلورو ایتھین سے ایسیٹیلین تیار کیجئے۔ (FSD-I/II,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: ٹیٹرا کلورو ایتھین سے ایسیٹیلین تیار کرنا: جب الکائل ٹیٹرا ہیلائیڈ کو زنک ڈسٹ کے ساتھ گرم کرتے ہیں تو ایسیٹیلین تیار ہوتی ہے۔ اس ری ایکشن میں چاروں ہائیڈروجن ایٹمز خارج ہو کر دونوں کاربنز کے درمیان ٹرپل بانڈ بناتے ہیں جس کی مساوات درج ذیل ہے:

$$H-CCl_2-CCl_2-H + 2Zn \xrightarrow{\text{حرارت}} HC\equiv CH + 2ZnCl_2$$

.34 ایسیٹیلین کے دو استعمالات تحریر کیجئے۔ (MTN-GII,DGK-GI,GUJ-GII)

جواب: ایسیٹیلین کے استعمالات: (i) ایسیٹیلین آکسیجن کے ساتھ مل کر آکسی ایسیٹیلین شعلہ بناتی ہے۔ یہ انتہائی ایکسوتھرمک ری ایکشن ہے اس سے خارج ہونے والی حرارت ویلڈنگ کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ (ii) یہ پھلوں کو پکانے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

.35 ویسینل ڈائی ہیلائڈز کی ڈی ہائیڈرو ہیلوجینیشن سے الکائنز کیسے تیار ہوتی ہیں؟ (LHR-I/II,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II)

جواب: ویسینل ڈائی ہیلائڈ کی ڈی ہائیڈرو ہیلوجینیشن ویسینل ڈائی ہیلائڈ کو الکوحلک KOH کے ساتھ گرم کرتے ہیں تو ایسیٹیلین حاصل ہوتی ہے۔ اس ری ایکشن میں دو متصل (adjacent) کاربن ایٹمز سے دو ہائیڈروجن ایٹمز اور دو ہیلوجن ایٹمز خارج ہو جاتے ہیں اور کاربن ایٹمز کے درمیان ٹرپل بانڈ بن جاتا ہے۔

$$H-CH(Cl)-CH(Cl)-H + 2KOH \xrightarrow[100^\circ C]{\text{الکوحل}} HC\equiv CH + 2KCl + 2H_2O$$

(ویسینل ڈائی ہیلائڈ) (ایسیٹیلین)

36. آگزالک ایسڈ اور کاربن ٹیٹرا کلورائیڈ کے فارمولے لکھیے۔ (GUJ-I/II,,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: آگزالک ایسڈ:

$$HO-\overset{O}{\overset{||}{C}}-\overset{O}{\overset{||}{C}}-OH$$

کاربن ٹیٹرا کلورائیڈ: $CC\ell_4$

37. الکینز (Alkenes) اور الکائنز (Alkynes) میں کون سے فنکشنل گروپس موجود ہوتے ہیں؟ (SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: (a) الکینز (Alkenes): وہ ہائیڈروکاربنز جن میں دو کاربن ایٹمز ایک دوسرے کے ساتھ مل کر ڈبل بانڈ کے ذریعے جڑے ہوں انہیں الکینز کہتے ہیں۔

مثلاً: $H_2C=CH_2$ (ایتھین)(Ethene) $H_3C-CH=CH_2$ (پروپین)(Propene)

الکینز کا جنرل فارمولا C_nH_{2n} ہے اور فنکشنل گروپ $>C=C<$ ہے۔

(b) الکائنز (Alkynes): وہ ہائیڈروکاربنز جن میں دو کاربن ایٹمز ایک دوسرے کے ساتھ مل کر ٹرپل بانڈ کے ذریعے جڑے ہوئے ہوں انہیں الکائنز کہتے ہیں۔ مثلاً:

$HC\equiv CH$ (ایتھائن)(Ethyne) $H_3C-C\equiv CH$ (پروپائن)(Propyne)

الکائنز کا جنرل فارمولا C_nH_{2n-2} اور ان کا فنکشنل گروپ $-C\equiv C-$ ہے۔

38. ایتھائن کا مالیکیولر اور سٹرکچرل فارمولا تحریر کیجیے۔ (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)

جواب: ایتھائن کا مالیکیولر فارمولا: C_2H_2

ایتھائن کا سٹرکچرل فارمولا: $H-C\equiv C-H$

39. دیے گئے ری ایکشن کو مکمل کیجیے: (LHR-I/II,GUJ-I/II,FSD-I/II,MUL-I,SGD-II,DGK-I,SWL-I)

$$H_2C=CH_2+2Br_2\longrightarrow ?$$

جواب:

$$HC=CH+2Br_2\longrightarrow H-\underset{Br}{\overset{Br}{C}}-\underset{Br}{\overset{Br}{C}}-H$$

40. سادہ ترین الکائن کا نام اور مالیکیولر فارمولا لکھیے۔ (FSD-I/II,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: سادہ ترین الکائن ایسٹیلین ہے جس کا مالیکیولر فارمولا C_2H_2 ہے۔

41: ایسٹیلین اور کلوروفارم کا ایک ایک استعمال لکھیں۔ (GUJ-I/II,,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: ایسٹیلین کا استعمال: ایسٹیلین آکسیجن کے ساتھ مل کر آکسی ایسٹیلین شعلہ بناتی ہے اس سے خارج ہونے والی حرارت ویلڈنگ کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

کلوروفارم کا استعمال: کلوروفارم کو رَبڑ اور ویکسز وغیرہ کے سولوینٹ اور بے ہوش کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

42. مندرجہ ذیل کا سٹرکچر فارمولے لکھیں۔ (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)

(الف) گلائی آکسل (ب) آگزالک ایسڈ

جواب: (الف) گلائی آکسل

$$H-\overset{O}{\overset{||}{C}}-\overset{O}{\overset{||}{C}}-H$$

(ب) آگزالک ایسڈ

$$HO-\overset{O}{\overset{||}{C}}-\overset{O}{\overset{||}{C}}-OH$$

43. آگزالک ایسڈ کا فارمولا لکھیے۔ (LHR-I/II,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II)

جواب: آگزالک ایسڈ کا فارمولا:

$$HO-\overset{O}{\overset{||}{C}}-\overset{O}{\overset{||}{C}}-OH$$

مشقی سوالات کا حل

Multiple Choice Questions کثیر الانتخابی سوالات

1. ان ہائیڈروکاربن مالیکیولز میں سے کونسا برومین کے ایکوئس سلوشن پر کوئی اثر نہیں کرے گا؟ (MLT-I)(ALP)

(A) CH_4 (B) $C_{10}H_{20}$ (C) C_2H_4 (D) C_2H_2

2. اگر ایک آرگینک کمپاؤنڈ 4 کاربن ایٹمز رکھتا ہو اور اس میں تمام بانڈز سنگل ہوں تو یہ مندرجہ ذیل میں سے کون سی خصوصیت نہیں رکھے گا؟

(A) یہ سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربن ہوگا (B) اس میں 8 ہائیڈروجن ایٹم ہوں گے

(C) اس کا نام n بیوٹین ہوگا (D) یہ کیمری ایکٹو ہوگا

3. الکائل ہیلائیڈز کی ری ڈکشن مندرجہ ذیل میں سے کس کی موجودگی میں ہوتی ہے؟ (DGK-II,MLT-I,LHR-I)(ALP)

(A) Zn / HCl (B) Na / HCl (C) Mg / HCl (D) Cu / HCl

4. میتھین کی ہیلوجینیشن سے مندرجہ ذیل میں سے کون سا کمپاؤنڈ نہیں بنتا۔ (SWL-I)(ALP)

(A) کاربن ٹیٹراکلورائڈ (B) کلوروفام (C) کاربن بلیک (D) کلورومیتھین

5. الکینز کے نامکمل جلنے سے پیدا ہوتی ہے۔

(A) صرف کاربن ڈائی آکسائیڈ (B) صرف کاربن مونو آکسائیڈ

(C) کاربن مونو آکسائیڈ اور کاربن بلیک (D) کاربن ڈائی آکسائیڈ اور کاربن بلیک

6. الکینز کو الکوحلو سے کس پروسس کے تحت تیار کیا جاتا ہے؟ (MLT-II,FSD-I,LHR-I)(ALP)

(A) ڈی ہائڈروجینیشن (B) ڈی ہیلوجینیشن (C) ڈی ہائڈریشن (D) ڈی ہائیڈروہیلوجینیشن

7. ڈی ہائڈروہیلوجینیشن مندرجہ ذیل میں سے کس کی موجودگی میں ہوتی ہے؟ (DGK-I,MLT-II)(ALP)

(A) ایکوئس NaOH (B) الکوحلک KOH (C) ایکوئس KOH (D) الکوحلک NaOH

8. ایتھین کی $KMnO_4$ کے ساتھ آکسیڈیشن سے کون سا کمپاؤنڈ بنتا ہے؟ (DGK-II,BWP-I)(ALP)

(A) آگزالک ایسڈ (B) گلائی آکسل (C) ایتھین گلائی کول (D) پروپین گلائی کول

9. ان میں سے کونسا سیچوریٹڈ ہائڈروکاربن ہے؟

(A) C_2H_4 (B) C_3H_6 (C) C_4H_8 (D) C_5H_{12}

10. ایک ہائیڈروکاربن کا مالیکیولر فارمولہ C_8H_{14} ہے۔ اسی ہومولوگس سیریز کے اگلے ممبر کا مالیکیولر فارمولہ کیا ہوگا؟

(A) C_9H_{18} (B) C_9H_{16} (C) C_9H_{20} (D) C_9H_{12}

11. الکین ہائڈروکاربنز کے پہلے تین ممبرز کے مالیکیولر فارمولاز CH_4, C_2H_6 اور C_3H_8 ہیں۔ آٹھویں الکین ممبر، آکٹین کا مالیکیولر فارمولا کیا ہوگا۔ جو کہ پٹرول میں پایا جاتا ہے۔

(A) C_8H_8 (B) C_8H_{16} (C) C_8H_{18} (D) C_8H_{20}

12. ہائڈروکاربن 'X' کے ایک مول کے ساتھ ہائڈروجن کا ایک مول ری ایکٹ کر کے سیچوریٹڈ ہائڈروکاربن بن جاتا ہے۔ X کا فارمولا کیا ہوگا؟ (SRG-II)(ALP)

(A) C_3H_8 (B) C_6H_{12} (C) C_4H_{10} (D) C_7H_{16}

13. الکوحلو کی ڈی ہائڈریشن مندرجہ ذیل میں سے کس کے ساتھ کی جا سکتی ہے؟ (SRG-II,GUJ-I)(ALP)

(A) NaOH (B) KOH (C) H_2SO_4 (D) HCl

14. ایسٹیلین کی آکسیڈیشن کا آخری پروڈکٹ کونسا ہے؟ (BWP-II,RWP-I,SWL-I,DGK-I,FSD-I)(ALP)

(A) آگزالک ایسڈ (B) گلائی کول (C) گلائی آکسل (D) ان میں سے کوئی نہیں

15. ٹیٹرا ہیلائیڈز کی ڈی ہیلوجینیشن سے ایسٹیلین بنتی ہے۔ یہ ری ایکشن مندرجہ ذیل میں سے کس کی موجودگی میں ہوتا ہے۔

(A) سوڈیم میٹل (B) زنک میٹل (C) میگنیشیم میٹل (D) پوٹاشیم میٹل

16. تبادلے کا (Substitution) ری ایکشن درج ذیل میں سے کس کی خصوصیت ہے؟ (BWP-I/II,RWP-I/II)(ALP)

(A) الکینز کا (B) الکینز کا (C) الکائنز کا (D) ان میں سے کسی کا نہیں

.17 سورج کی مدھم روشنی کی موجودگی میں میتھین کی ہیلوجینیشن کس طرح ہوتی ہے؟

(A) اچانک صرف ایک مرحلے میں (B) ایک مرحلے میں آہستگی سے

(C) چار مراحل کی سیریز میں (D) تیزی سے دو مراحل میں

.18 مندرجہ ذیل میں سے کونسا تبادلے کا(substitution) ری ایکشن ہے؟

(A) الکانز کی ہیلوجینیشن (B) الکینز کی ہیلوجینیشن (C) الکینز کی ہیلوجینیشن (D) الکینز کی برومینیشن

.19 الکینز کے ساتھ ہائیڈروجن ہیلائیڈز کی ری ایکٹیوٹی کی ترتیب ہے۔

(A) HI > HBr (B) HBr > HI (C) HCl > HBr (D) HBr < HCl

.20 الکینز کی آکسیڈیشن سے بنتا ہے۔

(A) گلائی آکسل (B) گلائی کول (C) آگزالک ایسڈ (D) فارمک ایسڈ

جوابات:(کثیر الانتخابی سوالات)

B	10	D	9	C	8	B	7	C	6	C	5	C	4	A	3	B	2	A	1
B	20	A	19	C	18	C	17	A	16	B	15	A	14	C	13	B	12	C	11

Short Questions مختصر سوالات

.1 سچوریٹڈ اور ان سچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز میں فرق بیان کریں۔

جواب: (i) سچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز (Satuarted Hydrocarbons): وہ ہائیڈروکاربنز جن میں تمام کاربن ایٹمز ایک دوسرے کے ساتھ سنگل کوویلینٹ بانڈ کے ذریعے جڑے ہوئے ہوں انہیں سچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز کہتے ہیں۔ سچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز کو الکینز بھی کہتے ہیں۔ مثلاً میتھین (CH_4) ، ایتھین (C_2H_6) وغیرہ سچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز کا جنرل فارمولا C_nH_{2n+2} ہے۔

(ii) ان سچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز (Un-saturated Hydrocarbon): وہ ہائیڈروکاربنز جن میں دو کاربن ایٹمز ایک دوسرے کے ساتھ ڈبل یا ٹرپل بانڈ کے ذریعے جڑے ہوں انہیں ان سچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز کہتے ہیں۔

مثلاً $CH_2 = CH_2$ (ایتھین) $CH \equiv CH$ (ایتھائن)

ان سچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز کی دو اقسام ہیں۔ (a) الکینز (Alkenes) (b) الکائنز (Alkynes)

.2 ایک کمپاؤنڈ چار کاربن ایٹمز پر مشتمل ہے جن میں ایک ٹرپل بانڈ ہے۔ اس میں کتنے ہائیڈروجن ایٹمز موجود ہوں گے؟

جواب: اس کمپاؤنڈ میں 6 ہائیڈروجن ایٹمز موجود ہوں گے اس کمپاؤنڈ کا فارمولا C_4H_6 ہے۔ $H_3C - C \equiv C - CH_3$

.3 الکینز "پیرافنز" کیوں کہلاتی ہیں؟

جواب: کیونکہ الکینز میں تمام کاربن ایٹمز سچوریٹڈ ہوتے ہیں اور ان کے درمیان سنگل بانڈ ہوتا ہے۔ اس لیے یہ کم ری ایکٹو ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ الکینز کو پیرافنز بھی کہتے ہیں۔ پیرا کا مطلب ہے کم اور افین کا مطلب افینٹی یا ری ایکٹویٹی۔

(DGK-I,SRG-II)(ALP)

.4 الکینز کی ہائیڈروجینیشن کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: الکینز کی ہائیڈروجینیشن: کسی کمپاؤنڈ میں ہائیڈروجن کا داخل کرنا ہائیڈروجینیشن کہلاتا ہے۔ یا کسی ان سچوریٹڈ کمپاؤنڈ میں کیٹالسٹ کی موجودگی میں ہائیڈروجینیشن سے ایتھین بنتی ہے۔

$$CH_2 = CH_2 + H_2 \xrightarrow{Ni} CH_3 - CH_3$$

ویجیٹیبل آئل کی ہائیڈروجینیشن کر کے بناسپتی گھی تیار کیا جاتا ہے۔

آئل $+ H_2 \longrightarrow$ بناسپتی گھی

(BWP-II,SWL-I,MLT-II,RWP-I,LHR-I)(ALP)

.5 الکائل ہیلائیڈز کو کیسے ریڈیوس کیا جاتا ہے؟

جواب: ریڈکشن کا مطلب نوزائیدہ ہائیڈروجن شامل کرنا ہے۔ اصل میں یہ ایک ہیلوجن ایٹم کا ہائیڈروجن ایٹم کے ساتھ تبادلہ ہے۔ یہ ری ایکشن Zn میٹل اور HCl کی موجودگی میں ہوتا ہے۔

$$CH_3Br + 2[H] \xrightarrow{Zndil/HCl} CH_4 + HBr$$

$$CH_3CH_2Br + 2[H] \xrightarrow{Zn/dilHCl} CH_3 - CH_3 - HBr$$

6. الکینز کو فیول کے طور پر کیوں استعمال کیا جاتا ہے؟

جواب: جب الکینز ہوا میں جلتے ہیں تو پانی اور کاربن ڈائی آکسائیڈ پیدا ہوتے ہیں یہ بہت ایکسوتھرمک ری ایکشن ہے۔اس میں بہت سی حرارت خارج ہوتی ہے۔یہ حرارت گھریلو،ٹرانسپورٹ اور انڈسٹری میں استعمال کی جاتی ہے۔یہی وجہ ہے کہ الکینز فیول کے طور پر استعمال ہوتے ہیں مثلاً میتھین کا جلنا۔

$$CH_4 + 2O_2 \longrightarrow CO_2 + 2H_2O + heat$$

7. الکوحل اور ایتھائل برومائڈ سے آپ ایتھین کیسے تیار کر سکتے ہیں؟

جواب: الکوحل کی ڈی ہائڈریشن: ڈی ہائڈریشن سے مراد پانی کا اخراج ہے۔ایتھانول اور کنسنٹریٹڈ سلفیورک ایسڈ کے مکسچر کو 180°C پر گرم کرکے ایتھین تیار کی جاتی ہے۔پہلے مرحلے میں ایتھائل ہائڈروجن سلفیٹ بنتا ہے جو گرم کرنے سے ڈی کمپوز ہو کر ایتھین بناتا ہے جسے پانی کے اوپر جمع کیا جاتا ہے۔

$$CH_3 - CH_2OH + H_2SO_4 \xrightarrow{180°C} CH_3CH_2 - OSO_3H + H_2O$$

$$CH_3 - CH_2OSO_3H \longrightarrow H_2C = CH_2 + H_2SO_4$$

ایتھائل برومائیڈ کو الکوحلک KOH کے ساتھ گرم کرنے سے ایتھین بنتی ہے۔دو متصل کاربن ایٹمز سے ہائڈروجن اور ہیلوجن کا اخراج ہوتا ہے اور ڈبل بانڈ بنتا ہے۔

$$H_3C - CH_2 - Br + KOH \longrightarrow H_2C = CH_2 + KBr + H_2O$$

8. ایک کیمیکل ٹیسٹ کے ذریعے پروپین اور پروپین کی شناخت کریں۔

جواب: جب پروپین (Propene) برومین واٹر کے ساتھ ری ایکٹ کرتی ہے۔تو برومین واٹر کا سرخ بھورا رنگ فوراً ختم ہو جاتا ہے۔لیکن پروپین (Propane) برومین واٹر سے ری ایکٹ نہیں کرتی۔

$$CH_2 = CH - CH_3 + Br_2 \longrightarrow \underset{Br}{CH_2} - \underset{Br}{CH} - CH_3$$

(پروپین) (2،1 ڈائی برومو پروپین)

$$CH_3 - CH_2 - CH_3 + Br_2 \longrightarrow No\ Reaction$$

(پروپین)

9. الکینز کیوں "اولی فنز" کہلاتی ہیں؟ (DGK-I)(ALP)

جواب: اولی فنز (olefins) ایک لاطینی لفظ ہے جس کا مطلب ہے آئل بنانے والے۔اور الکینز اولی فنز اس لیے کہلاتے ہیں کیونکہ اس کے پہلے والے ممبرز جب ہیلوجنز کے ساتھ ری ایکشن کرتے ہیں تو آئلی پروڈکٹس بناتے ہیں۔

10. $KMnO_4$ سلوشن کے ساتھ الکین کو کیوں آکسیڈائز نہیں کیا جا سکتا؟ (DGK-I)(ALP)

جواب: $KMnO_4$ صرف اُن آرگینک کمپاؤنڈز کو آکسیڈائز کرتا ہے۔جن میں ڈبل یا ٹرپل بانڈ ہوتا ہے۔کیونکہ الکینز میں کوئی ڈبل یا ٹرپل بانڈ نہیں ہوتا اس لیے $KMnO_4$ سلوشن انہیں آکسیڈائز نہیں کر سکتا۔

11. ایڈیشن ری ایکشنز کیا ہیں؟ مثال سے وضاحت کریں۔ (MLT-I,BWP-I,GUJ-I)(ALP)

جواب: ایڈیشن ری ایکشن: وہ ری ایکشنز جن میں اَن سیچوریٹڈ کمپاؤنڈز میں چند ریجنٹس جیسا کہ Cl_2, H_2 وغیرہ شامل کرنے سے پروڈکٹس بنتی ہیں ایڈیشن ری ایکشنز کہلاتے ہیں۔مثال کے طور پر ایتھین میں ہائیڈروجن Ni کیٹالسٹ کی موجودگی میں داخل ہوتی ہے۔

$$CH_2 = CH_2 + H_2 \xrightarrow{Ni} H_3C - CH_3$$

12. جواز پیش کریں کہ الکینز تبادلے کے (Substitution) ری ایکشنز دیتی ہیں۔

جواب: کیونکہ الکینز میں سارے کاربن ایٹمز سیچوریٹڈ ہوتے ہیں یا کاربن ایٹم کی ویلنسی چار سنگل بانڈز کے ذریعے پوری ہوتی ہے۔اس لیے الکینز صرف تبادلے کے ری ایکشنز دیتے ہیں۔جب کسی الکین میں سے ایک یا ایک سے زیادہ H-ایٹمز نکل کر نئے ایٹمز لگ جاتے ہیں تو اسے تبادلے کا ری ایکشن کہتے ہیں۔

13. الکینز اور الکائنز دونوں اَن سیچوریٹڈ ہائڈروکاربنز ہیں۔ان دونوں کے درمیان سب سے اہم فرق بیان کریں۔

جواب: الکینز کا فنکشنل گروپ $>C = C<$ ہے مثلاً $CH_2 = CH_2$ (ایتھین)۔اس میں ایک کمزور بانڈ اور دوسرا مضبوط بانڈ ہوتا ہے۔

الکائنز کا فنکشنل گروپ $-C \equiv C-$ ہے مثلاً $CH \equiv CH$ (ایتھائن)۔اس میں دو بانڈز کمزور اور ایک بانڈ مضبوط ہوتا ہے۔

14. ایتھائن کا مالیکیولر، سٹرکچرل اور ڈاٹ کراس فارمولا لکھیں۔

جواب: ایتھائن کا مالیکیولر فارمولا C_2H_2 ہے۔ ایتھائن کا سٹرکچرل فارمولا $H - C \equiv C - H$ ہے۔

ایتھائن کا ڈاٹ کراس فارمولا $H \cdot\times C :: C \times\cdot H$ ہے۔

.15 ہائیڈروکاربنز آرگینک سولوینٹس میں کیوں سولیبل ہیں؟

جواب: ہائیڈروکاربنز نان پولر کمپاؤنڈز ہیں اس لیے وہ نان پولر سولوینٹس (آرگینک سولوینٹس) میں سولیبل ہیں۔
مثلاً بینزین پانی میں سولیبل نہیں ہے۔لیکن ٹولین (Toluene) میں سولیبل ہے۔

.16 الکینز کی طبعی خصوصیات لکھیں۔

جواب: **الکینز کی طبعی خصوصیات:** (i) پہلی پانچ الکینز $(C_1 - C_5)$ گیسز ہیں۔اگلی پانچ مائع ہیں۔اور اس سے بڑی الکینز ٹھوس ہیں۔
(ii) الکینز پانی میں ان سولیبل اور آرگینک سولوینٹ میں سولیبل ہیں۔ (iii) الکینز کا مالیکولر سائز بڑھنے سے اُن کی ڈینسٹی میں اضافہ ہوتا ہے۔
(iv) الکینز کا مالیکولر سائز بڑھنے سے اُن کے میلٹنگ اور بوائلنگ پوائنٹس میں اضافہ ہوتا ہے۔
(v) الکینز کا مالیکولر سائز بڑھنے سے وہ زیادہ وِسکس (گاڑھے، Viscous) ہوتے جاتے ہیں۔

.17 آپ ایتھین اور ایتھین کی شناخت کیسے کرسکتے ہیں؟

جواب: جب ایتھین (Ethene) برومین واٹر کے ساتھ ری ایکٹ کرتی ہے۔تو برومین واٹر کا سرخ بھورا رنگ فوراً ختم ہو جاتا ہے لیکن ایتھین (Ethane) برومین واٹر سے ریکٹ نہیں کرتی۔

$$\underset{\text{(ایتھین)}}{CH_2 = CH_2} + Br_2 \longrightarrow \underset{Br}{\underset{|}{CH_2}} - \underset{Br}{\underset{|}{CH_2}}$$

$$\underset{\text{(ایتھین)}}{CH_3 - CH_3} + Br_2 \longrightarrow \text{No Reaction}$$

.18 برومین واٹر میں ایتھین شامل کرنے سے اس کا رنگ کیوں ختم ہو جاتا ہے؟

جواب: جب ایتھین برومین واٹر کے ساتھ ری ایکٹ کرتی ہے تو برومین واٹر کا سرخ بھورا رنگ فوراً ختم ہو جاتا ہے کیونکہ اس ری ایکشن میں ایتھین کا ڈبل بانڈ سنگل بانڈ میں تبدیل ہو کر ڈائی بروموایتھین کمپاؤنڈ بنا دیتا ہے جو کہ ایک بے رنگ کمپاؤنڈ ہے۔

$$\underset{\text{(ایتھین)}}{CH_2 = CH_2} + \underset{\text{سرخ}}{Br_2} \longrightarrow \underset{\text{بے رنگ}}{\underset{\text{ڈائی بروموایتھین}}{\underset{Br}{\underset{|}{CH_2}} - \underset{Br}{\underset{|}{CH_2}}}}$$

.19 ہر ایک کا ایک اہم استعمال لکھیں۔

(i) ایتھین (ii) ایسٹی لین (iii) کلوروفام (iv) کاربن ٹیٹرا کلورائیڈ

جواب: (i) **ایتھین:** ایتھین پھلوں کو پکانے میں استعمال ہوتا ہے۔
(ii) **ایسٹیلین:** آکسی ایسٹیلین شعلہ ویلڈنگ میں استعمال ہوتا ہے۔
(iii) **کلوروفام:** کلوروفام بے ہوش کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔
(iv) **کاربن ٹیٹرا کلورائیڈ:** کاربن ٹیٹرا کلورائیڈ انڈسٹریل سالوینٹ کے طور پر اور ڈرائی کلیننگ میں استعمال ہوتا ہے۔

Long Questions انشائیہ طرز سوالات

[RWP-GI-21](ALP)

.1 الکائنز کی تیاری پر نوٹ لکھیے۔

34. اوزون کہاں پائی جاتی ہے؟

جواب: اوزون لیئر (Ozone Layer): زمین سے 25 تا 30 کلومیٹر بلند سٹریٹوسفیئر کے درمیان میں اوزون کی زیادہ کنسنٹریشن (مقدار) والا ایریا موجود ہے اسے اوزون لیئر کہتے ہیں۔ اوزون درج ذیل ری ایکشن سے بنتی ہے۔

$$O_{2(g)} + O_{(g)} \xrightarrow{\text{(U.V شعاعیں)}} \underset{\text{(اوزون)}}{O_{3(g)}}$$

(GUJ-GI,MTN-GI,BWP-GI,II,LHR-GII,FSD-GI)

35. اوزون کے خاتمے کے دو اہم اثرات لکھیے۔

جواب: اوزون کے خاتمے کے اثرات: (i) اوزون کے خاتمے سے سورج سے آنے والی نقصان دہ الٹراوائلٹ شعاعیں زمین تک پہنچ جاتی ہیں۔ اس سے انسانوں اور دوسرے جانوروں میں جلد کا کینسر پیدا ہوتا ہے۔ (ii) اوزون کے خاتمے سے متعدی بیماریوں (مثلاً ملیریا) میں اضافہ ہو جائے گا۔

[DGK-II,SGD-I,BWP-I/II,SWL-I]

36. اوزون کیوں انسانوں کے لیے اہم ہے؟

جواب: اوزون سورج سے آنے والی نقصان دہ الٹراوائلٹ شعاعوں کو جذب کرتی ہے۔ یہ الٹراوائلٹ شعاعیں انسانوں اور جانوروں میں جلد کا کینسر پیدا کرتی ہیں۔ پس اوزون انسانوں اور جانوروں کی زندگی کے لیے مفید ہے۔

[RWP-II,DGK-I,SGD-II]

37. اوزون اور اوزون ہول کی تعریف کیجیے۔

جواب: اوزون تین آکسیجن ایٹمز پر مشتمل آکسیجن کی ایلوٹروپک قسم ہے۔ یہ اٹموسفیئر کے درمیانی حصہ میں ایک آکسیجن ایٹم اور ایک آکسیجن مالیکیول کے ملاپ سے بنتی ہے۔

$$O_{(g)} + O_{2(g)} \xrightarrow{U.V} O_{3(g)}$$

اوزون پورے اٹموسفیئر میں موجود ہے لیکن اس کی سب سے زیادہ کنسنٹریشن والا ایریا اوزون لیئر کہلاتا ہے۔ جو کہ زمین کی سطح سے 25 سے 30 کلومیٹر بلند سٹریٹوسفیئر ریجن میں موجود ہے۔

اوزون ہول (Ozone Hole): کلورین کا ایک فری ریڈیکل اوزون کے کئی لاکھ مالیکیولز تباہ کر سکتا ہے۔ وہ ریجن جہاں اوزون ختم ہو جاتی ہے اسے اوزون ہول کہتے ہیں۔ سب سے پہلے 1980ء میں انٹارکٹکا (Antarctica) پر اوزون ہول دریافت ہوا۔ 1990ء میں آرکٹک (Arctic) کے اوپر بھی اوزون ہولز دریافت ہوئے۔

[LHR-II,SGD-II,MTN-I/II,DGK-I]

38. کلوروفلوروکاربن سے اوزون لیئر کو کیسے نقصان پہنچتا ہے؟

جواب: اوزون کی زیادہ تباہی کلوروفلوروکاربنز (CFCs) کی وجہ سے ہوتی ہے۔ کلوروفلوروکاربنز ریفریجریٹر اور ایئر کنڈیشنز میں ٹھنڈک پیدا کرنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ یہ کمپاؤنڈز کسی نہ کسی طرح لیک (Leak) ہو کر سٹریٹوسفیئر میں داخل ہو جاتے ہیں۔ جب الٹراوائلٹ شعاعیں کلوروفلوروکاربنز پر پڑتی

ہیں تو کلورین کے فری ریڈیکلز بنتے ہیں۔ کلورین کے فری ریڈیکلز اوزون کے ساتھ ری ایکٹ کرکے آکسیجن بناتے ہیں۔ اس طرح اوزون ختم ہوتی جاتی ہے۔

$$CFC\ell_3 \xrightarrow{uv} CFC\ell_2 + \dot{C}\ell$$

$$O_{3(g)} + \dot{C}\ell \longrightarrow O_{2(g)} + OC\ell^{\cdot}$$

$$OC\ell^{\cdot} \longrightarrow O^{\cdot} + C\ell^{-}$$

$$O^{\cdot} + O^{\cdot} \longrightarrow O_{2(g)}$$

مشقی سوالات کا حل

Multiple Choice Questions کثیر الانتخابی سوالات

.1 اٹموسفیئر ماس کا تقریباً 99 فیصد کس میں موجود ہے؟ (RWP-I)(ALP)

(A) 30 کلومیٹر (B) 35 کلومیٹر (C) 15 کلومیٹر (D) 11 کلومیٹر

.2 ٹمپریچر میں تبدیلی کی بنا پر اٹموسفیئر کو کتنے ریجنز میں تقسیم کیا گیا ہے؟

(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

.3 زمین کی سطح کے بالکل اوپر کون سا سفیئر ہے؟ (DGK-II,MLT-I,SRG-II,LHR-I)(ALP)

(A) میسوسفیئر (B) سٹریٹوسفیئر (C) تھرموسفیئر (D) ٹروپوسفیئر

.4 اٹموسفیرک ٹمپریچر کو برقرار رکھنے والی گیسز گروپ کون سا ہے؟

(A) کاربن ڈائی آکسائیڈ اور پانی کے بخارات (B) نائٹروجن اور کاربن ڈائی آکسائیڈ

(C) آکسیجن اور پانی کے بخارات (D) نائٹروجن اور آکسیجن

.5 زمین کا اٹموسفیئر کس کی وجہ سے مزید گرم ہو رہا ہے؟ (SWL-I)(ALP)

(A) CO کی کنسنٹریشن میں اضافے (B) CO_2 کی کنسنٹریشن میں اضافے

(C) O_3 کی کنسنٹریشن میں اضافے (D) SO_2 کی کنسنٹریشن میں اضافے

.6 مندرجہ ذیل میں سے کونسا گرین ہاؤس اثر کا ایفیکٹ نہیں ہے؟

(A) اٹموسفیرک ٹمپریچر میں اضافہ (B) فوڈ چینز میں اضافہ

(C) سیلاب کے خطرات میں اضافہ (D) سمندر کی سطح میں اضافہ

.7 عام طور پر بارش کا پانی کون سی گیس کی وجہ سے کم ایسڈک ہوتا ہے؟ (RWP-II,BWP-I,SRG-II)(ALP)

(A) SO_3 گیس (B) CO_2 گیس (C) SO_2 گیس (D) NO_2 گیس

.8 ایسڈ رین کی وجہ سے عمارتوں کو نقصان پہنچتا ہے کیونکہ یہ مندرجہ ذیل میں سے کس سے ری ایکٹ کرتی ہے؟ (SWL-I)(ALP)

(A) کیلشیم سلفیٹ (B) کیلشیم نائٹریٹ (C) کیلشیم کاربونیٹ (D) کیلشیم آکسلیٹ

.9 ایسڈ رین میں موجود کون سا میٹل مچھلیوں کے گلز کو بند کرکے آبی زندگی کو متاثر کرتی ہے؟

(A) لیڈ (B) کرومیم (C) مرکری (D) ایلومینیم

.10 اوزون ہمارے لیے مفید ہے کیونکہ یہ: (RWP-II)(ALP)

(A) انفراریڈ ریڈی ایشنز کو جذب کرتی ہے (B) الٹراوائلٹ ریڈی ایشنز کو جذب کرتی ہے

(C) کلوروفلوروکاربنز کو جذب کرتی ہے (D) ہوا کے پلوٹینٹس کو جذب کرتی ہے

.11 مندرجہ ذیل میں سے کون ہوا کا پلوٹینٹ نہیں ہے؟

(A) کاربن ڈائی آکسائیڈ (B) کاربن مونو آکسائیڈ (C) نائٹروجن ڈائی آکسائیڈ (D) اوزون

.12 آئرن اور سٹیل کی ساخت کس سے تباہ ہوتی ہے؟

(A) کاربن مونو آکسائیڈ (B) سلفر ڈائی آکسائیڈ (C) میتھین (D) کاربن ڈائی آکسائیڈ

13. زمین سے خارج ہونے والی انفرا ریڈ ریڈی ایشنز کس میں جذب ہوتی ہیں؟ (RWP-I,MLT-II,GUJ-I,DGK-I/II)(ALP)

(A) H_2O اور CO_2 (B) O_2 اور N_2 (C) N_2 اور CO_2 (D) CO_2 اور O_2

14. گلوبل وارمنگ سے سمندر کی سطح میں اضافہ ہوتا ہے۔گلوبل وارمنگ کی وجہ سے کون سی گیس ہے؟ (MLT-II,FSD-I)(ALP)

(A) CO_2 گیس (B) SO_2 گیس (C) NO_x گیس (D) O_3 گیس

15. کون سی گیس زمین کی سطح کو الٹرا وائلٹ ریڈی ایشنز سے محفوظ رکھتی ہیں؟ (MLT-I,LHR-I,FSD-I)(ALP)

(A) CO_2 (B) CO (C) N_2 (D) O_3

16. مندرجہ ذیل میں سے کونسی وجہ اوزون کے خاتمہ کے لیے نہیں ہے؟

(A) متعدی بیماریوں میں اضافہ (B) فصلوں کی پیداوار میں اضافہ

(C) سکن کینسر کا باعث بننا (D) آب و ہوا میں تبدیلی کا باعث بننا

17. مندرجہ ذیل میں سے کون سا پولوٹینٹ کار کی ایگزاسٹ گیسز میں نہیں پایا جاتا؟

(A) CO (B) O_3 (C) NO_2 (D) SO_2

18. گلوبل وارمنگ کی وجہ مندرجہ ذیل میں سے کونسی ہے:

(A) زمین کی سطح سے خارج ہونے والی I.R ریڈی ایشنز کا جذب ہونا (B) سورج سے آنے والی I.R ریڈی ایشنز کا جذب ہونا

(C) زمین کی سطح سے UV ریڈی ایشنز کا خارج ہونا (D) سورج سے آنے والی UV ریڈی ایشنز کا جذب ہونا

19. گلوبل وارمنگ کی وجہ مندرجہ ذیل میں سے کونسی ہے: (BWP-II,GUJ-I)(ALP)

(A) زمین کی سطح سے خارج ہونے والی I.R ریڈی ایشنز کا جذب ہونا

(B) سورج سے آنے والی I.R ریڈی ایشنز کا جذب ہونا

(C) زمین کی سطح سے UV ریڈی ایشنز کا خارج ہونا (D) سورج سے آنے والی UV ریڈی ایشنز کا جذب ہونا

جوابات: (کثیر الانتخابی سوالات)

1	A	2	D	3	D	4	A	5	B
6	B	7	B	8	C	9	D	10	B
11	D	12	B	13	A	14	A	15	D
16	B	17	B	18	A	19	D		

مختصر سوالات Short Questions

1. ٹروپوسفیئر میں ٹمپریچر کے کم ہونے کے مظہر کی وضاحت کریں۔

جواب: ٹروپوسفیئر میں کاربن ڈائی آکسائیڈ اور پانی کے بخارات کا بہت کم ارتکاز درجہ حرارت کو کم کرنے میں مدد دیتا ہے۔اس سے سورج کی انفرا ریڈ ریڈی ایشنز بھی کنٹرول میں رہتی ہیں۔جیسے جیسے بلندی میں اضافے سے ان گیسز کی کنسنٹریشن بتدریج کم ہوتی ہے اور اسی لحاظ سے ٹمپریچر میں بھی 6°C فی کلومیٹر کی شرح سے کمی ہوتی ہے۔

2. ہوا کے پرائمری اور سیکنڈری پلوٹینٹس میں موازنہ کریں۔

جواب: پرائمری پلوٹینٹس وہ ناکارہ پروڈکٹس ہیں جو فوسل فیولز اور آرگینک اشیاء کے جلنے سے بنتے ہیں مثلاً سلفر کے آکسائیڈ اور کاربن کے آکسائیڈز جبکہ سیکنڈری پلوٹینٹس پرائمری پلوٹینٹس کے آپس میں مختلف ری ایکشنز کے نتیجے میں بنتے ہیں۔مثلاً سلفیورک ایسڈ، کاربانک ایسڈ، نائٹرک ایسڈ اور اوزون وغیرہ۔

3. CO اور CO_2 کے اخراج کے اہم سورسز لکھیں۔ (RWP-I)(ALP)

جواب: CO اور CO_2 کے ذرائع:

(i) یہ دونوں گیسز آتش فشاں پہاڑوں کے پھٹنے اور آرگینک اشیا کی قدرتی طور پر ڈی کمپوزیشن کے دوران خارج ہوتی ہیں۔

(ii) ان گیسوں کے خارج ہونے کا سب سے بڑا ذریعہ فوسل فیولز (کوئلہ، پیٹرولیم اور قدرتی گیس) کا جلنا ہے۔

(iii) جنگل کی آگ اور لکڑی کے جلانے سے CO اور CO_2 پیدا ہوتے ہیں۔

4. CO_2 اٹموسفیئر کو گرم کرنے کا باعث کیوں بنتی ہے؟

جواب: CO_2 سورج کی ہیٹ انرجی کی الٹراوائلٹ ریز کو اندر آنے دیتی ہے مگر زمین کی سطح سے اوپر اٹھنے والی انفراریڈ ریڈی ایشنز کو جذب کر لیتی ہے اور یوں اٹموسفیئر سے ہیٹ انرجی کو واپس جانے سے روکتی ہے اور اٹموسفیئر کے گرم کرنے کا باعث ہے۔

5. اگر ہوا میں CO_2 نہ ہوتی تو کیا ہم زندہ رہ سکتے تھے؟

جواب: اگر ہوا میں CO_2 نہ ہو تو ہم زندہ نہیں رہ سکتے کیونکہ CO_2 پودوں کو خوراک بنانے کے لیے بھی چاہیے اور اس کا ہمارے جسم سے اخراج بھی ضروری ہے۔

6. ہوا کے پلوٹینٹ کے طور پر SO_2 گیس سے انسانی صحت کو کیا خطرات لاحق ہیں؟

جواب: سلفر ڈائی آکسائیڈ ایک بے رنگ گیس ہے۔ اس کی بُو ناخوشگوار اور سخت چبھنے والی ہوتی ہے۔ SO_2 دمہ کے مریضوں کے لیے سانس کے مسائل پیدا کرتی ہے۔

7. گنجان آباد علاقے ناقابل رہائش کیوں ہو رہے ہیں؟

جواب: گلوبل وارمنگ کی وجہ سے سمندر کی سطح میں اضافہ ہو رہا ہے۔ گنجان آباد علاقے ختم ہو رہے ہیں۔ گنجان آباد علاقوں میں زندگی کی بنیادی سہولتوں کا فقدان پیدا ہوتا جا رہا ہے اس لیے یہ ناقابل رہائش پذیر ہو رہے ہیں۔

8. ایسڈ رین کس طرح زمین کی ایسڈیٹی میں اضافہ کرتی ہے؟ (RWP-I,MLT-I,SWL-I,FSD-I)(ALP)

جواب: ایسڈ رین بارش کے پانی میں ایسڈک پلوٹینٹس (SO_2, SO_3, NO_2) کے حل ہونے سے بنتی ہے۔ بارش کا پانی ان پلوٹینٹس کو حل کر کے HNO_2, H_2SO_4 اور HNO_3 بناتا ہے۔ جب یہ ایسڈز بارش کے پانی میں مل جاتے ہیں تو اسے ایسڈ رین کہتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ایسڈ رین زمین کی ایسڈیٹی میں اضافہ کرتی ہے۔

9. اوزون کے خاتمے کے دو اہم اثرات بیان کریں۔

جواب: اوزون کے خاتمے کے دو اہم اثرات:

(i) اوزون کے خاتمے سے سورج سے آنے والی نقصان دہ الٹراوائلٹ شعاعیں زمین تک پہنچ جاتی ہیں۔ اس سے انسانوں اور دوسرے جانوروں میں جلد کا کینسر پیدا ہوتا ہے۔

(ii) اوزون کے خاتمے سے متعدی بیماریاں (مثلاً ملیریا) میں اضافہ ہو جائے گا۔

10. سٹریٹوسفیئر میں اوزون لیئر کیسے بنتی ہے؟ (MLT-I)(ALP)

جواب: اوزون لیئر (Ozone Layer): زمین سے 25 سے 30 کلومیٹر بلند سٹریٹوسفیئر کے درمیان میں اوزون کی زیادہ کنسنٹریشن (مقدار) والا ایریا موجود ہے اسے اوزون لیئر کہتے ہیں۔ اوزون درج ذیل ری ایکشن سے بنتی ہے۔

$$O_{2(g)} + O_{(g)} \longrightarrow O_{3(g)}$$

11. اٹموسفیرک ماس کا 75 فیصد ٹروپوسفیئر میں کیوں پایا جاتا ہے؟

جواب: اٹموسفیئر کی سب سے نچلی لیئر جو 12 کلومیٹر بلندی تک پھیلی ہوئی ہے۔ اسے ٹروپوسفیئر کہتے ہیں۔ اس لیئر میں نائٹروجن اور آکسیجن کے علاوہ CO_2 اور پانی کے بخارات موجود ہوتے ہیں یہی وجہ ہے کہ اٹموسفیرک ماس کا 75% ٹروپوسفیئر میں پایا جاتا ہے۔

12. کلوروفلوروکاربنز سے اوزون کی لیئر کو کیسے نقصان پہنچتا ہے؟ (MLT-II)(ALP)

جواب: اوزون کی زیادہ تباہی کلوروفلوروکاربنز (CFCs) کی وجہ سے ہوتی ہے۔ کلوروفلوروکاربنز ریفریجریٹر اور ایئر کنڈیشنز میں ٹھنڈک پیدا کرنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ یہ کمپاؤنڈ کسی نہ کسی طرح لیک (Leak) ہو کر سٹریٹوسفیئر میں داخل ہو جاتے ہیں۔ جب الٹراوائلٹ شعاعیں کلوروفلوروکاربنز پر پڑتی ہیں تو کلورین کے فری ریڈیکلز بنتے ہیں۔ کلورین کے فری ریڈیکلز اوزون کے ساتھ ری ایکٹ کر کے آکسیجن بناتے ہیں۔ اس طرح اوزون ختم ہوتی جاتی ہے۔

$$O_{3(g)} + C\dot{\ell} \longrightarrow O_{2(g)} + OC\ell^{\bullet}$$

$$OC\ell^{\bullet} \longrightarrow O^{\bullet} + C\ell^{-}$$

$$O^{\bullet} + O^{\bullet} \longrightarrow O_{2(g)}$$

انشائیہ طرز سوالات Long Questions

1. ہوا کے پلوٹینٹس کی تعریف کریں۔ پلوٹینٹس کی اقسام کی تفصیل لکھیے۔ [RWP-GI-21][DGK-GI-21](ALP)

جواب: ہوا میں موجود نقصان دہ مادے ہوا کے پلوٹینٹس کہلاتے ہیں۔

(i) **پرائمری پلوٹینٹس:** وہ ویسٹ پروڈکٹس جو فوسل فیولز اور آرگینک چیزوں کے جلنے سے بنتے ہیں انہیں پرائمری پلوٹینٹس کہتے ہیں۔ مثلاً کاربن کے آکسائیڈز (CO, CO_2)، سلفر کے آکسائیڈز (SO_2, SO_3) اور نائٹروجن کے آکسائیڈز (NO, NO_2) وغیرہ۔

سیکنڈری پلوٹینٹس: وہ ویسٹ پروڈکٹس جو پرائمری پلوٹینٹس کے ری ایکشنز کے دوران بنتے ہیں۔ انہیں سیکنڈری پلوٹینٹس کہتے ہیں۔ مثلاً HF, HNO_3, H_2SO_4 اوزون اور پرآکسی ایسیٹائل نائٹریٹ (PAN) وغیرہ۔

2. ایسڈرین کی تعریف کریں اور ایسڈرین کے اثرات لکھیں۔ [RWP-GII-21](ALP)

جواب: **ایسڈرین:** ایسڈرین بارش کے پانی میں ایسڈک پلوٹینٹس (SO_2, SO_3, NO_2) کے حل ہونے سے بنتی ہے۔ یہ ایسڈک پلوٹینٹس فوسل فیولز کے جلنے سے بنتے ہیں۔ بارش کا پانی ہوا میں موجود SO_2 کو H_2SO_4 میں اور NO_2 کو HNO_2 اور HNO_3 میں تبدیل کر دیتا ہے۔ جب یہ ایسڈ بارش کے پانی میں حل جاتے ہیں۔ تو اسے ایسڈرین کہتے ہیں۔

اثرات: (i) عمارتوں میں ماربل اور چونے کا پتھر استعمال ہوتا ہے۔ ماربل اور چونے کا پتھر اصل میں $CaCO_3$ ہے۔ $CaCO_3$ ایسڈز سے ری ایکٹ کر کے ڈی کمپوز ہو جاتا ہے۔ اس لیے ایسڈرین کی وجہ سے عمارتوں کا حسن اور چمک دمک ختم ہو جاتی ہے۔ مثلاً تاج محل کا حسن اور چمک دمک آہستہ آہستہ ختم ہو رہی ہے۔

(ii) ایسڈرین میں بھاری میٹلز (Al, Cr, Hg, Pb) کی وجہ سے آبی حیات پر برُا اثر پڑتا ہے۔ مثلاً ایلومینیم میٹل کی زیادہ مقدار کی وجہ سے مچھلیوں کے گلز بند ہو جاتے ہیں۔ پھر یہ مچھلیاں دم گھٹنے سے مرجاتی ہیں۔

(iii) ایسڈرین زمین کی ایسڈیٹی میں اضافہ کرتی ہے۔ جس کی وجہ سے فصلیں، پودے اور پرانے درخت بہت متاثر ہوتے ہیں۔ اُن کی گروتھ رُک جاتی ہے۔ پھر یہ خشک ہو کر مرجاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ پودے دن بدن ختم ہو رہے ہیں۔

3. اوزون کیسے بنتی ہے؟ اوزون کی تباہی کے اثرات لکھیے۔ [MTN-GI-21](ALP)

جواب: (i) **اوزون لیئر (Ozone Layer):** زمین سے 25 تا 30 کلومیٹر بلند سٹریٹوسفیئر کے درمیان میں اوزون کی زیادہ کنسنٹریشن (مقدار) والا ایریا موجود ہے اسے اوزون لیئر کہتے ہیں۔ اوزون درج ذیل ری ایکشن سے بنتی ہے۔

$$O_{2(g)} + O_{(g)} \xrightarrow{\text{(U.V.)}} \underset{\text{(اوزون)}}{O_{3(g)}}$$

اوزون کے خاتمے کے اثرات (Effects of Ozone Depletion): اوزون کے خاتمے کے مندرجہ ذیل اثرات ہوتے ہیں۔

(i) اوزون کے خاتمے سے سورج سے آنے والی نقصان دہ الٹراوائلٹ شعاعیں زمین تک پہنچ جاتی ہیں۔ اس سے انسانوں اور دوسرے جانوروں میں جلد کا کینسر پیدا ہوتا ہے۔

(ii) اوزون کے خاتمے سے متعدی بیماریوں (مثلاً ملیریا) میں اضافہ ہو جائے گا۔

(iii) اوزون کے خاتمے سے پودوں کا لائف سائیکل تبدیل ہو جاتا ہے جس سے فوڈ چین کا نظام ناکارہ ہو جاتا ہے۔

(iv) اوزون کے خاتمے سے ہواؤں کی ترتیب بدل سکتی ہے جس سے پوری دنیا کی آب و ہوا بدل جائے گی۔ خاص طور پر ایشیا اور بحر الکاہل کے علاقے زیادہ متاثر ہوں گی۔

4. ٹروپوسفیئر کے خواص تحریر کیجیے۔ [BWP-GI-21][MTN-GII-21](ALP)

جواب: **ٹروپوسفیئر (Troposphere):** ٹروپوسفیئر کے بنیادی اجزا نائٹروجن اور آکسیجن گیسز ہیں۔ زمین کے اٹموسفیئر کا 99فی صد والیوم ان دو گیسز پر مشتمل ہے۔ اگرچہ اٹموسفیئر میں کاربن ڈائی آکسائیڈ اور پانی کے بخارات کی کنسنٹریشن نہ ہونے کے برابر ہے لیکن پھر بھی یہ اٹموسفیئر کے ٹمپریچر کو برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ یہ دونوں گیسز سورج کی ویزیبل (visible) شعاعوں کو گزرنے دیتی ہیں لیکن زمین کی سطح سے اٹھنے والی انفراریڈ (infrared) ریڈی ایشنز کا بہت زیادہ حصہ جذب کر لیتی ہیں ور اٹموسفیئر کو گرم کر دیتی ہیں۔ جیسے جیسے بلندی میں اضافے سے ان گیسز کی کنسنٹریشن بتدریج کم ہوتی ہی تو اسی لحاظ سے ٹمپریچر میں بھی $6\,^{o}C$ فی کلومیٹر کی شرح سے کمی ہوتی ہے۔ یہ وہ ریجن ہے جس میں تمام اقسام کے موسم پائے جاتے ہیں۔ تقریباً ایئر کرافٹس اسی ریجن میں پرواز کرتے ہیں۔

باب	15	پانی	پنجاب بھر کے سالانہ بورڈ پرچہ جات 2014 - 2021

ALP Annual Paper 2021

کثیر الانتخابی سوالات

.1 عارضی ہارڈنیس کی وجہ ہوتی ہے: (LHR-II,GUJ-I/II,FSD-I,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

(A) $Ca(HCO_3)_2$ (B) $CaCO_3$ (C) $MgCO_3$ (D) $MgSO_4$

2014 - 2020

15.1 پانی کی خصوصیات

.2 پانی کی مخصوصہ ہیٹ کپیسٹی ہے۔ [GUJ-II,DGK-I,FSD-II,MTN-I,BWP-II]

(A) $2.4 Jg^{-1}k^{-1}$ (B) $2.4 KJg^{-1}k^{-1}$ (C) $4.2 KJg^{-1}k^{-1}$ (D) $4.2 Jg^{-1}k^{-1}$

.3 4^oC پر پانی کی ڈینسٹی ____ ہوتی ہے۔ [GUJ-I/II,RWP-IO,FSD-II]

(A) $4 gcm^{-3}$ (B) $3 gcm^{-3}$ (C) $2 gcm^{-3}$ (D) $1 gcm^{-3}$

.4 دنیا کے کل پانی کا کتنے فی صد حصہ سمندری پانی پر مشتمل ہے؟ [RWP-II,GUJ-II,MTN-I,DGK-II,SWL-II]

(a) 67% (B) 77% (C) 87% (D) 97%

.5 زمین پر موجود کل پانی کا کتنے فیصد پینے کے قابل ہے؟ [LHR-II,GUJ-I,RWP-II,FSD-I,BWP-II]

(A) 0.1 (B) 0.2 (C) 0.3 (D) 0.4

15.2 پانی بطور سولوینٹ

.6 پانی میں H-O-H میں بانڈ اینگل ہوتا ہے: (GUJ-GII,RWP-GII,DGK-II)

(A) 104.5^o (B) 104.6^o (C) 104.7^o (D) 104.8^o

.7 پانی کے مالیکیول کی ساخت ہے: (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)

(A) آئیونک (B) نان پولر (C) ٹیٹرا ہیڈرل (D) پولر

.8 آئیونک کمپاؤنڈ کس وجہ سے پانی میں سولیبل ہیں؟ (LHR-I/II,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II)

(A) آئن ۔ ڈائی پول فورسز (B) ہائیڈروجن بانڈنگ

(C) ڈائی پول ۔ انڈیوسڈ ڈائی پول فورسز (D) ڈائی پول ۔ ڈائی پول فورسز

.9 پانی کی نیچر ہے: (GUJ-I,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II)

(A) پولر (B) نان پولر (C) ایسڈک (D) بیسک

15.3 سوفٹ اور ہارڈ واٹر

.10 عارضی سخت پن کون سی چیز ڈالنے سے دور کیا جاتا ہے؟ (GUJ-I/II,,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

(A) اَن بجھا چونا (B) بجھا چونا (C) چونے کا پتھر (D) سوڈیم کلورائیڈ

.11 مندرجہ ذیل میں سے کون سا آئن پانی میں ہارڈنیس کی وجہ بنتا ہے؟ (GUJ-GII,SGD-GI,DGK-GII)

(A) Al^{3+} (B) Mg^{2+} (C) Fe^{2+} (D) Na^+

12. واٹر ہارڈنیس کا سبب بننے والے Mg^{+2} اور Ca^{+2} آئنز کا اخراج کہلاتا ہے: (SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)
(A) عارضی سخت پانی (B) مستقل سخت پانی (C) واٹر سوفٹنگ (D) ہائیڈروجن بانڈنگ

13. پانی میں سے ٹمپریری ہارڈنیس کو ختم کرنے کا طریقہ ہے: (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)
(A) کلارک کا طریقہ (B) واشنگ سوڈا کا طریقہ (C) سوڈیم زیولائٹ (D) فلٹریشن کا طریقہ

14. پرماننٹ ہارڈنیس کو کس کے استعمال سے ختم کیا جاتا ہے؟ (LHR-GI,RWP-GII,BWP-GI,SWL-GII)
(A) سوڈیم زیولائٹ (B) سوڈالائم (C) چونے کا پانی (D) ان بجھا چونا

15. درج ذیل آئنز میں سے کون سا آئن واٹر ہارڈنیس کی وجہ نہیں بنتا؟ (LHR-GII,GUJG-II,RWP-GII)
(A) Ca^{2+} (B) Mg^{2+} (C) SO_4^{2-} (D) Na^+

16. مندرجہ ذیل میں سے کونسا سالٹ واٹر کو پرماننٹلی ہارڈ بناتا ہے؟ (GUJ-GII,SWL-GII,RWP-GI,II,MTN-GI,DGK-GI,II)
(A) Na_2CO_3 (B) $NaHCO_3$ (C) Na_2CO_3 (D) $CaSO_4$

17. پرماننٹ ہارڈنیس کس وجہ سے ہوتی ہے؟ (LHR-I/II,GUJ-I/II,FSD-I/II,MUL-I,SGD-II,DGK-I,SWL-I)
(A) $Ca(HCO_3)_2$ (B) $Mg(HCO_3)_2$ (C) NaCl (D) $CaCl_2$

18. کلارک کے طریقہ میں کیمیکل کمپاؤنڈ استعمال کیا جاتا ہے: (GUJ-I,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II)
(A) $Ca(OH)_2$ (B) NaOH (C) HCl (D) CaO

15.4 واٹر پلوشن

15.5 پانی کی وجہ سے پیدا ہونے والی متعدی بیماریاں

19. سوئمنگ پول کو کس پروسس سے صاف کیا جاتا ہے؟ (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)
(A) ہائیڈروجی نیشن (B) برومی نیشن (C) کلوری نیشن (D) نائٹریشن

20. وائبریو کولرا بیکٹیریا بیماری پھیلاتا ہے: (LHR-I/II,GUJ-I/II,FSD-I/II,MUL-I,SGD-II,DGK-I,SWL-I)
(A) ٹائیفائیڈ (B) ہیپاٹائٹس (C) پیچش (D) ہیضہ

21. ٹائیفائیڈ ______ سے پیدا ہونے والی بیماری ہے۔ (LHR-II,GUJ-I/II,FSD-I,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)
(A) وائرس (B) الجی (C) فنجائی (D) بیکٹیریا

جوابات

1	A	2	D	3	D	4	D	5	A	6	A	7	D	8	A	9	A	10	B
11	B	12	C	13	A	14	A	15	D	16	D	17	D	18	A	19	C	20	D
21	D																		

ALP Annual Paper 2021

مختصر سوالات

1. پانی کو یونیورسل سولوینٹ کیوں تصور کیا جاتا ہے؟ (GUJ-GII,FSD-GI,II,BWP-GII,GUJ-GI,SGD-GI)

جواب: پانی کو یونیورسل سالوینٹ اس لیے کہا جاتا ہے کیونکہ یہ تقریباً تمام مالیکیولز کو حل کر سکتا ہے۔ اشیا کو حل کرنے کی صلاحیت پانی کی دو خصوصیات کی وجہ سے ہے۔

(I) پانی کے مالیکیول کی پولیریٹی (II) غیر معمولی ہائیڈروجن بانڈنگ کی صلاحیت

.2 ہارڈ واٹر کے دو نقصانات تحریر کیجئے۔ (LHR-GII,FSD-GI,GII,BWP-GI,SGD-GI,GII,MTN-GII)

جواب: ہارڈ واٹر کے دو نقصانات: (i) ہارڈ واٹر سے واشنگ میں رکاوٹ ہوتی ہے اور صابن کی زیادہ مقدار استعمال ہوتی ہے۔

(ii) ہارڈ واٹر پینے سے معدے میں خرابی پیدا ہوتی ہے۔

.3 سوفٹ واٹر اور ہارڈ واٹر کی تعریف کیجئے۔ (GUJ-GII,DGK-GI,II,MTN-GII,LHR-GII,SWL-GII,LHR-I)

جواب: سوفٹ واٹر وہ ہے جو صابن کے ساتھ اچھا جھاگ بناتا ہے۔ جبکہ ہارڈ واٹر وہ ہے جو صابن کے ساتھ جھاگ نہیں بناتا۔

.4 پانی کی ٹمپریری ہارڈنیس کو گرم کرنے سے کیسے دور کیا جا سکتا ہے؟ (GUJ-GI,II,FSD-GI,SGD-GI)

جواب: واٹر میں ٹمپریری ہارڈنیس کو ختم کرنے کے لیے بوائلنگ کا طریقہ ہے۔

بوائلنگ کا طریقہ: ٹمپریری ہارڈ واٹر کو کچھ دیر تک بوائل کرتے ہیں۔ اس سے کیلسیم اور میگنیشیم کے سولیبل بائی کاربونیٹس ان سولیبل کاربونیٹس میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔ یہ ان سولیبل کاربونیٹس رسوب کی شکل میں نیچے بیٹھ جاتے ہیں۔ اس طرح پانی سوفٹ ہو جاتا ہے۔

$$Ca(HCO_3)_{2(aq)} \xrightarrow{\Delta} CaCO_{3(s)} \downarrow + CO_{2(g)} + H_2O_{(l)}$$

.5 پانی کی آلودگی سے کیا مراد ہے؟ (GUJ-I/II,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: پانی کی آلودگی: پانی کی آلودگی سے مراد پانی کے ذخائر (جھیلوں، دریاؤں، سمندروں اور زمینی پانی) کی آلودگی ہے جس کی وجہ سے وہ قابل استعمال نہیں رہتا ہے۔ یہ اس وقت واقع ہوتی ہے جب افلیونٹس کے ساتھ پلوٹینٹس (نقصان دہ کمپاؤنڈز) کو بھی براہ راست یا بالواسطہ پانی کے ذخائر میں شامل کر دیا جاتا ہے۔

.6 واٹر پلوشن کے اثرات بیان کیجئے۔ (SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: واٹر پلوشن کے اثرات: (i) یہ انسانی صحت کے لیے خطرناک ہے۔ پلوٹڈ واٹر پینے سے ہیضہ، ٹائیفائڈ اور ڈائیریا جیسی بیماریاں ہو سکتی ہیں۔

(ii) پلوٹڈ واٹر کا استعمال انسانوں کے ساتھ ساتھ جانوروں اور پرندوں کے لیے بھی نقصان دہ ہے۔

(iii) یہ ایکوئس لائف کو نقصان پہنچا رہی ہے جس کی وجہ سے فوڈ چین میں گڑبڑ پیدا ہو رہی ہے۔

.7 انڈسٹریل افلیونٹس کی تعریف کیجیے۔ (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)

جواب: انڈسٹریل افلیونٹس: تمام انڈسٹریز اپنی پروڈکٹ بنانے کے بعد استعمال شدہ کیمیکلز اور ٹھوس مواد کو کسی کھلے میدان یا پھر بہتے پانی میں پھینک دیتے ہیں اسے انڈسٹریل ویسٹ کہتے ہیں۔ اسے انڈسٹریل افلیونٹس بھی کہا جاتا ہے۔ اس میں بہت زہریلے آرگینک کمپاؤنڈز، ان آرگینک سالٹس، بھاری میٹلز اور خطرناک تیزاب شامل ہوتے ہیں۔

.8 فلوروسیس کیا ہے؟ (LHR-GII,FSD-GI,SGD-GI,II,RWP-GII,DGK-GI)

جواب: فلوروسیس ایک بیماری ہے جو بہت زیادہ مقدار میں فلورائیڈ استعمال کرنے سے پیدا ہوتی ہے۔ یہ ہڈیوں اور دانتوں کے خراب ہونے کا باعث بنتی ہے۔

.9 پیچش (dysentery) سے کیا مراد ہے؟ اس کے ہونے کی وجہ کیا ہے؟ (SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: پیچش آنتوں کی ایک بیماری ہے جو مخصوص بیکٹیریا یا پیراسائٹس کی وجہ سے ہوتی ہے۔ یہ ڈائریا کی انتہائی حالت ہے۔

.10 ہیپاٹائٹس سے کیا مراد ہے؟ (GUJ-I)

جواب: جگر کی سوزش ہیپاٹائٹس کہلاتی ہے۔ یہ پانچ وائرسز میں سے ایک کی وجہ سے ہوتی ہے جو ہیپاٹائٹس A، B، C، D اور E کہلاتے ہیں۔

.11 کون سے بیکٹیریا کولرا (ہیضہ) کا سبب ہیں؟ (GUJ-I)

جواب: وائبرس کولرا بیکٹیریا ہیضہ کا سبب ہے۔

.12 فرٹیلائزر کا کیا کام ہے؟ (MLT-I)

جواب: فرٹیلائزرز زمین کو منرلز اور دوسرے نیوٹرینٹس مہیا کرتے ہیں۔ جو فصلوں کی بار بار کاشت سے کم ہو گئے۔

2014 - 2020

15.1 پانی کی خصوصیات

.13 پانی کے وقوع کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ [GUJII,FSD-I,DGK-I/II]

جواب: دنیا میں پانی سمندر، گلیشیئرز، آئس کیپس زمینی پانی اور سطحی پانی (دریاؤں، جھیلوں اور ندیوں) کی صورت میں موجود ہے۔ کل پانی کا 97 فیصد حصہ سمندری پانی پر مشتمل ہے۔ 2.1 فیصد گلیشیئرز اور آئس کیپس (Ice Caps)، 0.6 فیصد زمینی پانی، 0.2 فیصد سطحی پانی اور 0.001 فیصد پانی ایٹموسفیئر کی شکل میں موجود ہے۔ زمین پر موجود کل پانی کا صرف 0.2 فیصد پینے کے قابل ہے۔ سمندری پانی پینے اور زراعت میں استعمال نہیں ہو سکتا کیونکہ اس میں حل شدہ سالٹس موجود ہوتے ہیں۔

.14 پانی کی کوئی چار خصوصیات بیان کیجیے۔ [GUJ-II,SGD-I,MTN-II,DGK-I/II,BWP-I]

جواب: پانی کی خصوصیات(Properties of Water):

(i) پانی دو ایلیمنٹس H اور O پر مشتمل ہے۔ پانی کے مالیکیول میں H کے دو ایٹمز اور O کا ایک ایٹم ہوتا ہے۔

(ii) خالص پانی بے رنگ، بے بو اور بے ذائقہ ہوتا ہے۔ (iii) پانی پر لٹمس کا کوئی اثر نہیں ہوتا (پانی نیوٹرل ہے)۔

(iv) پانی کا فریزنگ پوائنٹ 0°C اور بوائلنگ پوائنٹ 100°C ہے۔

15.2 پانی بطور سولوینٹ

.15 پانی آئیونک کمپاؤنڈز کو کیسے حل کرتا ہے؟ (SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: آئیونک کمپاؤنڈز کے پوزیٹو اور نیگیٹو آئنز پانی کے مالیکیول سے کھینچے جاتے ہیں۔ آئیونک کمپاؤنڈز کے پوزیٹو آئنز پانی کے آکسیجن سے گھیرے میں آتے ہیں اور نیگیٹو آئنز پانی کے ہائیڈروجن سے گھیرے جاتے ہیں۔ اس طرح ڈائی پول فورسز سے پوزیٹو اور نیگیٹو آئنز الگ الگ ہو جاتے ہیں۔ پھر ان آئنز کو پانی کے مالیکیولز گھیر لیتے ہیں۔ اس طرح کمپاؤنڈ کے آئنز الگ ہو کر سلوشن کا حصہ بن جاتے ہیں۔

.16 واٹر مالیکیول پولر کیوں ہوتا ہے؟ (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)

جواب: پانی کے مالیکیول کی ساخت پولر ہے۔ آکسیجن اور ہائیڈروجن ایٹم کے درمیان الیکٹرونیگیٹیویٹی کے فرق کی وجہ سے اس کے مالیکیول پر ایک طرف ہائیڈروجن پر پارشل پوزیٹو اور دوسری طرف آکسیجن پر پارشل نیگیٹو چارج ہوتا ہے۔

$$H^{\delta+} - O^{\delta-} - H^{\delta+}$$

15.3 سوفٹ اور ہارڈ واٹر

.17 بوائلر سکیلز سے کیا مراد ہے؟ اس کو کیسے ختم کیا جاتا ہے؟ (RWP-GI,FSD-GII,SGD-GII,LHR-GII,SWL-GI)

جواب: بوائلر سکیلز: بوائلر میں اگر ہارڈ واٹر استعمال کیا جائے تو کیلشیم اور میگنیشیم کے ناحل پذیر سالٹس اس کے اندر جم جاتے ہیں، انہیں بوائلر سکیلز کہتے ہیں۔

بوائلر سکیلز کا خاتمہ: اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے پہلے ہارڈ واٹر کو ٹریٹ کر کے سوفٹ واٹر میں تبدیل کیا جاتا ہے۔

.18 سکم اور لیچنگ پروسس کی تعریف کیجیے۔ (LHR-II,GUJ-I/II,FSD-I,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: سکم: صابن لانگ چین فیٹی ایسڈ کا سوڈیم سالٹ ہوتا ہے۔ ہارڈ واٹر میں Ca^{+2} اور Mg^{+2} آئنز ہوتے ہیں۔ یہ آئنز صابن کے ساتھ ری ایکٹ کر کے فیٹی ایسڈ کے کیلشیم اور میگنیشیم سالٹس بناتے ہیں۔ یہ سالٹس پانی میں ان سولیبل ہونے کی وجہ سے رسوب بناتے ہیں اس رسوب کو سکم (Scum) کہتے ہیں۔ سکم بننے کی وجہ سے بہت سا صابن ضائع ہو جاتا ہے اور صابن کی کارکردگی کم ہو جاتی ہے۔ پس پانی صابن کے دھونے کے عمل میں رکاوٹ ڈالتا ہے۔

لیچنگ پروسس: زمین میں استعمال ہونے والے فرٹیلائزر اور پیسٹی سائیڈز آہستہ آہستہ زمین کے اندر رس کر زمینی پانی میں شامل ہوتے رہتے ہیں اسے لیچنگ پروسس کہتے ہیں۔ لیچنگ پروسس کی وجہ سے زمینی پانی پینے کے قابل نہیں رہتا۔

.19 واٹر ہارڈنیس کی وجوہات کیا ہیں؟ (LHR-GI,RWP-GII,MTN-GI,BWP-GI,SWL-GI)

جواب: واٹر ہارڈنیس کی وجوہات: بارش کا پانی نیچے آتے ہوئے ایٹموسفیئر سے کاربن ڈائی آکسائیڈ جذب کر لیتا ہے۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ ملا یہ پانی جب مٹی کی تہوں سے گزرتا ہے تو یہ کیلشیم اور میگنیشیم کے ان سولیبل کاربونیٹس کو سولیبل بائی کاربونیٹس میں تبدیل کر دیتا ہے۔ یہ پانی کیلشیم اور میگنیشیم کے کلورائیڈ اور سلفیٹس کو بھی حل کر سکتا ہے۔ ان سالٹس کی موجودگی پانی کو ہارڈ بنا دیتی ہے۔

$$CaCO_3 + CO_2 + H_2O \longrightarrow Ca(HCO_3)_2$$

$$MgCO_3 + CO_2 + H_2O \longrightarrow Mg(HCO_3)_2$$

20. پانی کی پرمانینٹ ہارڈنیس کو دور کرنے کا طریقہ کیا ہے؟ (FSD-I/II,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: واشنگ سوڈا استعمال کرکے: واشنگ سوڈا استعمال کرنے سے پرمانینٹ ہارڈنیس دور کی جاتی ہے۔ واشنگ سوڈا شامل کرنے سے کیلسیم اور میگنیشیم آئنز بالترتیب ان سولیبل کیلسیم اور میگنیشیم کاربونیٹس کی صورت میں الگ ہو جاتے ہیں۔

$$Na_2CO_3 + CaSO_4 \longrightarrow CaCO_3 + Na_2SO_4$$

$$Na_2CO_3 + MgSO_4 \longrightarrow MgCO_3 + Na_2SO_4$$

21. کلارک کے طریقے سے پانی کی ہارڈنیس کیسے ختم ہوتی ہے؟ (LHR-GII,GUJ-GII,DGK-GI,SGD-GI,SWL-GI)

جواب: ٹمپریری ہارڈنیس ختم کرنے کا طریقہ: ٹمپریری ہارڈنیس کو ختم کرنے کیلئے پانی میں چونے کے پانی کی کچھ مقدار ڈالتے ہیں۔ اس سے کیلشیم اور میگنیشیم کے سولیبل بائی کاربونیٹس ان سولیبل کاربونیٹس میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔ یہ ان سولیبل کاربونیٹس رسوب کی شکل میں نیچے بیٹھ جاتے ہیں۔ اس طرح پانی کی ٹمپریری ہارڈنیس ختم ہو جاتی ہے۔

$$Mg(HCO_3)_{2(aq)} + Ca(OH)_{2(aq)} \longrightarrow MgCO_{3(aq)} + CaCO_{3(aq)} + 2H_2O_{(l)}$$

$$Ca(HCO_3)_{2(aq)} + Ca(OH)_{2(aq)} \longrightarrow 2CaCO_{3(aq)} + 2H_2O_{(l)}$$

22. سوڈیم زیولائٹ پانی کو کیسے سوفٹ کرتا ہے؟ (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)

جواب: سوڈیم زیولائٹ، سوڈیم ایلومینیم سلیکیٹ $NaA\ell(SiO_3)_2$ کا قدرتی طور پر پایا جانے والا ریزن (resin) ہے۔ اسے مصنوعی طریقے سے بھی بنایا جا سکتا ہے۔ یہ گھریلو اور انڈسٹریل سطح پر پانی کو سوفٹ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

جب پانی کو ریزن سے گزارا جاتا ہے تو سوڈیم آئنز ہارڈ واٹر میں موجود کیلسیم اور میگنیشیم آئنز سے تبادلہ کر لیتے ہیں۔

$$Na_2\ \text{زیولائٹ} + CaSO_4 \longrightarrow Ca\ \text{زیولائٹ} + Na_2SO_4$$

23. پانی کی ہارڈنیس کی دو اقسام مختصراً بیان کریں۔ (BWP-GII,RWP-GII,FSD-GII)

جواب: پانی کی ہارڈنیس کی اقسام: (i) **ٹمپریری ہارڈنیس:** ٹمپریری ہارڈنیس کی وجہ کیلسیم اور میگنیشیم کے بائی کاربونیٹس کی موجودگی ہے۔

(ii) **پرمانینٹ ہارڈنیس:** پرمانینٹ ہارڈنیس کی وجہ کیلسیم اور میگنیشیم کے سلفیٹس اور کلورائڈز کی موجودگی ہے۔

24. پانی میں چونے کا پتھر کیسے حل ہوتا ہے؟ (LHR-I/II,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II)

جواب: بارش کا پانی جب نیچے آتا ہے تو اٹموسفیئر سے CO_2 جذب کرتا ہے۔ یہ CO_2 ملا پانی جب مٹی کی تہوں سے گزرتا ہے تو کیلسیم اور میگنیشیم کے ان سولیبل کاربونیٹس کو بائی کاربونیٹس میں تبدیل کر دیتا ہے۔

$$CaCO_3 + CO_2 + H_2O \longrightarrow Ca(HCO_3)_2$$

15.4 واٹر پلوشن

25. لیچنگ پروسس کیا ہے؟ (FSD-GII,BWP-GI,MTN-GII)

جواب: فصلوں کی کاشتکاری کی وجہ سے فرٹیلائزرز اور پیسٹی سائیڈز کے کیمیکلز زمین کے اندر رس کر زمینی پانی میں شامل ہو جاتے ہیں جو عام طور پر لیچنگ پروسس کہلاتا ہے۔ زمینی پانی میں نائٹریٹ کی بہت زیادہ مقدار کی وجہ زرعی کھیتوں سے آبپاشی کے پانی کا زمینی پانی میں شامل ہونا ہے۔

26. ڈیٹرجینٹس کے نقصانات بیان کیجئے۔ (LHRL-GI,MTN-GII,GUJ-GII,SGD-GI,BWP-GI)

جواب: ڈیٹرجینٹس کے نقصانات: (i) کچھ ڈیٹرجینٹس نان بائیوڈی گریڈایبل ہوتے ہیں۔ جب ڈیٹرجینٹس ملا گھریلو استعمال کا پانی ندی نالوں، دریاؤں اور جھیلوں میں جاتا ہے تو واٹر پلوشن کا سبب بنتا ہے۔ (ii) ڈیٹرجینٹس لمبے عرصے تک پانی میں موجود رہتے ہیں اور اسے آبی حیات کے لیے ناموزوں بنا دیتے ہیں۔

27. بائیوڈی گریڈایبل اور نان بائیوڈی گریڈایبل اشیا میں کیا فرق ہے؟ (FSD-I/II,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب:

بائیوڈی گریڈایبل	نان بائیوڈی گریڈایبل
ایسی اشیا جنہیں مائیکرو آرگنزمز جیسا کہ بیکٹیریا ڈی کمپوز کر سکتے ہوں بائیوڈی گریڈایبل اشیا کہلاتی ہیں۔ مثال: مردہ پودے اور جانور۔	ایسی اشیا جنہیں مائیکرو آرگنزمز جیسا کہ بیکٹیریا ڈی کمپوز نہیں کر سکتے نان بائیوڈی گریڈایبل اشیا کہلاتی ہیں۔ مثال: ڈیٹرجینٹس

28. انڈسٹریل ویسٹ کیا ہے؟ (LHR-I/II,GUJ-I/II,FSD-I/II,MUL-I,SGD-II,DGK-I,SWL-I)

جواب: انڈسٹریل ویسٹ: انڈسٹریل یونٹس معاشرے کی ضروریات پورا کرنے کے لیے مطلوبہ اشیاء پیدا کرنے کے لیے تجارتی سطح پر لگائے جاتے ہیں۔لیکن بد قسمتی سے تمام انڈسٹریل یونٹس اپنا ویسٹ، کیمیکلز،ٹھوس میٹریلز ،منرل ایسڈز وغیرہ کھلے میدان یا بہتے پانی میں پھینک دیتے ہیں، یہ انڈسٹریل ویسٹ کہلاتا ہے۔

29. ڈیٹرجینٹس کس طرح پانی میں آکسیجن کی کمی کا باعث بنتے ہیں؟ (GUJ-I/II,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: ڈیٹرجینٹس میں موجود فاسفیٹس سالٹس پانی میں الجی کی گروتھ کو تیز کر دیتے ہیں جو پانی کی سطح پر تیرتی ہے۔جس کے گلنے سڑنے سے پانی میں موجود آکسیجن کی کمی واقع ہو جاتی ہے جو ایکوئس لائف کی موت کا سبب بنتی ہے۔اس طرح سے ڈیٹرجینٹس پانی میں آکسیجن کی کمی کا باعث بنتے ہیں۔

15.5 پانی کی وجہ سے پیدا ہونے والی متعدی بیماریاں

30. یرقان کیا ہوتا ہے؟اس کی علامات تحریر کیجیے۔ (GUJ-I,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II)

جواب: یرقان خون میں بائل پگمنٹس کی زیادتی کی وجہ سے ہوتا ہے۔

یرقان کی علامات: یرقان میں جگر کام کرنا چھوڑ دیتا ہے اور آنکھیں پیلی ہو جاتی ہیں۔مریض تھکن اور کمزوری محسوس کرتا ہے۔

31. کرپٹوسپوریڈیم کے بارے میں تحریر کیجیے۔ (GUJ-I/II,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: کرپٹوسپوریڈیم پانی کے پیدا کردہ مائیکرو آرگنزمز ہیں جو گیسٹرو انٹیسٹائنل بیماری کا سبب بنتے ہیں جس میں ڈائیریا اور قے کرنا شامل ہے۔یہ چھوٹے جراثیم سطحی پانی کے سورسز جیسا کہ تالابوں، جھیلوں اور دریاؤں میں پائے جاتے ہیں۔

32. ہیپاٹائٹس اور یرقان میں کیا فرق ہے؟ (SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: ہیپاٹائٹس اور یرقان میں فرق:

ہیپاٹائٹس: ہیپاٹائٹس جگر کی سوزش کی بیماری ہے۔یہ پانچ وائرسز کی وجہ سے ہوتی ہے۔جس میں A,B,C,D اور E شامل ہیں۔ہیپاٹائٹس A اور E گندے پانی کی وجہ سے ہوتی ہے۔

یرقان: یرقان خون میں بائل پگمنٹس کی زیادتی کی وجہ سے ہوتا ہے۔جگر کام کرنا چھوڑ دیتا ہے اور آنکھیں پیلی ہو جاتی ہیں۔مریض تھکن اور کمزوری محسوس کرتا ہے۔

33. واٹر بورن (water born) بیماریوں سے کیا مراد ہے؟ (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)

جواب: واٹر بورن (پانی سے پیدا ہونے والی) بیماریاں: وہ بیماریاں جو پلوٹڈ پانی پینے سے یا اس سے تیار کردہ خوراک کھانے سے پیدا ہوتی ہیں انہیں واٹر بورن (water born) بیماریاں کہتے ہیں۔مثلاً ہیضہ، ڈائیریا اور یرقان وغیرہ۔

34. پیچش (dysentery) اور ٹائیفائیڈ کیا ہوتے ہیں؟ (LHR-I/II,GUJ-I/II,FSD-I/II,MUL-I,SGD-II,DGK-I,SWL-I)

جواب: پیچش: یہ آنتوں کی ایک بیماری ہے جو مخصوص بیکٹیریا یا پیراسائٹس کی وجہ سے ہوتی ہے۔یہ ڈائیریا کی انتہائی حالت ہے۔

ٹائیفائیڈ: ٹائیفائیڈ بیکٹیریا سے پیدا ہونے والی ایک خطرناک بیماری ہے جو پلوٹڈ واٹر یا اس سے تیار کردہ خوراک سے پھیلتی ہے۔

35. کلورینیشن سے کیا مراد ہے؟ (LHR-II,GUJ-I/II,FSD-I,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: پانی کے اندر کلورین شامل کرنے کے عمل کو کلورینیشن کہتے ہیں۔کلورین بیکٹیریا اور دوسرے مائیکرو آرگنزم کو ختم کر دیتی ہے۔ $C\ell_2$ خود انہیں نہیں مارتی بلکہ یہ پانی کے ساتھ ری ایکٹ کر کے ہائپوکلورس ایسڈ $(HOC\ell)$ اور ہائڈروکلورک ایسڈ $(HC\ell)$ بناتی ہے۔

$$C\ell_{2(g)} + H_2O_{(l)} \longrightarrow HOC\ell_{(aq)} + H^+_{(aq)} + C\ell^-_{(aq)}$$

$(HOC\ell)$ مزید آئیونائز ہو کر ہائپوکلورائٹ اور پروٹان بناتا ہے۔

$$HOC\ell_{(aq)} \xrightarrow{+} H^+_{(aq)} + OC\ell^-_{(aq)}$$

دونوں پروڈکٹس $HOC\ell$ اور $OC\ell^-$ بیکٹیریا اور مائیکرو آرگنزمز کو مارتی ہیں۔

36. یرقان اور ٹائیفائیڈ کی وجہ کیا ہے؟ (FSD-I/II,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: یرقان: یرقان خون میں بائل پگمنٹس کی زیادتی کی وجہ سے ہوتا ہے۔

ٹائیفائیڈ: ٹائیفائیڈ پلوٹڈ واٹر یا اس سے تیار کردہ خوراک کی وجہ سے ہوتا ہے۔

مشقی سوالات کا حل

Multiple Choice Questions کثیر الانتخابی سوالات

1. پانی کی مندرجہ ذیل خصوصیات میں سے کونسی پودوں میں پانی کے اوپر چڑھنے کی ذمہ داری ہے؟
(A) خاص ہیٹ کپیسٹی (B) سرفیس ٹینشن (C) بہترین سولوینٹ ایکشن (D) کیپلری ایکشن

2. پانی کی مخصوص ہیٹ کپیسٹی مندرجہ ذیل میں سے کون سی ہے؟
(A) $4.2KJg^{-1}K^{-1}$ (B) $4.2Jg^{-1}K^{-1}$ (C) $2.4KJg^{-1}K^{-1}$ (D) $2.4Jg^{-1}K^{-1}$

3. پانی نان آئیونک کمپاؤنڈز کو کس وجہ سے حل کر سکتا ہے؟ (LHR-I)
(A) آئن ۔ آئن فورسز (B) آئن ۔ ڈائی پول فورسز (C) ڈائی پول ۔ ڈائی پول فورسز (D) ہائڈروجن بانڈنگ

4. ٹمپریری ہارڈنیس کس کی وجہ سے ہوتی ہے؟
(A) $Ca(HCO_3)_2$ (B) $CaCO_3$ (C) $MgCO_3$ (D) $MgSO_4$

5. ٹمپریری ہارڈنیس کو کون سا سالٹ ڈال کر ختم کیا جاتا ہے؟
(A) ان بجھا چونا (B) سوڈیم کاربونیٹ (C) چونے کا پتھر (D) چونے کا پانی

6. پرمانینٹ ہارڈنیس کو کس کے استعمال سے ختم کیا جاتا ہے؟
(A) سوڈیم زیولائٹ (B) سوڈا ایش (C) چونے کا پتھر (D) اَن بجھا چونا

7. مندرجہ ذیل میں سے کونسا سالٹ واٹر کو پرمانینٹ ہارڈ بناتا ہے؟
(A) Na_2CO_3 (B) $NaHCO_3$ (C) $Ca(HCO_3)_2$ (D) $CaSO_4$

8. ڈیٹرجنٹ میں کون سے سالٹس کی موجودگی کی وجہ سے پانی میں الجی کی گروتھ تیز ہوتی ہے؟ (RWP-I,DGK-I)(ALP)
(A) کاربونیٹ سالٹس (B) سلفیورک ایسڈ سالٹس (C) سلفیٹ سالٹس (D) فاسفیٹ سالٹس

9. مندرجہ ذیل میں سے کون سا عمل پانی سے O_2 کے خاتمے کی وجہ نہیں ہے؟
(A) ایکوئس پودوں کے گلنے سڑنے سے (B) ایکوئس پودوں کی بوسیدگی سے
(C) ایکوئس پودوں کی تیز گروتھ سے (D) ایکوئس پودوں کی ڈی کمپوزیشن سے

10. مندرجہ ذیل میں سے کون سی بیماری جگر کی سوزش کا سبب بنتی ہے؟ (SRG-II,SWL-I,MLT-I,FSD-I)(ALP)
(A) ٹائیفائڈ (B) یرقان (C) ہیضہ (D) ہیپاٹائٹس

11. مندرجہ ذیل میں سے کون سی بیماری ڈائیریا کا سبب بنتی ہے اور مہلک ہو سکتی ہے؟ (MLT-II)(ALP)
(A) یرقان (B) ڈائیریا (C) ہیضہ (D) ٹائیفائڈ

12. پانی میں موجود نقصان دہ بیکٹیریا ختم کرنے کے لیے کونسی گیس استعمال کی جاتی ہے؟ (GUJ-I,RWP-II)(ALP)
(A) آئیوڈین (B) کلورین (C) فلورین (D) برومین

13. مندرجہ ذیل آئنز میں سے کونسا آئن واٹر ہارڈنیس کی وجہ بنتا ہے؟
(A) Al^{3+} (B) Mg^{2+} (C) Fe^{2+} (D) Na^+

14. ہڈیوں اور دانتوں کے خراب ہونے کی وجہ کون سی بیماری ہے؟
(A) فلوروسیس (fluorosis) (B) ہیپاٹائٹس (C) ہیضہ (D) یرقان

15. آئیونک کمپاؤنڈز کس وجہ سے پانی میں سولیبل ہیں؟ (BWP-II,DGK-II)(ALP)

(A) ہائیڈروجن بانڈنگ (B) آئن۔ڈائی پول فورسز

(C) ڈائی پول۔ڈائی پول فورسز (D) ڈائی پول۔انڈیوسڈ ڈائی پول فورسز

16. پیسٹس کو مارنے کے لیے استعمال ہونے والے کیمیکلز پیسٹی سائیڈز کہلاتے ہیں۔ یہ کون سے کیمیکلز ہیں؟

(A) خطرناک ان آرگینک کیمیکلز (B) خطرناک آرگینک کیمیکلز

(C) مفید ان آرگینک کیمیکلز (D) مفید آرگینک کیمیکلز

جوابات: (کثیرالانتخابی سوالات)

1	D	2	B	3	D	4	A	5	D
6	A	7	D	8	D	9	C	10	D
11	C	12	B	13	B	14	A	15	B
16	B								

مختصر سوالات Short Questions

1. پودوں میں پانی کیسے اوپر چڑھتا ہے؟

جواب: پودوں میں پانی کیپیلری ایکشن کے ذریعے جڑوں سے پتوں تک اوپر چڑھتا ہے۔

2. پانی میں پولراشیا کے حل ہونے کی وجہ کونسی فورسز ہیں؟ (MLT-II,DGK-I/II)(ALP)

جواب: پانی میں پولراشیا کے حل ہونے کی وجہ پانی کے مالیکیول اور کمپاؤنڈ کے آئن میں موجود ڈائی پول فورسز ہیں۔

3. پانی میں نان پولر کمپاؤنڈ حل کیوں نہیں ہوتے؟ (MLT-I,FSD-I)(ALP)

جواب: پانی میں نان پولر کمپاؤنڈ حل نہیں ہوتے کیونکہ ان میں پولر سائیڈز یا بانڈز نہیں ہوتے اور پانی کے مالیکیول انہیں کشش نہیں کر سکتے۔

4. پانی میں شوگر اور الکوحل کیوں حل ہوتے ہیں؟

جواب: پانی کا مالیکیول آکسیجن اور ہائیڈروجن ایٹمز پر مشتمل ہے۔ دو O−H بانڈز اور دو لون پیئرز کی موجودگی کی وجہ سے ایک H_2O مالیکیول چار دوسرے H_2O مالیکیولز کے ساتھ ہائیڈروجن بانڈنگ بنا سکتا ہے جو کہ H_2O مالیکیول کے گرد ٹیٹراہیڈرل (tetrahedral) ترتیب میں جڑے ہوتے ہیں۔ پانی کا یہ برتاؤ اسے بہت سے ہائیڈروآکسل گروپ (OH−) رکھنے والے پولر نان۔آئیونک کمپاؤنڈز جیسا کہ الکوحلز، آرگینک ایسڈز، گلوکوز، شوگر وغیرہ کے ساتھ ہائیڈروجن بانڈنگ بنا کر انہیں حل کرنے کے قابل بناتا ہے۔

5. پانی میں چونے کا پتھر کیسے حل ہوتا ہے؟

جواب: بارش کا پانی جب نیچے آتا ہے تو اٹموسفیئر سے CO_2 جذب کرتا ہے۔ یہ CO_2 ملا پانی جب مٹی کی تہوں سے گزرتا ہے تو کیلشیم اور میگنیشیم کے ان سولیبل کاربونیٹس کو بائی کاربونیٹس میں تبدیل کر دیتا ہے۔

$$CaCO_{3(s)} + CO_{2(g)} + H_2O_{(\ell)} \longrightarrow Ca(HCO_3)_{2(aq)}$$

6. سوفٹ اور ہارڈ واٹر میں موازنہ کریں۔

جواب: سوفٹ واٹر صابن کے ساتھ اچھا جھاگ بناتا ہے جبکہ ہارڈ واٹر صابن کے ساتھ جھاگ نہیں بناتا اور اس میں کیلسیم اور میگنیشیم کے سلفیٹ، کلورائڈز اور بائی کاربونیٹ پائے جاتے ہیں۔

7. واٹر ہارڈنیس کی وجوہات کیا ہیں؟

جواب: واٹر ہارڈنیس کی وجوہات: پانی میں کیلسیم اور میگنیشیم کے بائی کاربونیٹس، کلورائڈز اور سلفیٹس کا موجود ہونا واٹر ہارڈنیس پیدا کرتا ہے۔ بارش کا پانی نیچے آتے ہوئے (ہوا) میں سے کاربن ڈائی آکسائڈ جذب کر لیتا ہے۔ جب یہ CO_2 والا پانی مٹی (چٹانوں) میں سے گزرتا ہے تو کیلسیم اور میگنیشیم کے ان سولیبل کاربونیٹس کو سولیبل بائی کاربونیٹس میں تبدیل کر دیتا ہے۔ یہ پانی کیلسیم اور میگنیشیم کے کلورائڈز اور سلفیٹس کو بھی حل کر لیتا ہے۔ پانی میں یہ حل شدہ کیلسیم اور میگنیشیم کے بائی کاربونیٹس، کلورائڈز اور سلفیٹس واٹر ہارڈنیس پیدا کرتے ہیں۔

$$CaCO_{3(s)} + CO_{2(g)} + H_2O_{(\ell)} \longrightarrow Ca(HCO_3)_{2(aq)}$$

$$MgCO_{3(s)} + CO_{2(g)} + H_2O_{(\ell)} \longrightarrow Mg(HCO_3)_{2(aq)}$$

.8 واٹر پر ٹمپریری ہارڈنیس کے کیا اثرات ہیں؟

جواب: واشنگ میں رکاوٹ، صابن کی زیادہ مقدار کا خرچ ہونا۔ معدے میں خرابی پیدا ہونا۔

.9 ڈیٹرجینٹس کے نقصانات بیان کریں؟

جواب: ڈیٹرجینٹس نان۔بائیوڈی گریڈ ایبل ہیں۔ جب ڈیٹرجینٹس ملا پانی ندیوں، تالابوں اور جھیلوں وغیرہ شامل ہوتا ہے تو واٹر پلوشن کا باعث بنتا ہے۔ مزید ڈیٹرجینٹس میں موجود فاسفیٹ سالٹس پانی میں موجود الجی کی گروتھ کو تیز کرتے ہیں جو پانی میں موجود آکسیجن کو کم کرنے کا سبب بنتی ہے۔

.10 بائیوڈی گریڈ ایبل اور نان بائیوڈی گریڈ ایبل اشیا میں کیا فرق ہے؟

جواب: ایسی اشیا جن کو مائیکرو آرگنزمز ڈی کمپوز کر سکتے ہیں بائیوڈی گریڈ ایبل اشیا کہلاتی ہیں مثلاً مردہ جانور اور پودے۔ جبکہ ایسی اشیا جن کو مائیکرو آرگنزمز ڈی کمپوز نہیں کر سکتے نان۔بائیوڈی گریڈ ایبل اشیا کہلاتی ہیں مثلاً ڈیٹرجینٹس اور پلاسٹکس۔

.11 ڈیٹرجینٹس پانی کو کیسے ایکوئس لائف کے لیے مہلک بناتے ہیں؟ (DGK-II)(ALP)

جواب: **ڈیٹرجینٹس کا عمل:** ڈیٹرجینٹس میں موجود فاسفیٹس سالٹس پانی میں الجی کی گروتھ کو تیز کر دیتے ہیں جو پانی کی سطح پر تیرتی ہے۔ جس کے گلنے سڑنے سے پانی میں موجود آکسیجن کی کمی واقع ہو جاتی ہے جو ایکوئس لائف کی موت کا سبب بنتی ہے۔ اس طرح سے ڈیٹرجینٹس پانی میں آکسیجن کی کمی کا باعث بنتے ہیں۔

.12 پیسٹی سائڈز کیوں استعمال کیے جاتے ہیں؟ (GUJ-I)(ALP)

جواب: **پیسٹی سائڈز کے استعمالات:** (i) پیسٹی سائڈز پیسٹس (کیڑے، سنڈیاں وغیرہ) کو مارنے یا قابو کرنے کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔

(ii) یہ فنجائی اور وائرسز وغیرہ کو بھی قابو کرنے کیلئے استعمال ہوتے ہیں۔

(iii) یہ پیسٹس، سنڈیاں، جڑی بوٹیاں، کیڑے مکوڑے، فنجائی یا وائرسز وغیرہ ہو سکتے ہیں۔

.13 پانی کی وجہ سے پیدا ہونے والی بیماریوں کی وجوہات کیا ہیں؟ (DGK-I)(ALP)

جواب: پانی کی وجہ سے پیدا ہونے والی بیماریوں کی وجوہات پانی میں موجود زہریلی اشیا یا مائیکرو آرگنزمز ہیں جو صاف پانی کو پلوٹڈ کرنے کا باعث بنتی ہیں۔ زہریلی اشیا میں آرسینک، مرکری، لیڈ اور بہت سے آرگینک کیمیکلز شامل ہیں۔ مائیکرو آرگنزمز میں وائرسز، بیکٹیریا اور ورمز ہیں۔ پانی کی وجہ سے پیدا ہونے والی بیماریوں کے تیزی سے پھیلنے کی وجہ سینی ٹیشن کی مناسب سہولیات کا فقدان بھی ہے۔

.14 پانی کی وجہ سے پیدا ہونے والی بیماریوں سے کیسے محفوظ رہا جا سکتا ہے؟ (GUJ-I)(ALP)

جواب: پانی کی وجہ سے پیدا ہونے والی بیماریوں سے بچاؤ کے مندرجہ ذیل طریقے ہیں:

(i) **صاف پانی:** پینے کا پانی اچھے طریقے سے صاف ہونا چاہیے۔

(ii) **اچھا سینٹری سسٹم:** سیوریج کا اچھا سینٹری سسٹم ہونا چاہیے۔ کسی بھی قسم کا ویسٹ پانی میں نہیں پھینکنا چاہیے۔

(iii) **زہریلے کیمیکلز:** پیسٹی سائڈز اور دوسرے کیمیکلز پر سخت کنٹرول ہونا چاہیے۔ کیمیکل پلوشن سے شدید بیماری ہو سکتی ہے۔ خطرناک کیمیکلز زہریلے اور کینسر پیدا کرتے ہیں۔

انشائیہ طرز سوالات Long Questions

.4 واٹر پلوشن کے چار اثرات لکھیں۔ [RWP-GII-21](ALP)

جواب: **واٹر پلوشن کے اثرات (Effects of Water Pollution):**

(i) پلوٹڈ واٹر انسانی صحت کے لیے خطرناک ہے۔ مثلاً پلوٹڈ واٹر پینے سے ہیضہ، ٹائیفائیڈ اور ڈائریا ہو سکتا ہے۔

(ii) پلوٹڈ واٹر جانوروں اور پرندوں کے لیے خطرناک ہے۔

(iii) پلوٹڈ واٹر سے ایکوئس لائف تباہ ہو رہی ہے جس سے فوڈ چین میں گڑبڑ پیدا ہو رہی ہے۔

(iv) پلوٹڈ واٹر سے قدرتی مناظر (دریاؤں، جھیلوں) کی خوبصورتی کم ہو رہی ہے۔

.2 پانی کی وجہ سے پیدا ہونے والی کوئی سی چار متعدی بیماریوں پر نوٹ لکھیں۔ [SGD-GII-21][RWP-GI-21][SWL-21](ALP)

جواب: **متعدی بیماریاں (Infectious Diseases):** وہ بیماریاں جو پلوٹڈ واٹر پینے سے یا اس سے تیار کردہ خوراک کھانے سے پیدا ہوتی ہیں تو انہیں متعدی بیماریاں کہتے ہیں۔ مثلاً ہیضہ، ڈائریا اور یرقان وغیرہ۔

(i) **ڈائریا کی بیماریاں (Diarrheal Diseases):**

(a) یہ آنتوں کی وہ بیماریاں ہیں جن سے جسم میں خطرناک حد تک پانی کی کمی ہو سکتی ہے۔ مثلاً ہیضہ اور پیچش وغیرہ۔

(b) بیکٹیریا، وائرسز اور پیراسائٹس ڈائریا کا سبب بن سکتے ہیں۔

(ii) **پیچش (Dysentery):**

(a) پیچش آنتوں کی بیماری ہے

(b) یہ مخصوص بیکٹیریا یا پیراسائٹس کی وجہ سے ہوتی ہے۔

(c) یہ ڈائریا کی انتہائی حالت ہے۔

(d) اس میں "ڈکس" خون بھی آ سکتا ہے۔

(iii) **ہیضہ (Cholera):**

(a) ہیضہ ایک بیکٹیریا "وائبرس کولرا" (Vibrious Cholera) سے پیدا ہونے والی بیماری ہے۔

(b) ہیضہ کا بیکٹیریا پلوٹڈ واٹر میں پایا جاتا ہے۔

(c) ہیضہ سے شدید ڈائریا ہو سکتا ہے اور مہلک بن سکتا ہے۔

(iv) **ہیپاٹائٹس (Hepatitis):**

(a) جگر کی سوزش کو ہیپاٹائٹس کہتے ہیں۔

(b) یہ پانچ وائرسز میں سے ایک کی وجہ سے ہوتی ہے انہیں ہیپاٹائٹس A، B، C، D اور E کہتے ہیں۔

(c) ہیپاٹائٹس A اور E پلوٹڈ واٹر کی وجہ سے ہوتی ہے۔

.3 پانی کی کوئی چار خصوصیات لکھیے۔ [DGK-GI-21](ALP)

جواب: پانی کی خصوصیات (Properties of Water):

(i) پانی دو ایلیمنٹس H اور O پر مشتمل ہے۔ پانی کے مالیکیول میں H کے دو ایٹمز اور O کا ایک ایٹم ہوتا ہے۔

(ii) خالص پانی بے رنگ، بے بو اور بے ذائقہ ہوتا ہے۔

(iii) پانی پر ٹسٹ کا کوئی اثر نہیں ہوتا (پانی نیوٹرل ہے)۔

(iv) پانی کا فریزنگ پوائنٹ 0°C اور بوائلنگ پوائنٹ 100°C ہے۔

.4 ہارڈ واٹر کی تعریف کیجیے۔ ہارڈ واٹر کے نقصانات تحریر کیجیے۔ [MTN-GI-21](ALP)

جواب: ہارڈ واٹر (Hard Water):

وہ واٹر جو صابن کے ساتھ جھاگ نہیں بناتا اسے ہارڈ واٹر کہتے ہیں۔ ہارڈ واٹر میں کیلشیم اور میگنیشیم کے سالٹس موجود ہوتے ہیں۔

ہارڈ واٹر کے نقصانات: (i) ہارڈ واٹر پینے سے معدے میں خرابی پیدا ہوتی ہے۔

(ii) ہارڈ واٹر استعمال کرنے سے صابن زیادہ استعمال ہوتا ہے۔ اس سے واشنگ میں رکاوٹ ہوتی ہے۔

(iii) ہارڈ واٹر استعمال کرنے سے سٹیم انجن، ٹربائن اور بوائلر (Boiler) کے پھٹنے کا خطرہ ہوتا ہے۔ اس میں فیول (fuel) بھی زیادہ استعمال ہوتا ہے۔ جب سٹیم انجن، ٹربائن اور بوائلر میں ہارڈ واٹر استعمال کرتے ہیں تو کیلشیم اور میگنیشیم کے اِن سولیبل سالٹس ان کے اندر لیئر (تہہ، Layer) بنا لیتے ہیں انہیں سکیلز کہتے ہیں۔ یہ سکیلز ہیٹ کی ناقص کنڈکٹرز ہیں۔ اس لیے فیول زیادہ استعمال ہوتا ہے۔ انجن کی کارکردگی کم ہو جاتی ہے اور بوائلر کے پھٹنے کا خطرہ ہوتا ہے۔

.5 ڈومیسٹک افلیونٹس کی وضاحت کیجیے۔ [BWP-GI-21](ALP)

جواب: ڈومیسٹک افلیونٹس (Domestic Effluents): گھروں کی صفائی میں استعمال شدہ پانی میں کچھ اِن سولیبل امپیوریٹیز شامل ہوتی ہیں۔ انہیں ڈومیسٹک افلیونٹس کہتے ہیں۔ مثلاً خوراک کا ویسٹ، کوڑا کرکٹ بوتلیں، کیمیکلز، صابن اور واشنگ پاؤڈر وغیرہ۔ جب یہ ڈومیسٹک افلیونٹس دریاؤں، ندیوں، تالابوں اور جھیلوں میں شامل ہوتے ہیں تو واٹر پلوشن پیدا کرتے ہیں۔ اس واٹر پلوشن سے انسانوں میں کئی بیماریاں پھیلتی ہیں اور ایکوئس لائف بُری طرح متاثر ہوتی ہے۔

ایکوئس لائف پر اثرات: ڈیٹرجینٹس ملے پلوٹڈ واٹر میں فاسفیٹ سالٹس ہوتے ہیں۔ اس سے الجی (algae) کی گروتھ تیز ہو جاتی ہے۔ یہ الجی پانی کی سطح پر تیرتی رہتی ہے۔ اس سے سورج کی روشنی اور ہوا ایکوئس لائف تک پہنچ سکتی۔ پھر جب الجی مرتی ہے تو بیکٹیریا اسے ڈی کمپوز کرنے کے لیے پانی کی آکسیجن استعمال کرتے ہیں۔

باب 16 کیمیکل انڈسٹریز

پنجاب بھر کے سالانہ بورڈ پرچہ جات 2014 - 2021

ALP Annual Paper 2021

کثیر الانتخابی سوالات

1. چالکوپائیرائٹ کا کیمیائی فارمولا ہے: (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)
(A) Cu_2S (B) $CuFeS_2$ (C) CuS (D) FeS

2. تقریباً 90% یوریا استعمال ہوتا ہے۔ (BWP-II)
(A) فرٹیلائزر (B) دھماکہ خیز اشیا (C) آٹوموبائل سسٹم (D) زہریلے مادے

2014 - 2020

16.1 بنیادی میٹلرجیکل آپریشنز

3. منرلز میں موجود امپیورٹیز کہلاتی ہیں: (GUJ-I/II,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)
(A) میٹالرجی (B) اورز (C) گینگ (D) کمپاؤنڈز

4. چالکوپائرائٹ کس کی اور ہے؟ (GUJ-I,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II)
(A) کاپر (B) سلور (C) آئرن (D) ایلومینیم

5. کاپر میٹلرجی میں سلیگ کون سی ہوتی ہے؟ (SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)
(A) SiO_2 (B) $FeSiO_3$ (C) CaO (D) $CaSiO_3$

16.2 سالوے پروسس سے سوڈیم کاربونیٹ کی تیاری

6. چونے کی بھٹی میں درج ذیل ری ایکشن کے مکمل ہونے کی وجہ ہے: (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)
(A) $CaCO_3$ کی نسبت CaO کا زیادہ مستحکم ہونا (B) CaO کا نہ ٹوٹنا
(C) کم ٹمپریچر (D) CO_2 کا مسلسل خارج ہونا

7. امونیا تیار کیا جاتا ہے: (LHR-II,GUJ-I/II,FSD-I,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)
(A) سالوے پروسس سے (B) ہابر پروسس سے (C) فلوٹیشن پروسس سے (D) بابر پروسس سے

8. ہائیڈروجن اور نائٹروجن کے ملنے سے امونیا بننے کا عمل بیان کیا: (FSD-I/II,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)
(A) ڈالٹن (B) تھامسن (C) ہابر (D) ویگ

16.3 یوریا کی تیاری

9. یوریا میں نائٹروجن کی فیصد مقدار ہے: (GUJ-I/II,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)
(A) 76.6% (B) 66.6% (C) 56.6% (D) 46.6%

10. پودے یوریا میں موجود نائٹروجن کس کی تیاری میں استعمال کرتے ہیں؟ (LHR-GII,BWP-GII,RWP-GI)
(A) شوگر (B) پروٹینز (C) فیٹس (D) DNA

11. ہابر کے عمل میں کیٹالسٹ استعمال ہوتا ہے: (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)
(A) نکل (B) پلاٹینم (C) کیڈمیم (D) آئرن

.12 ہابر پروسس کی مدد سے تیار ہونے والی گیس ہے: (LHR-I/II,GUJ-I/II,FSD-I/II,MUL-I,SGD-II,DGK-I,SWL-I)

(A) CO_2 (B) SO_2 (C) HI (D) NH_3

16.4 پٹرولیم انڈسٹری

.13 ان میں سے کون سی پٹرولیم کی فریکشن نہیں ہے؟ [GUJ-I,FSD-II,MTN-I,BWP-II]

(A) مٹی کا تیل (B) ڈیزل آئل (C) الکوحل (D) پیٹرول

.14 فیول آئل میں کاربن ہوتی ہے۔ [SGD-I,MTN-I/II,BWP-I,SWL-II]

(A) C_7-C_{10} (B) $C_{10}-C_{12}$ (C) $C_{15}-C_{18}$ (D) یہ سب

.15 کروڈ آئل کو ہائی پریشر پر ایک فرنس میں کس درجہ حرارت تک گرم کیا جاتا ہے؟ [RWP-II,DGK-I,GUJ-II,BWP-II]

(A) $300^\circ C$ (B) $400^\circ C$ (C) $500^\circ C$ (D) $600^\circ C$

.16 ڈیزل آئل میں کاربن کی کمپوزیشن ہے [LHR-II,GUJ-II,RWP-I,FSD-II,SWL-II]

(A) C_7 to C_{10} (B) C_{10} to C_{12} (C) C_{13} to C_{15} (D) C_{15} to C_{18}

جوابات

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
B	A	C	A	B	D	B	C	D	B
11	12	13	14	15	16				
D	D	C	C	B	C				

ALP Annual Paper 2021

مختصر سوالات

.1 میٹلرجی کی تعریف کیجیے۔ (LHR-GII,RWP-GI,II,DGK-GI,FSD-GI,II,BWP-GI,II)

جواب: **میٹلرجی:** بڑے پیمانے پر طبیعی یا کیمیائی پروسیسز کی مدد سے اُور سے میٹل کو خالص حالت میں حاصل کرنے کا عمل میٹلرجی کہلاتا ہے۔

.2 منرلز کی تعریف کیجیے۔ (SWL-GII,GUJ-GI,SGD-GII,DGK-GII)

جواب: **منرلز (Minerals):** زمین کی سطح کے نیچے پائے جانے والے قدرتی ٹھوس میٹیریلز، جو میٹلز اور زمین کی امپیورٹیز (Impurities) کی یکجا حالت کے کمپاؤنڈز پر مشتمل ہوں منرلز کہلاتے ہیں۔

.3 الیکٹرومیگنیٹ سیپریشن کا عمل تحریر کیجیے۔ (SWL-GI,GUJ-GI,RWP-GI,DGK-GI)

جواب: الیکٹرومیگنیٹک سیپریشن کے عمل میں الیکٹرومیگنٹس یا میگنیٹک سیپریٹرز کی مدد سے میگنیٹک اور کو نان میگنیٹک امپیورٹیز سے الگ کیا جاتا ہے اُور کے پاؤڈر کو دو رولرز پر حرکت کرتے ہوئے لیدر بیلٹ پر ڈالا جاتا ہے جن میں سے ایک رولر میگنیٹک ہوتا ہے۔ اُور کا میگنیٹک حصہ بیلٹ سے چمٹ کر ذرا آگے جا کر گرتا ہے جبکہ نان میگنیٹک حصہ بیلٹ کے نیچے پہلے گر جاتا ہے۔

.4 میٹلرجی پروسس میں گریویٹی سیپریشن پر مختصر نوٹ تحریر کریں۔ SGD-GI,GII,MTN-GI,GUJ-GI,GUJ-GI

جواب: **گریویٹی سیپریشن:** میٹلک اُور اور گینگ پارٹیکلز کو ڈینسٹیز کی بنیاد پر علیحدہ کرنے کا پروسس گریویٹی سیپریشن کہلاتا ہے۔ اس پروسس میں اُور میں موجود بھاری میٹل کا پاؤڈر نیچے بیٹھ جاتا ہے جبکہ گینگ کے ہلکے پارٹیکلز پانی کے ساتھ بہہ جاتے ہیں۔

.5 اُورز کیا ہیں؟ کاپر کے دو اُورز کے نام لکھیے۔ (LHR-II,GUJ-I/II,FSD-I,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: وہ منرلز جن سے تجارتی پیمانے پر آسانی اور کم لاگت سے میٹلز حاصل کی جا سکتی ہوں میٹلز کی اُورز کہلاتی ہیں۔ مثال کے طور پر کاپر کی اُورز کاپر گلانس Cu_2S اور چالکوپائرائٹ $CuFeS_2$ ہیں۔

6. بلسٹر کاپر کیا ہوتا ہے؟ (GUJ-I/II,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: بلسٹر کاپر: ٹھوس کاپر میں حل شدہ گیسز جب باہر نکلتی ہیں تو اس کی سطح پر بلسٹرز چھوڑ دیتی ہیں۔اس لئے اس کاپر کو بلسٹر کاپر کہا جاتا ہے۔یہ تقریباً 98% خالص ہوتا ہے۔

7. چالکوپائرائٹ اور کاپر گلانس کے فارمولے لکھیے۔ (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)

جواب: چالکوپائرائٹ اور کاپر گلانس کے فارمولے: چالکوپائرائٹ: $CuFeS_2$ کاپر گلانس: Cu_2S

8. سالوے پروسس کے لئے درکار را میٹیریلز تحریر کیجئے۔ (GUJ-GII,DGK-GI,SWL-GI,LHR-GI,RWP-GII)

جواب: سالوے پروسس کے لیے استعمال ہونے والے را میٹیریلز سستے اور بکثرت پائے جاتے ہیں۔

(i) سوڈیم کلورائیڈ (NaCl) یا برائن (ii) لائم سٹون $CaCO_3$ (iii) امونیا گیس (NH_3)

9. سالوے پراسس میں کیلسینیشن (Calcination) کے عمل کو بیان کریں۔ (LHR-I/II,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II)

جواب: کیلسینیشن (Calcination): سوڈیم بائی کاربونیٹ کو بھٹی (Kiln) میں گرم کرنے پر سوڈیم کاربونیٹ حاصل ہوتا ہے۔

$$2NaHCO_3 \xrightarrow{\Delta} Na_2CO_3 \downarrow + CO_2 \uparrow + H_2O$$

کاربن ڈائی آکسائیڈ کو دوبارہ استعمال کرلیا جاتا ہے۔یہ پراسس کیلسینیشن کہلاتا ہے۔

10. سالوے پروسس میں امونیا کو کیسے دوبارہ حاصل کیا جاتا ہے؟ (LHR-GI,SGD-GII,BWP-GI,GUJ-GI,DGK-GI)

جواب: سالوے پروسس میں امونیا کا حصول: سالوے پروسس میں کاربونیٹنگ ٹاور میں بننے والے امونیم کلورائیڈ سلوشن اور کیلشیم ہائیڈرو آکسائیڈ کے ری ایکشن سے اس ٹاور میں امونیا دوبارہ بنائی جاتی ہے۔

$$2NH_4Cl_{(aq)} + Ca(OH)_{2(aq)} \longrightarrow 2NH_{3(g)} + CaCl_{2(aq)} + 2H_2O_{(l)}$$

11. یوریا کی گرینولیشن کے عمل کو بیان کریں۔ (SGD-GI,RWP-GI,FSD-GII,DGK-GI)

جواب: اس عمل میں مائع یوریا کے گرینولز بنانے کے لیے خشک کیا جاتا ہے۔جب ٹاور میں بہت زیادہ پریشر پر اوپر سے مائع یوریا کو سپرے کیا جاتا ہے اور نیچے سے گرم ہوا کا کرنٹ داخل کیا جاتا ہے تو یہ خشک ہو کر گرینولز میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

12. یوریا کی تیاری کے لئے کون سے را میٹیریلز استعمال ہوتے ہیں؟ (DGK-GI,BWP-GII,RWP-GII,GUJ-GII,MTN-GI)

جواب: یوریا کی تیاری کے لیے استعمال ہونے والے را میٹیریلز:

(i) امونیا (NH_3) گیس (ii) کاربن ڈائی آکسائیڈ (CO_2) گیس

13. یوریا کی تیاری کے لیے امونیا کو کیسے تیار کیا جاتا ہے؟ (GUJ-I/II,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: امونیا 'ہابر پروسس' (Habber process) کے ذریعے تیار کی جاتی ہے۔ایک والیوم نائٹروجن (ہوا سے) اور تین والیوم ہائیڈروجن (میتھین اور سٹیم کو گرم نکل کیٹالسٹ پر گزار کر حاصل کی جاتی ہے) کو 450°C ٹمپریچر اور 200atm پریشر کے ساتھ گرم آئرن (Fe) کیٹالسٹ کے اوپر سے گزارنے سے حاصل ہوتی ہے۔

$$N_{2(g)} + 3H_{2(g)} \underset{200\ atm}{\overset{Fe\ 450^\circ C}{\rightleftharpoons}} 2NH_{3(g)}$$

14. یوریا کے دو استعمالات تحریر کیجئے۔ (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)

جواب: 1- یوریا پوری دنیا میں ایگریکلچر سیکٹر میں پودوں کو نائٹروجن مہیا کرنے کے لیے فرٹیلائزر کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

2- یہ بہت سے اہم کمپاؤنڈز کی تیاری کے لیے را میٹیریل کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

15. قدرتی فرٹیلائزرز کیا ہوتے ہیں؟ (GUJ-I,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II)

جواب: قدرتی فرٹیلائزرز لائیوسٹاک اور انسانوں کے فالتو فضلہ اور پودوں کے پتوں کے تمام قدرتی بائیوڈی گریڈ ایبل میٹیریلز پر مشتمل ہوتے ہیں۔یہ میٹیریلز ڈی کمپوز ہونے پر پودوں کے لیے مفید نیوٹرینٹس مہیا کرتے ہیں۔آرگینک میٹر (matter) زرخیز زمین کا ایک ضروری حصہ ہیں۔قدرتی فرٹیلائزر کا استعمال زمین کو نیوٹرینٹس اور آرگینک میٹر دوبارہ فراہم کرتا ہے۔

.16 فروتھ فلوٹیشن پروسیس کیا ہے؟ (BWP-I)

جواب: فراتھ فلوٹیشن پروسس اور اورگینگ کے پارٹیکلز کے بالترتیب آئل اور پانی سے تر ہونے کی صلاحیت کی بنا پر کیا جاتا ہے۔ اور پارٹیکلز ترجیحا پائن آئل سے اور گینگ پارٹیکلز پانی سے تر ہو جاتے ہیں۔ زیادہ پریشر سے ہوا گزارنے پر اور کے پارٹیکلز ہلکا ہونے کی وجہ سے سطح پر جھاگ کی شکل میں آجاتے ہیں اور انہیں نتھار لیا جاتا ہے جبکہ گینگ کے پارٹیکلز ٹینک کے نچلے حصہ میں جمع ہو جاتے ہیں۔

.17 گینگ سے کیا مراد ہے؟ (GUJ-I)(DGK-II)

جواب: منرلز میں موجود مٹی اور دوسری امپیوریٹیز گینگ کہلاتی ہیں۔

2014 - 2020

16.1 بنیادی میٹلرجیکل آپریشنز

.18 دی گئی مساوات کو مکمل اور بیلنس کریں: $2CuFeS_{2(s)} + O_{2(g)} \longrightarrow$ [FSD-II,RWP-I,DGK-II,SGD-I/II,BWP-II]

جواب: $2CuFeS_2 + O_2 \longrightarrow Cu_2S + 2FeS + SO_2$

.19 الیکٹرو ریفائننگ کے پروسس کی وضاحت کیجئے۔ (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)

جواب: ناخالص میٹلز کو ریفائن یا خالص کرنے کا سب سے زیادہ استعمال ہونے والا پروسس الیکٹرولائسز ہے۔ مثال کے طور پر کاپر کی الیکٹرولیٹک ریفائننگ ایک الیکٹرولیٹک ٹینک میں کی جاتی ہے۔

الیکٹرولیٹک ٹینک میں کاپر سلفیٹ کا سلوشن ہوتا ہے جس میں دو قسم کے الیکٹروڈز لٹکے ہوتے ہیں جن میں سے ایک ناخالص کاپر میٹل کا جو کہ اینوڈ کے طور پر کام کرتا ہے اور دوسرا خالص کاپر میٹل کا جو کہ کیتھوڈ کے طور پر کام کرتا ہے۔ سلوشن میں سے الیکٹرک کرنٹ گزارنے پر ناخالص کاپر اینوڈ پر حل ہو کر آئنز دیتے ہیں۔ یہ Cu^{2+} آئنز کیتھوڈ سے الیکٹرونز حاصل کر کے ڈسچارج ہو جاتے ہیں۔ اس طرح کاپر ایٹمز کیتھوڈ پر جمع ہوتے جاتے ہیں اور خالص کاپر کے موٹے بلاک بن جاتے ہیں جبکہ امپیوریٹیز بطور اینوڈ مڈ نیچے بیٹھ جاتی ہیں۔

.20 منرلز اور اورز میں کیا فرق ہے؟ (LHR-I/II,GUJ-I/II,FSD-I/II,MUL-I,SGD-II,DGK-I,SWL-I)

جواب: منرلز: زمین کی سطح کے نیچے پائے جانے والے ٹھوس منرلز، جو میٹلز اور زمین کی امپیوریٹیز کی یکجا حالت کے کمپاؤنڈز پر مشتمل ہوں منرلز کہلاتے ہیں جبکہ ایسی منرلز جن سے تجارتی پیمانے پر بآسانی اور کم لاگت سے میٹلز حاصل کی جا سکتی ہوں میٹلز کی اورز کہلاتی ہیں۔ مثال کے طور پر کاپر کی اورز کاپر گلانس Cu_2S اور چالکو پائرائٹ $CuFeS_2$ ہیں۔

.21 سمیلٹنگ سے کیا مراد ہے؟ (BWP-GII,SWL-GII,SWL-GII,RWP-GI)

جواب: سمیلٹنگ (Smelting): روسٹڈ اور کو سینڈ فلکس (sand flux) اور کوک (Coke) کے ساتھ ہوا کی موجودگی میں بلاسٹ فرنس (blast furnace) میں مزید گرم کرنا سمیلٹنگ کہلاتا ہے۔ جلنے کے دوران بہت زیادہ ہیٹ خارج ہوتی ہے اس لیے اس پروسس کے لیے کوک کی بہت تھوڑی مقدار درکار ہوتی ہے۔

$$2FeS_{(s)} + 3O_{2(g)} \longrightarrow 2FeO_{(s)} + 2SO_{2(g)} \uparrow$$
$$FeO_{(s)} + SiO_{2(s)} \longrightarrow FeSiO_{3(s)}$$

.22 سمیلٹنگ پروسس میں سلیگ کیسے بنتی ہے؟ (FSD-I/II,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: سمیلٹنگ پروسس میں سلیگ کا بننا: روسٹڈ اور (ore) کو سینڈ فلکس اور کوک (coke) کے ساتھ ہوا کی موجودگی میں بلاسٹ فرنس میں مزید گرم کرنا سمیلٹنگ کہلاتا ہے۔ پروسس کے دوران فیرس سلفائیڈ پہلے آکسیڈائز ہو کر فیرس آکسائیڈ بناتا ہے جو سینڈ کے ساتھ ری ایکٹ کر کے آئرن سلیکیٹ $(FeSiO_3)$ کا سلیگ بنا دیتا ہے۔

$$2FeS_{(s)} + 3O_{2(g)} \rightarrow 2FeO_{(s)} + 2SO_{2(g)} \uparrow$$
$$FeO_{(s)} + SiO_{2(s)} \longrightarrow FeSiO_{3(s)}$$

.23 گینگ اور میٹلرجی کی تعریف لکھیے۔ (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)

جواب: گینگ (Gangue): منرلز میں موجود مٹی اور دوسری امپیورٹیز گینگ کے طور پر جانی جاتی ہیں۔

میٹلرجی (Metallurgy): بڑے پیمانے پر طبیعی یا کیمیائی پروسسز کی مدد سے اُور (ore) سے میٹل کو خالص حالت میں حاصل کرنے کا پروسس میٹلرجی کہلاتا ہے۔

.24 بلسٹرز کاپر اور اینوڈ مڈ کی تعریف کیجئے۔ (FSD-GII,GUJ-GII,MTN-GI,GUJ-GI)

جواب: بلسٹرز کاپر: بیسیمر ائزیشن پروسس کے دوران پگھلے ہوئے کاپر کنورٹر سے ریت کے سانچوں میں منتقل کر کے ٹھنڈا کیا جاتا ہے۔ اس میں حل شدہ گیسز باہر نکلتے ہوئے اس کی سطح پر بلسٹرز (blisters) بنا دیتی ہیں۔ اس وجہ سے اسے بلسٹر کاپر کہا جاتا ہے۔ یہ تقریباً 98 فی صد خالص ہوتا ہے۔ اسے الیکٹرولائسز (electrolysis) سے مزید صاف کیا جاتا ہے۔

اینوڈ مڈ: میٹل کی ریفائننگ کے دوران گولڈ اور سلور جیسی امپیورٹیز بطور اینوڈ مڈ (mud) نیچے بیٹھ جاتی ہیں۔ انہیں اینوڈ مڈ (mud) اس لیے کہتے ہیں کیونکہ یہ اینوڈ (نا خالص کاپر) سے الگ ہوتی ہیں۔

.25 بیسیمر ائزیشن سے کیا مراد ہے؟ (LHR-I/II,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II)

جواب: بیسیمر ائزیشن: پگھلے ہوئے میٹے کو ناشپاتی نما بیسیمر کنورٹر (Bessemer converter) میں مزید گرم کرنا بیسیمر ائزیشن کہلاتا ہے۔ اسے ایک پیوٹ (pivot) پر فکس کیا جاتا ہے۔ تاکہ جس طرف بھی اسے گھمانا ہو گھمایا جا سکے۔ پگھلے ہوئے میٹے کو سینڈ سے ملا کر ٹوئرز (twyers) کی مدد سے بہت گرم ہوا کے جھکڑ (blast) سے گرم کیا جاتا ہے۔ فیرس سلفائڈ، فیرس آکسائڈ میں آکسیڈائز ہو جاتا ہے۔ جو سینڈ کے ساتھ ری ایکٹ کر کے سلیگ $(FeSiO_3)$ بناتا ہے جو ہلکا ہونے کی وجہ سے اوپر تیرتا رہتا ہے۔

.26 سلیگ اور میٹے میں فرق لکھیے۔ (GUJ-I,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II)

جواب:

سلیگ	میٹے
1۔ سلیگ ایک آئرن سلیکیٹ کا کمپاؤنڈ ہے جو فیرس آکسائڈ اور سینڈ کے ری ایکٹ کرنے سے بنتا ہے۔	1۔ میٹے کیوپرس سلفائیڈ اور فیرس سلفائیڈ کا مکسچر ہے۔
2۔ یہ ہلکا ہونے کی وجہ سے بلاسٹ فرنس کے اوپر والے سوراخ سے خارج ہو جاتا ہے۔	2۔ یہ بھاری ہونے کی وجہ سے بلاسٹ فرنس کے پیندے میں جمع ہوتا ہے اور اسے نچلے سوراخ سے نکال لیا جاتا ہے۔
3۔ اس کا فارمولا $FeSiO_3$ ہے۔	3۔ اسے $Cu_2S.FeS$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

.27 مندرجہ ذیل کے فارمولے لکھیے: (GUJ-I/II,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

(ا) کاپر پائرائٹ (ب) میٹے

جواب: (ا) کاپر پائرائٹ: $CuFeS_2$ (ب) میٹے: $Cu_2S.FeS$

.28 اُور کی تعریف کریں اور کاپر کی ایک اُور کا نام لکھیں۔ (SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: اور: وہ منرلز جن سے تجارتی پیمانے پر آسانی اور کم لاگت سے میٹلز حاصل کی جا سکتی ہوں میٹلز کی اورز کہلاتی ہیں۔ مثال کے طور پر کاپر کی اورز کاپر گلانس Cu_2S اور چالکو پائرائٹ $CuFeS_2$ ہیں۔

.29 منرلز اور گینگ کی تعریف کیجیے۔ (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)

جواب: منرلز: زمین کی سطح کے نیچے پائے جانے والے قدرتی ٹھوس میٹیریلز، جو میٹلز اورز مین کی امپیورٹیز (Impurities) کی یکجا حالت کے کمپاؤنڈز پر مشتمل ہوں منرلز کہلاتے ہیں۔

گینگ (Gangue): منرلز میں موجود مٹی اور دوسری امپیورٹیز گینگ کے طور پر جانی جاتی ہیں۔

.30 اینوڈ مڈ سے کیا مراد ہے؟ (LHR-I/II,GUJ-I/II,FSD-I/II,MUL-I,SGD-II,DGK-I,SWL-I)

جواب: اینوڈ مڈ: میٹل کی ریفائننگ کے دوران گولڈ اور سلور جیسی امپیوریٹیز بطور اینوڈ مڈ (mud) نیچے بیٹھ جاتی ہیں انہیں اینوڈ مڈ اس لیے کہتے ہیں کیونکہ یہ اینوڈ (ناخالص کاپر) سے الگ ہوتی ہیں۔

.31 سمیلٹنگ پروسس میں کوک کی تھوڑی سی مقدار کیوں استعمال کی جاتی ہے؟ (LHR-I/II,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II)

جواب: سمیلٹنگ پروسس میں چونکہ بہت زیادہ ہیٹ خارج ہوتی ہے اس لیے اس پروسس کیلئے کوک کی بہت تھوڑی مقدار استعمال کی جاتی ہے۔

.32 بلاسٹ فرنس سے سلیگ (Slag) اور میٹے (matte) کو کیسے خارج کیا جاتا ہے۔ (GUJ-I,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II)

جواب: سلیگ کا اخراج: سلیگ ہلکا ہونے کی وجہ سے بلاسٹ فرنس کے اوپر والے سوراخ سے خارج ہو جاتا ہے۔

میٹے کا اخراج: میٹے چونکہ بھاری ہوتا ہے اس لیے یہ بلاسٹ فرنس کے پیندے میں جمع ہو جاتا ہے اور اسے نچلے سوراخ سے نکال لیا جاتا ہے۔

16.2 سالوے پروسس سے سوڈیم کاربونیٹ کی تیاری

.33 امونیکل برائن کیسے تیار کیا جاتا ہے؟ (LHR-I/II,GUJ-I/II,FSD-I/II,MUL-I,SGD-II,DGK-I,SWL-I)

جواب: امونیا گیس کو سوڈیم کلورائڈ سلوشن (برائن) میں حل کر کے امونیکل برائن تیار کیا جاتا ہے۔

.34 درج ذیل کیمیائی مساوات کو مکمل اور متوازن کریں۔ (LHR-II,GUJ-I/II,FSD-I,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

$$NH_4Cl + Ca(OH)_2 \longrightarrow$$

جواب: $2NH_4Cl + Ca(OH)_2 \longrightarrow 2NH_3 + CaCl_2 + 2H_2O$

.35 سوڈیم کاربونیٹ کی تیاری میں دو اہم مرکبات کے نام اور فارمولے لکھیں۔ (FSD-I/II,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: سوڈیم کاربونیٹ کی تیاری میں استعمال ہونے والے را میٹیریلز درج ذیل ہیں:

(i) سوڈیم کلورائڈ (NaCl) یا برائن (ii) لائم سٹون $(CaCO_3)$ (iii) امونیا گیس (NH_3)

.36 سالوے پروسس میں امونیکل برائن کی کاربونیشن کیسے کی جاتی ہے؟ (SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: سالوے پروسس میں امونیکل برائن کی کاربونیشن: امونیکل برائن کو کاربونیٹنگ ٹاور میں داخل کیا جاتا ہے اور اس میں سے کاربن ڈائی آکسائیڈ گزاری جاتی ہے، درج ذیل ری ایکشن واقع ہوتے ہیں:

$$CO_{2(g)} + NH_{3(g)} + H_2O_{(l)} \longrightarrow NH_4HCO_{3(aq)}$$
$$NH_4HCO_{3(aq)} + NaCl(brine) \longrightarrow NaHCO_{3(aq)} + NH_4Cl_{(aq)}$$

اس ری ایکشن مکسچر کا ٹمپریچر 15 °C تک کم کرنے سے $NaHCO_3$ کے رسوب حاصل ہوتے ہیں۔

.37 جب امونیکل برائن میں سے CO_2 گزاری جاتی ہے تو کیا ہوتا ہے؟ (LHR-I/II,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II)

جواب: امونیکل برائن کو کاربونیٹنگ ٹاور میں داخل کیا جاتا ہے اور اس میں سے کاربن ڈائی آکسائیڈ گزاری جاتی ہے تو اس سے سوڈیم بائی کاربونیٹ $(NaHCO_3)$ کے رسوب حاصل ہوتے ہیں۔

کاربونیٹنگ ٹاور میں درج ذیل ری ایکشن واقع ہوتا ہے۔

$$CO_{2(g)} + NH_{3(g)} + H_2O_{(l)} \longrightarrow NH_4HCO_{3(aq)}$$
$$NH_4HCO_{3(aq)} + NaCl(brine) \longrightarrow NaHCO_{3(aq)} + NH_4Cl_{(aq)}$$

.38 سالوے پروسس میں CO_2 کو کیسے تیار کیا جا سکتا ہے؟ (LHR-I/II,MUL-I,SGD-I,DGK-I/II,SWL-I/II)

جواب: چونے کی بھٹی (lime kiln) میں لائم سٹون کو گرم کر کے CO_2 تیار کی جاتی ہے۔ پھر اسے کاربونیٹنگ ٹاور میں بھیجا جاتا ہے۔

$$CaCO_{3(s)} \xrightarrow{\Delta} CaO_{(s)} + CO_{2(g)} \uparrow$$

39. دیئے گئے ری ایکشن کو مکمل اور متوازن کیجیے۔ $2CuFeS + O_2 ? + ? + ?$ (GUJ-I,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II)

جواب: $$2CuFeS_{2(s)} + O_{2(g)} \longrightarrow Cu_2S_{(s)} + 2FeS_{(s)} + SO_{2(g)}$$

16.3 یوریا کی تیاری

40. یوریا اور امونیم کاربامیٹ کا فارمولا لکھیں۔ (LHR-II,GUJ-I/II,FSD-I,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: یوریا: NH_2CONH_2 امونیم کاربامیٹ: NH_2COONH_4

41. امونیم کاربامیٹ سے یوریا کیسے تیار ہوتا ہے؟ کیمیائی مساوات بھی لکھیں۔ (FSD-I/II,MUL-I/II,SGD-I/II,DGK-II,SWL-II)

جواب: جب سٹیم کی مدد سے امونیم کاربامیٹ کو ایوپوریٹ کیا جاتا ہے تو یہ ڈی ہائیڈریٹ ہو کر یوریا بن جاتا ہے۔

$$NH_2COONH_4 \longrightarrow NH_2CONH_2 + H_2O \uparrow$$

42. یوریا میں نائٹروجن کی فیصد مقدار کتنی ہوتی ہے؟ نیز یوریا کا فارمولا بھی تحریر کیجیے۔ (LHR-I/II,FSD-I,DGK-I,SWL-I,MUL-II)

جواب: یوریا میں نائٹروجن کی مقدار 46.6 فیصد ہوتی ہے۔

یوریا کا فارمولا: $NH_2\,CONH_2$

16.4 پٹرولیم انڈسٹری

43. فیول آئل کے استعمال تحریر کیجیے۔ [LHRI/II,FSD-II,SGD-II,MTN-II,BWP-I,SWL-I]

جواب: بحری جہازوں، انڈسٹریز میں بوائلرز اور فرنسز کو گرم کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

44. ڈرائی کلیننگ میں کونسی پٹرولیم فریکشن استعمال ہوتی ہے؟ اس کا بوائلنگ رینج لکھیے۔ [FSD-II,DGK-II]

جواب: پٹرولیم ایتھر ڈرائی کلیننگ میں استعمال ہوتی ہے۔ اس کی بوائلنگ رینج 30 تا 80°C ہے۔

45. ریزیڈیول آئل کیا ہوتا ہے؟ [SGD-I,DGK-II,MTN-I]

جواب: کروڈ آئل کی فریکشنز علیحدہ کرنے سے جو چیز باقی رہ جاتی ہے اسے ریزیڈیول آئل کہتے ہیں۔ جسے مزید 400°C پر گرم کیا جاتا ہے۔

46. پٹرولیم کی ریفائننگ کیسے کی جاتی ہے؟ [SGD-I/II,FSD-I,BWP-II]

جواب: پٹرولیم کو ریفائنریز میں خالص کیا جاتا ہے ریفائننگ پروسس میں پٹرولیم کے مکسچر کو کئی مفید پروڈکٹس میں الگ الگ کر کے حاصل کیا جاتا ہے۔ جو فریکشنل ڈسٹلیشن کہلاتا ہے۔ فریکشنل ڈسٹلیشن کا اصول ان فریکشنز میں کمپاؤنڈز کے بوائلنگ پوائنٹس کے فرق کے لحاظ سے علیحدگی پر مبنی ہے۔

47. کروڈ آئل اور ریزیڈیول آئل میں کیا فرق ہے؟ [LHR-II,RWP-I,MTN-II,SGD-I,SWL-II]

جواب: مردہ جانوروں اور پودوں کی ڈی کمپوزیشن سے جو گہرے بھورے رنگ کی چیز بنتی ہے اسے کروڈ آئل کہتے ہیں۔ جبکہ کروڈ آئل کی فریکشنز علیحدہ کرنے سے جو چیز باقی رہ جاتی ہے اسے ریزیڈیول آئل کہتے ہیں۔ جسے مزید 400°C پر گرم کیا جاتا ہے۔

48. گیسولین کیا ہے؟ [SGD-II,FSD-II,DGK-I,SWL-I]

جواب: گیسولین میں کاربن $C_7 - C_{10}$ تک اور بوائلنگ رینج 80 تا 170°C ہے۔ یہ موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں میں فیول کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ یہ ڈرائی کلیننگ میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

49. کیروسین آئل کے استعمالات لکھیں۔ [MTN-II,DGK-I/II,FSD-I,BWP-II,SWL-II]

جواب: استعمالات: (i) گھریلو فیول کے طور پر استعمال ہوتا ہے

(ii) اس کی خالص قسم جیٹ فیول کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔

50. ڈیزل اور فیول آئل کے استعمال لکھیں۔ [LHR-II,GUJ-I/II,RWP-I,MTN-II,DGK-II]

جواب: ڈیزل آئل میں کاربن ایٹمز کی تعداد $C_{13} - C_{15}$ تک ہوتی ہے اور بوائلنگ رینج $250^\circ C$ تا $350^\circ C$ ہوتی ہے۔

استعمال: بسوں ٹرکوں اور انجنوں میں فیول کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

جبکہ فیول آئل میں کاربن ایٹمز کی تعداد $C_{15} - C_{18}$ تک اور بوائلنگ رینج $350^\circ C$ تا $400^\circ C$ تک ہوتی ہے۔ بحری جہازوں، انڈسٹریز میں بوائلر کو گرم کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

51. پٹرولیم کیا ہوتا ہے؟ [LHR-II,RWP-II,FSD-I,MTN-I/II,DGK-II]

جواب: پٹرولیم: پٹرولیم تہہ ارض کے نیچے چٹانوں میں پائی جانے والی قدرتی پروڈکٹ ہے۔ پٹرولیم کا مطلب ہے راک آئل (rock oil) یہ بہت سے گیسی، مائع اور ٹھوس ہائیڈروکاربنز کا پانی میں سالٹس اور دوسرے زمینی پارٹیکلز پر مشتمل پیچیدہ مکسچر ہے۔ یہ پانی سے ہلکا ہے اور اس میں ان سولیبل ہے۔

52. ریزیڈیول آئل کیا ہے؟ اس کی اہم فریکشنز کے نام تحریر کریں۔ [GUJ-I,MTN-I/II,BWP-II,SWL-I]

جواب: ریزیڈیول: کروڈ آئل کی فریکشنز علیحدہ کرنے سے جو چیز باقی رہ جاتی ہے اسے ریزیڈیول آئل کہتے ہیں۔ جسے مزید $400^\circ C$ پر گرم کیا جاتا ہے۔

فریکشنز: (1) لبریکنٹس (2) پیرافین ویکس (3) اسفالٹ (4) پٹرولیم کوک

53. پٹرولیم کے فریکشنز کے نام لکھیں۔ [LHR-II,GUJ-II,RWP-I,FSD-I/II,SWL-II]

جواب: پٹرولیم کے فریکشنز کے نام درج ذیل ہیں:

(i) پٹرولیم گیس (ii) پٹرولیم ایتھر (iii) گیسولین یا پٹرول (iv) فیول آئل

مشقی سوالات کا حل

Multiple Choice Questions کثیر الانتخابی سوالات

1. کنسنٹریشن ہے۔ (MLT-I)(ALP)

(a) مکسنگ تکنیک (b) سیپریٹنگ تکنیک (c) بوائلنگ تکنیک (d) کولنگ تکنیک

2. فراتھ فلوٹیشن کس بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ (FSD-I)(ALP)

(a) ڈینسٹی کی بنیاد پر (b) کنسنٹریشن کی بنیاد پر (c) ویٹنگ کی بنیاد پر (d) میکینیک کی بنیاد پر

3. میٹے مکسچر ہے۔ (MLT-I,GUJ-I,DGK-II,RWP-I,LHR-I)(ALP)

(a) FeS اور CuO (b) Cu_2O اور FeO (c) Cu_2S اور FeS (d) CuS اور FeO

4. بیسمرائزیشن پروسس میں۔ (SWL-I)(ALP)

(a) روسٹڈ اور کو گرم کیا جاتا ہے (b) مولٹن میٹ کو خارج کیا جاتا ہے

(c) مولٹن میٹ کو گرم کیا جاتا ہے (d) مولٹن میٹ داخل کیا جاتا ہے

5. کاپر اور کی کنسنٹریشن کا طریقہ ہے۔ (SWL-I,BWP-II)(ALP)

(a) کیلسی نیشن (b) روسٹنگ (c) فراتھ فلوٹیشن (d) ڈسٹیلیشن

6. جب امونیکل برائن سے CO_2 کو گزارا جاتا ہے تو درج ذیل میں سے کون سے سالٹ کا رسوب بنتا ہے۔ (DGK-I,MLT-II,BWP-II)(ALP)

(a) $NaHCO_3$ (b) NH_4HCO_3 (c) Na_2CO_3 (d) $(NH_4)_2CO_3$

7. سالوے پروسس میں بجھے ہوئے چونے کو کس لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ (DGK-II,SRG-II,RWP-II,FSD-I)(ALP)

(a) CO_2 تیار کرنے کے لیے (b) ان بجھا چونا تیار کرنے کے لیے

(c) امونیا حاصل کرنے کے لیے (d) Na_2CO_3 بنانے کے لیے

.8 جب $NaHCO_3$ کو گرم کیا جاتا ہے تو یہ بن جاتا ہے؟ (GUJ-I,DGK-I,SRG-I,RWP-II)(ALP)

(a) CO_2 (b) $Ca(OH)_2$ (c) $CaCO_3$ (d) CaO

.9 یوریا کا فارمولا کونسا ہے۔ (MLT-I,LHR-I)(ALP)

(a) NH_2COONH_4 (b) NH_2COONH_2

(c) NH_2CONH_4 (d) NH_2CONH_2

.10 کروڈ آئل کو فرنس میں کس ٹمپریچر تک گرم کیا جاتا ہے۔

(a) 300°C (b) 350°C (c) 400°C (d) 450°C

.11 جب کروڈ آئل کو فریکشنیٹنگ ٹاور میں داخل کیا جاتا ہے۔

(a) ٹاور کے نچلے حصے میں زیادہ بوائلنگ پوائنٹ رکھنے والی فریکشن کے بخارات پہلے کنڈنس ہوتے ہیں

(b) ٹاور کے نچلے حصے میں کم بوائلنگ پوائنٹ رکھنے والی فریکشن کے بخارات پہلے کنڈنس ہوتے ہیں

(c) ٹاور کے اوپر والے حصے میں زیادہ بوائلنگ پوائنٹ رکھنے والی فریکشن کے بخارات بعد میں کنڈنس ہوتے ہیں۔

(d) زیادہ بوائلنگ پوائنٹ والے بخارات کبھی کنڈنس نہیں ہوتے۔

.12 مندرجہ ذیل میں سے کون سی فریکشن بطور جیٹ فیول استعمال ہوتی ہے۔

(a) کیروسین آئل (b) بریلینگ آئل (c) فیول آئل (d) ڈیزل آئل

.13 مندرجہ ذیل میں سے کونسی ریزیڈیول آئل کی فریکشن نہیں ہے۔

(a) پیرافین ویکس (b) اسفالٹ (c) فیول آئل (d) پٹرولیم کوک

.14 مندرجہ ذیل میں سے کونسی پٹرولیم کی فریکشن نہیں ہے

(a) کیروسین آئل (b) ڈیزل آئل (c) الکوحل (d) پٹرولیم

.15 پودے یوریا میں موجود نائٹروجن کس کی تیاری میں استعمال کرتے ہیں۔

(a) شوگر (b) پروٹینز (c) فیٹس (d) DNA

.16 مندرجہ ذیل میں سے کونسا آرگینک کمپاؤنڈ گیسولین میں پایا جاتا ہے۔

(a) C_2H_4 (b) C_3H_8 (c) C_8H_{18} (d) $C_{12}H_{26}$

جوابات: (کثیر الانتخابی سوالات)

1	B	2	C	3	C	4	C	5	C
6	A	7	C	8	A	9	D	10	C
11	A	12	A	13	C	14	C	15	B
16	C								

مختصر سوالات Short Questions

.1 فراتھ فلوٹیشن پروسس میں پائن آئل کا کیا کردار ہے۔ (DGK-I)(ALP)

جواب: فراتھ فلوٹیشن پروسس میں اُور اور گینگ کے پارٹیکلز کے کیچر میں سے اُور پارٹیکلز ترجیحاً پائن آئل سے تر (wetting) ہوتے ہیں۔ زیادہ پریشر سے ہوا گزارنے پر اُور کے پارٹیکلز ہلکا ہونے کی وجہ سے سطح پر جھاگ کی شکل میں آجاتے ہیں اور انہیں نتھار لیا جاتا ہے۔ جبکہ گینگ کے پارٹیکلز پانی سے تر ہونے کی صلاحیت کی بنیاد پر ٹینک کے نچلے حصے میں بیٹھ جاتے ہیں۔

.2 مختلف میٹلرجیکل آپریشنز کے نام لکھیں۔

جواب: (1) اُور کی کنسنٹریشن: (i) گریویٹی سپریشن (ii) فراتھ فلوٹیشن پروسس (iii) الیکٹرومیگنیٹک سپریشن

(2) کنسنٹریشن اور سے میٹل کا اخراج: (i) روسٹنگ (ii) سمیلٹنگ (iii) بسمرائزیشن

(3) میٹل کو خالص کرنا: (الیکٹرولائسز کے ذریعے)

3. **روسٹنگ کس طرح کی جاتی ہے۔** (BWP-I,SWL-I,MLT-II)(ALP)

جواب: **روسٹنگ کا عمل:** روسٹنگ پروسس کنسنٹریٹڈ اُور کو ہوا کی موجودگی میں بلند ٹمپریچر پر گرم کرنے سے کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر کاپر پائرائٹ سے کیوپرس سلفائیڈ اور فیرس سلفائیڈ کا مکسچر حاصل ہوتا ہے اور سلفر ڈائی آکسائیڈ ہوا میں اڑ جاتی ہے۔ اس کی کیمیائی مساوات درج ذیل ہے۔

$$2CuFeS_{2(s)} + O_{2(g)} \longrightarrow Cu_2S_{(s)} + 2FeS_{(s)} + SO_{2(g)}$$

4. **الیکٹرو ریفائننگ کے پروسس کی وضاحت کریں۔** (LHR-I)(ALP)

جواب: ناخالص میٹلز کو ریفائن یا خالص کرنے کا سب سے زیادہ استعمال ہونے والا پروسس الیکٹرولائسز ہے۔ مثال کے طور پر کاپر کی الیکٹرولیٹک ریفائننگ ایک الیکٹرولیٹک ٹینک میں کی جاتی ہے۔

الیکٹرولیٹک ٹینک میں کاپر سلفیٹ کا سلوشن ہوتا ہے جس میں دو قسم کے الیکٹروڈز لٹکے ہوتے ہیں جن میں سے ایک ناخالص کاپر کا پریٹل کا جو کہ اینوڈ کے طور پر کام کرتا ہے اور دوسرا خالص کاپر کا پریٹل کا جو کہ کیتھوڈ کے طور پر کام کرتا ہے۔ سلوشن میں سے الیکٹرک کرنٹ گزارنے پر ناخالص کاپر اینوڈ پر حل ہو کر آئنز دیتے ہیں۔ یہ Cu^{2+} آئنز کیتھوڈ سے الیکٹرونز حاصل کر کے ڈسچارج ہو جاتے ہیں۔ اس طرح کاپر ایٹمز کیتھوڈ پر جمع ہوتے جاتے ہیں اور خالص کاپر کے موٹے بلاک بن جاتے ہیں جبکہ امپیوریٹیز بطور اینوڈ مڈ نیچے بیٹھ جاتی ہیں۔

5. **سالوے پروسس کے فوائد کیا ہیں۔**

جواب: **سالوے پروسس کے فوائد:** (i) یہ ایک سستا پروسس ہے کیونکہ اس کے رامٹیریلز بہت کم قیمت میں دستیاب ہیں۔
(ii) کاربن ڈائی آکسائیڈ دوبارہ بنائی اور استعمال کی جا سکتی ہے۔ (iii) پروسس پلوشن سے پاک ہے۔
(iv) کسی بھی سلوشن کو ویپرز میں تبدیل نہیں کرنا پڑتا۔ اس لیے بہت کم فیول خرچ ہوتا ہے۔

6. **سالوے پروسس کا اصول کیا ہے۔** (DGK-II,LHR-I)(ALP)

جواب: سالوے پروسس کی بنیاد سوڈیم بائی کاربونیٹ کی $15^\circ C$ پر پانی میں بہت ہی کم سولیبلٹی ہے۔ جب سوڈیم کلورائیڈ کے امونیکل سلوشن (جسے امونیکل برائن کہا جاتا ہے) میں سے CO_2 گیس گزاری جاتی ہے تو صرف سوڈیم بائی کاربونیٹ کا رسوب بنتا ہے۔

مساوات: $$Na^+_{(aq)} + HCO^-_{3(aq)} \longrightarrow NaHCO_{3(s)}$$

7. **جب امونیکل برائن کی کاربونیشن کی جاتی ہے تو کیا کیمیکل ری ایکشن ہوتا ہے۔**

جواب: **سالوے پروسس میں امونیکل برائن کی کاربونیشن:** امونیکل برائن کو کاربونیٹنگ ٹاور میں داخل کیا جاتا ہے اور اس میں سے کاربن ڈائی آکسائیڈ گزاری جاتی ہے۔ درج ذیل ری ایکشن واقع ہوتے ہیں:

$$CO_{2(g)} + NH_{3(g)} + H_2O_{(l)} \longrightarrow NH_4HCO_{3(aq)}$$
$$NH_4HCO_{3(aq)} + NaCl(brine) \longrightarrow NaHCO_{3(aq)} + NH_4Cl_{(aq)}$$

اس ری ایکشن مکسچر کا ٹمپریچر $15^\circ C$ تک کم کرنے سے $NaHCO_3$ کے رسوب حاصل ہوتے ہیں۔

8. **$NaHCO_3$ کو کیسے Na_2CO_3 میں تبدیل کیا جاتا ہے۔** (SWL-I,MLT-I,FSD-I,LHR-I)(ALP)

جواب: کیلسینیشن کے پروسس کے ذریعے سوڈیم بائی کاربونیٹ کو بھٹی میں گرم کرنے پر سوڈیم کاربونیٹ حاصل ہوتا ہے۔

$$2NaHCO_3 \xrightarrow{\Delta} Na_2CO_3 \downarrow + CO_2 \uparrow + H_2O$$

9. **سالوے پروسس میں امونیا کو دوبارہ کیسے حاصل کیا جاتا ہے۔** (RWP-I,MLT-I,FSD-I)(ALP)

جواب: **سالوے پروسس میں امونیا کا حصول:** سالوے پروسس میں کاربونیٹنگ ٹاور میں بننے والے امونیم کلورائیڈ سلوشن اور کیلسیم ہائڈرو آکسائیڈ کے ری ایکشن سے اس ٹاور میں امونیا دوبارہ بنائی جاتی ہے۔

$$2NH_4Cl_{(aq)} + Ca(OH)_{2(aq)} \longrightarrow 2NH_{3(g)} + CaCl_{2(aq)} + 2H_2O_{(l)}$$

سوال 10: یوریا کی تیاری کے لیے امونیا کو کیسے بنایا جاتا ہے۔

جواب: یوریا کی تیاری کے لیے امونیا کو ہابر پروسس کے ذریعے تیار کیا جاتا ہے۔ جب ہائڈروجن اور نائٹروجن کو $450^\circ C$ اور 200atm پریشر پر ری ایکٹ کروایا جاتا ہے۔

$$N_{2(g)} + 3H_{2(g)} \xrightarrow[200atm]{Fe_2O_3\ 450^\circ C} 2NH_{3(g)}$$

سوال 11: پٹرولیم کس طرح بنتا ہے۔

جواب: لاکھوں سال پہلے قشر ارض کے نیچے ہزاروں کی تعداد میں جانور اور پودے مر کر دفن ہو گئے اور بہت زیادہ پریشر، ٹمپریچر اور بیکٹیریا کے اثرات کی وجہ سے اور ہوا کی عدم موجودگی میں ڈی کمپوزیشن سے گہرے بھورے کروڈ آئل میں تبدیل ہو گئے۔

سوال 12: پٹرولیم کی ریفائننگ کیا ہے اور یہ کیسے کی جاتی ہے۔

جواب: پٹرولیم کو ریفائنریز میں خالص کیا جاتا ہے ریفائننگ پروسس میں پٹرولیم کے مکسچر کو کئی مفید پروڈکٹس میں الگ الگ کر کے حاصل کیا جاتا ہے۔ جو فریکشنل ڈسٹیلیشن کہلاتا ہے۔

سوال 13: کیروسین کا ایک استعمال تحریر کریں۔

جواب: اس کی خالص قسم جیٹ فیول کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔ اور یہ گھریلو فیول کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔

سوال 14: ڈیزل آئل اور فیول آئل میں فرق بیان کریں۔

جواب:

ڈیزل آئل	فیول آئل
1۔ ڈیزل آئل میں کاربن ایٹمز کی تعداد $C_{13} - C_{15}$ تک ہوتی ہے۔	1۔ فیول آئل میں کاربن ایٹمز کی تعداد $C_{15} - C_{18}$ تک ہوتی ہے۔
2۔ اس کی بوائلنگ رینج 250C° تا 350C° ہوتی ہے۔	2۔ اس کی بوائلنگ رینج 350°C تا 400°C ہوتی ہے۔
3۔ یہ بسوں، ٹرکوں، ریلوے انجنوں، ٹیوب ویل کے انجنوں اور دوسری بھاری گاڑیوں میں فیول کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔	3۔ یہ بحری جہازوں، انڈسٹریز میں بوائلرز اور فرنسز کو گرم کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

سوال 15: ریزیڈیول آئل فریکشنز کے نام لکھیں۔

جواب: (1) لبریکنٹس (2) پیرافین ویکس (3) اسفالٹ (4) پٹرولیم کوک

سوال 16: کروڈ آئل اور ریزیڈیول آئل میں کیا فرق ہے۔

جواب:

کروڈ آئل	ریزیڈیول آئل
1۔ مردہ جانوروں اور پودوں کی ڈی کمپوزیشن سے جو گہرے بھورے رنگ کی چیز بنتی ہے اسے کروڈ آئل کہتے ہیں۔	1۔ کروڈ آئل کی فریکشنز علیحدہ کرنے سے جو چیز باقی رہ جاتی ہے اسے ریزیڈیول آئل کہتے ہیں۔ جسے مزید 400°C پر گرم کیا جاتا ہے۔
2۔ کروڈ آئل کی فریکشنل ڈسٹیلیشن سے کروڈ آئل چھ فریکشنز (ہائڈروکاربنز) حاصل ہوتے ہیں۔	2۔ ریزیڈیول آئل کو 400°C سے زائد ٹمپریچر پر گرم کرنے سے چار فریکشنز (ہائڈروکاربنز) حاصل ہوتے ہیں۔

سوال 17: ڈرائی کلیننگ میں کونسی پٹرولیم فریکشن استعمال ہوتی ہے۔

جواب: (1) پٹرولیم ایتھر (2) گیسولین یا پٹرول

انشائیہ طرز سوالات Long Questions

1۔ اور کی کنسنٹریشن سے کیا مراد ہے؟ فراتھ فلوٹیشن پروسس کی وضاحت کریں۔ [GUJ-II,RWP-II,DEK-I,BWP-II]

جواب: اور کی کنسنٹریشن (Concentration of ore):

کنسنٹریشن: گینگ کو اور سے علیحدہ کرنے کا پروسیس ٹیکنیکل طور پر کنسنٹریشن کے نام سے جانا جاتا ہے۔

(b) فراتھ فلوٹیشن پروسس (Froth floation process)

فراتھ فلوٹیشن پروسس اور اور گینگ کے پارٹیکلز کے بالترتیب آئل اور پانی سے تر (wetting) ہونے کی صلاحیت کی بنا پر کیا جاتا ہے۔ اور پارٹیکلز ترجیحاً پائن آئل (pine oil) سے اور گینگ پارٹیکلز پانی سے تر ہو جاتے ہیں۔ زیادہ پریشر سے ہوا گزارنے پر اور کے پارٹیکلز ہلکا ہونے کی وجہ سے سطح پر جھاگ کی شکل میں آ جاتے ہیں اور انہیں نتھار لیا جاتا ہے جبکہ گینگ کے پارٹیکلز ٹینک کے نچلے حصے میں جمع ہو جاتے ہیں۔

2- کاپر کے حوالے سے سمیلٹنگ کے پروسس کی وضاحت کریں۔ [FSD-I,DGK-II,BWP-I,MTN-I/II]

جواب: **سمیلٹنگ(Smelting):** روسٹڈ اُور کو سینڈ فلکس(sand flux) اور کوک(Coke) کے ساتھ ہوا کی موجودگی میں بلاسٹ فرنس (blast furnace) میں مزید گرم کرنا سمیلٹنگ کہلاتا ہے۔ جلنے کے دوران بہت زیادہ ہیٹ خارج ہوتی ہے اس لیے اس پروسس کے لیے کوک کی بہت تھوڑی مقدار درکار ہوتی ہے۔

سلیگ ($FeSiO_3$) کا بننا: پروسس کے دوران فیرس سلفائیڈ پہلے آکسیڈائز ہو کر فیرس آکسائیڈ بناتا ہے جو سینڈ کے ساتھ ری ایکٹ کر کے آئرن سلیکیٹ ($FeSiO_3$) کا سلیگ بنا دیتا ہے۔ جو ہلکا ہونے کی وجہ سے اوپر والے سوراخ سے خارج ہو جاتا ہے۔

کیمیائی مساوات:

$$2FeS_{(s)} + 3O_{2(g)} \longrightarrow 2FeO_{(s)} + 2SO_{2(g)} \uparrow$$

$$FeS_{(s)} + SiO_{2(s)} \longrightarrow FeSiO_3 \ (\text{سلیگ})$$

میٹے(Matte) کا بننا: کیوپرس سلفائیڈ بھی آکسیڈائز ہو کر کیوپرس آکسائیڈ بناتا ہے جو کہ اَن ری ایکٹڈ فیرس سلفائیڈ کے ساتھ ری ایکٹ کر کے فیرس آکسائیڈ اور کیوپرس سلفائیڈ بناتا ہے اس طرح کیوپرس سلفائیڈ اور فیرس سلفائیڈ ($Cu_2S.FeS$) کا مکسچر تیار ہو جاتا ہے۔ یہ پگھلا ہوا مکسچر میٹے(matte) کہلاتا ہے۔ اسے نچلے سوراخ سے نکال لیا جاتا ہے۔ اس میں تقریباً 45 فی صد کاپر ہوتا ہے۔

کیمیائی مساوات:

$$2Cu_2S_{(l)} + 3O_{2(g)} \longrightarrow 2Cu_2O_{(l)} + 2SO_{2(g)} \uparrow$$

$$Cu_2O_{(l)} + FeS_{(l)} \longrightarrow Cu_2S_{(l)} + FeO_{(l)}$$

3. سالوے پروسس کے فوائد تحریر کریں۔ [GUJ-I/II,FSD-I/II,DGK-I]

جواب: **سالوے پروسس کے فوائد(Advantages of Solvay's process)**

(i) **سستا پروسس:** یہ ایک سستا پروسس ہے کیونکہ اس کے را میٹریلز بہت کم قیمت میں دستیاب ہیں۔

(ii) **کاربن ڈائی آکسائیڈ CO_2 اور امونیا NH_3 کی ریکوری:** کاربن ڈائی آکسائیڈ اور امونیا دوبارہ بنائی اور استعمال کی جاتی ہیں۔

(iii) **پلوشن سے پاک پروسس:** پروسس پلوشن سے پاک ہے، کیونکہ ویسٹ(waste) صرف کیلشیم کلورائیڈ کا سلوشن بنتا ہے۔

(iv) **خالص سوڈیم کاربونیٹ کا حصول:** انتہائی خالص سوڈیم کاربونیٹ حاصل ہوتا ہے۔

(v) **فیول کم خرچ:** کسی بھی سلوشن کو ویپرز میں تبدیل نہیں کرنا پڑتا اس لیے بہت کم فیول خرچ ہوتا ہے۔

4. یوریا کی تیاری پر نوٹ لکھیں۔ [GUJ-I,MTN-I/II,BWP-II,SWL-I]

جواب: **پروسس(Process):** یوریا کی تیاری تین مراحل پر مشتمل ہے۔

(i) **امونیا اور کاربن ڈائی آکسائیڈ کا ری ایکشن(Reaction between ammonia and carbon dioxide)**

مائع امونیا میں سب سے بہت زیادہ پریشر پر کاربن ڈائی آکسائیڈ کو گزارا جاتا ہے تو امونیم کاربامیٹ(ammonium carbamate) بنتا ہے۔

$$2NH_{3(g)} + CO_{2(g)} \xrightarrow{\Delta} NH_2COONH_{4(aq)}$$

(امونیم کاربامیٹ)

(ii) **یوریا کی تیاری(Urea formation):**

جب سٹیم کی مدد سے امونیم کاربامیٹ کو ایویپوریٹ(Evaporate) کیا جاتا ہے تو ڈی ہائیڈریٹ(Dehydrate) ہو کر یوریا بن جاتا ہے۔

$$NH_2COONH_{4(aq)} \longrightarrow NH_2CONH_{2(aq)} + H_2O_{(g)} \uparrow$$

(iii) **یوریا کی گرینولیشن(Granulation of urea):** اس مرحلے میں مائع یوریا کے گرینیولز(granules) بنانے کے لیے خشک کیا جاتا ہے۔ جب ٹاور میں بہت زیادہ پریشر اوپر سے مائع یوریا کو سپرے کیا جاتا ہے اور نیچے سے گرم ہوا کا کرنٹ داخل کیا جاتا ہے، تو یہ خشک ہو کر گرینیولز میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ اسے مارکیٹ میں بھیجنے کے لیے سٹور کر لیا جاتا ہے۔

کیمسٹری	سیلف ٹیسٹ 1	باب نمبر 9: کیمیکل ایکوی لبریم

وقت: 15 منٹ (معروضی) کل نمبر: 12

1	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ	7	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ
2	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ	8	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ
3	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ	9	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ
4	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ	10	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ
5	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ	11	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ
6	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ	12	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ سوالیہ پرچہ جات پر ہرگز سوالات حل نہ کریں۔

.1 جب ایک سسٹم ایکوی لبریم کی حالت میں ہوتا ہے تو:
(A) ری ایکٹنٹس اور پروڈکٹس کی کنسنٹریشن برابر ہو جاتی ہے۔ (B) مخالف ری ایکشنز (فارورڈ اور ریورس) رک جاتے ہیں
(C) ریورس ری ایکشن کا ریٹ بہت کم ہو جاتا ہے (D) فارورڈ اور ریورس ری ایکشنز کے ریٹ برابر ہو جاتے ہیں

.2 ایک کیمیکل ری ایکشن میں جو اشیاء آپس میں ری ایکٹ کرتی ہیں، وہ کہلاتی ہیں:
(A) ری ایکٹنٹس (B) پروڈکٹس (C) ایکوی لبریم (D) نیومیریٹر

.3 HI کا رنگ ہے: (A) اورنج (B) پرپل (C) سرخ (D) بے رنگ

.4 اررپورسیبل ری ایکشن میں ڈائنامک ایکوی لبریم ہے:
(A) کبھی قائم نہیں ہوتا (B) ری ایکشن مکمل ہونے سے پہلے قائم ہو جاتا ہے۔
(C) ری ایکشن مکمل ہونے کے بعد قائم ہوتا ہے۔ (D) بہت جلد قائم ہو جاتا۔

.5 ایکوی لبریم کی حالت میں صورتیں ممکن ہیں: (A) 4 (B) 3 (C) 2 (D) 1

.6 $2H_{2(g)} + O_{2(g)} \xrightarrow[\Delta]{Pt} 2H_2O_{(g)}$ یہ ری ایکشن مثال ہے:
(A) ریورسیبل (B) فارورڈ (C) ریورس (D) اررپورسیبل

.7 ری ایکشن $3C_{(g)} \rightleftharpoons 2A_{(g)} + B_{(g)}$ کے لیے درست ایکوی لبریم کونسٹنٹ ایکسپریشن ہے:
(A) $\frac{[C]^3}{[A]^2[B]}$ (B) $\frac{[3C]}{[2A][B]}$ (C) $\frac{[A]^2[B]}{[C]^3}$ (D) $\frac{[2A][B]}{[3C]}$

.8 مولر کنسنٹریشن $(mol\,dm^{-3})$ کو ظاہر کیا جاتا ہے: (A) { } (B) ( ) (C) [ ] (D) ∅

.9 ایکوی لبریم کی حالت میں K_c کی ویلیو ہوتی ہے: (A) $\frac{Kr}{Kf}$ (B) $\frac{k_f}{k_r}$ (C) $\frac{Kr}{Rr}$ (D) $\frac{Rf}{Rr}$

.10 ایکٹو ماس کا یونٹ ہے:
(A) $mole\ dm$ (B) $mole\ dm^{-1}$ (C) $mole\ dm^{-3}$ (D) $mole\ dm^{-2}$

.11 PCl_3 اور Cl_2 سے PCl_5 بنانے کیلئے ری ایکشن میں Kc کے یونٹس ہیں:
(A) $moldm^{-3}$ (B) $mol^{-1}dm^{-3}$ (C) $moldm^{3}$ (D) $mol^{-1}dm^{3}$

.12 K_c کی ویلیو کا انحصار ہوتا ہے: (A) پریشر (B) والیوم (C) ٹمپریچر (D) ڈینسٹی

وقت: 1 گھنٹہ 45 منٹ	کیمسٹری (انشائیہ طرز)	کل نمبر: 48

حصہ اوّل

2۔ کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5 \times 2 = 10$

i. اررپورسیبل ری ایکشنز کیا ہیں؟ ان کی چند خصوصیات لکھیے۔ ii. سٹیٹک ایکوی لبریم سے کیا مراد ہے؟ مثال دیجئے۔

.iii کیمیکل ایکوی لبریم کی حالت کی دو صورتیں بیان کیجئے۔ .iv ڈائنامک ایکوی لبریم کیسے قائم ہوتا ہے؟
.v ایکوی لبریم کی حالت میں ری ایکشن کیوں نہیں رکتا؟ .vi "کیمیکل ایکوی لبریم کی حالت" کی تعریف کیجئے۔
.vii ریورسیبل اور اررپورسیبل ری ایکشن میں کیا فرق ہے؟ مثالوں سے واضح کریں۔
.viii درج ذیل مساواتوں کو مکمل کیجئے۔ (الف) $CaCO_3 \rightleftharpoons$ (ب) $H_2 + I_2 \rightleftharpoons$

-3 کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5 \times 2 = 10$

.i درج ذیل مساوات کا ایکوی لبریم کونسٹنٹ ایکسپریشن لکھیے $2NO_2 \rightleftharpoons N_2O_4$
.ii مندرجہ ذیل ری ایکشن کے لئے ایکوی لبریم کونسٹنٹ ایکسپریشن لکھئے۔ $PCl_3 + Cl_2 \rightleftharpoons PCl_5$
.iii درج ذیل ری ایکشن کا ایکوی لبریم کونسٹنٹ ایکسپریشن بیان کریں۔ $N_{2(g)} + O_{2(g)} \rightleftharpoons 2NO_{(g)}$
.iv ایکٹو ماس سے کیا مراد ہے؟ اس کا یونٹ بھی لکھئے۔
.v **دی گئی مساوات کیلئے ایکوی لبریم کونسٹنٹ ایکسپریشن تحریر کریں۔** $CO_{(g)} + 3H_{2(g)} \rightleftharpoons CH_{4(g)} + H_2O_{(g)}$
.vi ایک جنرل ریورسیبل ری ایکشن کے لیے K_C کا فارمولا لکھیے۔
.vii مندرجہ ذیل ری ایکشن کیلئے ایکوی لبریم کونسٹنٹ کی ایکسپریشن لکھئے۔ $H_{2(g)} + I_{2(g)} \rightleftharpoons 2HI_{(g)}$
.viii ایکٹو ماس اور ری ایکشن کے ریٹ میں کیا تعلق ہے؟

-4 کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5 \times 2 = 10$

.i ایکوی لبریم کونسٹنٹ کیا ہے؟ اس کا یونٹ بھی تحریر کریں۔ .ii نیومی ریٹر اور ڈی نومی ریٹر کیا ہیں؟
.iii دیئے گئے ری ایکشن کیلئے ایکوی لبریم کونسٹنٹ کی مساوات لکھئے۔ $N_2 + 3H_2 \rightleftharpoons 2NH_3$
.iv کن ری ایکشنز میں ایکویل لبریم کونسٹنٹ کے یونٹس نہیں ہوتے؟ .v ایکوی لبریم کسی بھی طریقے سے کیوں حاصل کیا جا سکتا ہے؟
.vi نائٹروجن اور ہائڈروجن سے امونیا بننے کے لیے ایکوی لبریم کونسٹنٹ کی ایکسپریشن لکھیں۔
.vii مندرجہ ذیل ری ایکشنز کے لیے ایکوی لبریم کونسٹنٹ کی ایکسپریشن لکھیں۔
(i) $H_{2(g)} + I_{2(g)} \rightleftharpoons 2HI_{(g)}$ (ii) $CO_{(g)} + 3H_{2(g)} \rightleftharpoons CH_{4(g)} + H_2O_{(\ell)}$
.viii آپ کو کیسے پتہ چلے گا کہ ری ایکشن نے ایکوی لبریم حاصل کرلیا ہے؟

حصہ دوم

$2 \times 9 = 18$

نوٹ: کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھیے۔

.5 (الف) لاء آف ماس ایکشن تحریر کریں اور ایک جنرل ری ایکشن کے لیے ایکوی لبریم کونسٹنٹ ایکسپریشن اخذ کریں۔
(ب) ڈائی نائٹروجن آکسائڈ (N_2O) کی آکسیجن اور نائٹروجن میں ڈی کمپوزیشن کے لئے مندرجہ ذیل ریورسیبل ری ایکشن واقع ہوتا ہے۔

$$2N_2O_{(g)} \rightleftharpoons 2N_{2(g)} + O_{2(g)}$$

ایکوی لبریم میں N_2O ، N_2 اور O_2 کی کنسنٹریشنز بالترتیب $1.1 moldm^{-3}$ ، $3.90 moldm^{-3}$ اور $1.95 moldm^{-3}$ ہیں۔ اس ری ایکشن کے لئے K_c کی ویلیو معلوم کریں۔

.6 (الف) ایکوی لبریم کونسٹنٹ کی اہمیت کیا ہے؟ واضح کریں۔
(ب) جب نائٹروجن اور ہائڈروجن، امونیا بنانے کے لئے ری ایکٹ کرتی ہیں تو ایکوی لبریم مکسچر بالترتیب $0.31\ mol.dm^{-3}$ اور $0.50\ mol.dm^{-3}$ نائٹروجن اور ہائڈروجن پر مشتمل ہوتا ہے۔ اگر Kc کی ویلیو $0.50\ mol^{-2}dm^6$ ہو تو امونیا کی ایکوی لبریم کنسنٹریشن کیا ہوگی۔

.7 (الف) ہیبر (Haber) کے پراسس کی مدد سے 500°C پر ہائڈروجن اور نائٹروجن کے ری ایکشن سے امونیا بننے کی کیمیکل مساوات درج ذیل ہے۔

$$N_{2(g)} + 3H_{2(g)} \rightleftharpoons 2NH_{3(g)}$$

اگر ان گیسز کی ایکوی لبریم کنسنٹریشنز یہ ہوں، نائٹروجن $0.602\ mol.dm^{-3}$ ، ہائڈروجن $0.420\ mol.dm^{-3}$ اور امونیا $0.113\ mol.dm^{-3}$ تو K_c کی ویلیو کیا ہوگی۔
(ب) ایک خاص ٹمپریچر پر PCl_5 بنانے کے لئے PCl_3 اور Cl_2 میں ری ایکشن کے دوران ایکوی لبریم کونسٹنٹ کی ویلیو $0.13\ mol^{-1}.dm^3$ ہے۔ اگر PCl_3 اور Cl_2 کی ایکوی لبریم کنسنٹریشنز بالترتیب $10.0 mol.dm^{-3}$ اور $9.0\ mol.dm^{-3}$ ہوں تو PCl_5 کی ایکوی لبریم کنسنٹریشن کیا ہوگی۔

کیمسٹری	سیلف ٹیسٹ 2	باب نمبر 10: ایسڈز، بیسز اور سالٹس

وقت: 15 منٹ (معروضی) کل نمبر: 12

1	A	B	C	D	7	A	B	C	D
2	A	B	C	D	8	A	B	C	D
3	A	B	C	D	9	A	B	C	D
4	A	B	C	D	10	A	B	C	D
5	A	B	C	D	11	A	B	C	D
6	A	B	C	D	12	A	B	C	D

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ سوالیہ پرچہ جات پر ہرگز سوالات حل نہ کریں۔

1. ایسڈز کا ذائقہ ہوتا ہے:
(A) کڑوا (B) میٹھا (C) کھٹا (D) نمکین

2. سلفیورک ایسڈ کا کانجوگیٹ بیس ہے:
(A) HSO_3^- (B) SO_4^{2-} (C) SO_3^{2-} (D) HSO_4^-

3. ارہینیس نے ایسڈز اور بیسز کا نظریہ کب پیش کیا؟
(A) 1787ء (B) 1887ء (C) 1987ء (D) 1990ء

4. درج ذیل کمپاؤنڈز میں سے کون سا لیوس ایسڈ نہیں ہے؟
(A) H^+ (B) BF_3 (C) $AlCl_3$ (D) NH_3

5. لیوس ایسڈ بیس ری ایکشن کی پروڈکٹ میں کونسا بانڈ ہوتا ہے۔
(A) آئیونک (B) کوویلنٹ (C) میٹلک (D) کوآرڈینیٹ کوویلنٹ

6. کون سا بیس زیادہ کروسو ہوتا ہے؟
(A) NH_4OH (B) $NaOH$ (C) $Ca(OH)_2$ (D) $Al(OH)_3$

7. پھٹے ہوئے دودھ میں پایا جانے والا ایسڈ:
(A) سٹرک ایسڈ (B) لیکٹک ایسڈ (C) بیوٹائرک ایسڈ (D) مالیک ایسڈ

8. ہلکے ایسڈز کاربونیٹس کے ساتھ ری ایکٹ کر کے مندرجہ ذیل پراڈکٹس بناتے ہیں سوائے:
(A) نمک (B) پانی (C) کاربن ڈائی آکسائڈ (D) ہائڈروجن

9. ایسٹک ایسڈ استعمال ہوتا ہے:
(A) خوراک کو خوش ذائقہ بنانے کے لیے (B) دھماکہ خیز اشیاء بنانے کے لیے
(C) نقش و نگار بنانے کے لیے (D) میٹلز کی صفائی کے لیے

10. سوڈا لائم آمیزہ ہے:
(A) $CaCl_2, KOH$ (B) $NaOH, CaO$ (C) $NaOH, CaCl_2$ (D) $Ca(OH)_2 CaO$

11. pH کا فارمولا ہے۔
(A) $pH = \log[H^+]$ (B) $pH = -\log[H^+]$
(C) $pH = -\log[H^-]$ (D) $pH = \log[OH^-]$

12. نیوٹرل اشیاء کی pH ہمیشہ برابر ہوتی ہے:
(A) 0 (B) 5 (C) 7 (D) 14

وقت: 1 گھنٹہ 45 منٹ	کیمسٹری (انشائیہ طرز)	کل نمبر: 48

حصہ اوّل

کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5 \times 2 = 10$

-2

i. بیس کی تعریف کریں اور ایک مثال دیں۔

ii. لیوس کا نظریہ ایسڈز اور بیسز بیان کیجیے۔ یا لیوس ایسڈ اور بیس میں کیا فرق ہے؟

iii. ثابت کیجئے کہ پانی ایک ایمفوٹیرک شے ہے؟

iv. کانجوگیٹ ایسڈ کیا ہے؟ تعریف کیجئے۔

v. لیوس ایسڈ اور بیس کے درمیان کس قسم کا بانڈ بنتا ہے؟

vi. بیس کی تعریف کیجیے۔ کیوں تمام الکلیز بیسز ہیں لیکن تمام بیسز الکلیز نہیں؟

vii. ارہینس کے نظریہ کے مطابق ایسڈ اور بیس کی تعریف کریں۔

viii. کانجوگیٹ بیسز سے کیا مراد ہے؟ ایک مثال دیں۔

کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5 \times 2 = 10$

-3

i. الکلائن بیٹریوں میں استعمال ہونے والی الکلی کا نام لکھیے۔

ii. خوراک کو محفوظ کرنے والے دو ایسڈز کے نام لکھیے۔

iii. نائٹرک ایسڈ کے چار استعمالات تحریر کیجئے۔

iv. بیسز کی کوئی سی دو خصوصیات تحریر کیجئے۔

v. ایک تیزاب اور ایک اساس کا فارمولا لکھیں۔

vi. باسی مکھن اور سٹرس پھلوں میں پائے جانے والے ایسڈز کے نام تحریر کیجئے۔

vii. امونیم ہائیڈروآکسائیڈ کا کیمیائی فارمولا اور استعمال تحریر کریں۔

viii. مندرجہ ذیل کے فارمولا لکھیں۔

(الف) نائٹرک ایسڈ (ب) فاسفورک ایسڈ (ج) کیلشیم ہائیڈروآکسائیڈ (د) ایلومینیم ہائیڈروآکسائیڈ

کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5 \times 2 = 10$

-4

i. ہائیڈروکلورک ایسڈ کا سلوشن 0.01M ہے۔ اس کی pH کیا ہے؟

ii. KOH کے 0.001M سلوشن کی pOH معلوم کیجئے۔

iii. pH میٹرکس کام آتا ہے؟

iv. یونیورسل انڈیکیٹر کو استعمال کرتے ہوئے سلوشن کی pH کیسے معلوم کی جاسکتی ہے؟

v. نیوٹرلائزیشن ری ایکشن کیا ہے؟ ایک کیمیائی مساوات بھی لکھیں۔

vi. نمکیات کی تعریف کیجئے۔

vii. پانی سے سولیبل سالٹ کیسے حاصل کیا جاتا ہے؟

viii. ایسڈ اور میٹیلک آکسائیڈ کے ری ایکشن سے سالٹ کس طرح تیار کیے جاتے ہیں؟

حصہ دوم

$2 \times 9 = 18$

نوٹ: کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھیے۔

.5 (الف) برونسٹڈ۔لوری تصور کے مطابق ایسڈ اور بیس کی تعریف کریں اور مثالوں سے وضاحت کریں کہ پانی ایک ایمفوٹیرک کمپاؤنڈ ہے۔

(ب) $0.2M\ H_2SO_4$ کی pH اور pOH معلوم کریں۔

.6 (الف) مثالوں سے وضاحت کریں کہ کس طرح سولیبل سالٹس تیار کیے جاتے ہیں۔

(ب) ہائیڈروکلورک ایسڈ کا سلوشن 0.01M ہے۔ اس کی pH کیا ہے؟

.7 (الف) وضاحت کریں (i) HCl سالٹس کی صرف ایک سیریز بناتا ہے۔ (ii) H_2SO_4 سالٹس کی دو سیریز بناتا ہے۔ (iii) H_3PO_4 سالٹس کی تین سیریز بناتا ہے۔

ضروری مساواتیں بھی تحریر کریں۔

(ب) KOH کے 0.001 سلوشن کی pH اور pOH معلوم کریں۔

کیمسٹری — سیلف ٹیسٹ 3 — باب نمبر 11: آرگینک کیمسٹری

وقت: 15 منٹ (معروضی) کل نمبر: 12

1	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ	7	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ
2	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ	8	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ
3	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ	9	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ
4	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ	10	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ
5	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ	11	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ
6	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ	12	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ سوالیہ پرچہ جات پر ہرگز سوالات حل نہ کریں۔

.1 بنزین رنگ ⬡ مثال ہے:
(A) ایلی سائیکلک کمپاؤنڈ (B) ایرومیٹک کمپاؤنڈ (C) ہیٹروسائیکلک کمپاؤنڈ (D) سٹریٹ چین

.2 ڈیکین کا فارمولا ہے۔
(A) $C_{10}H_{20}$ (B) $C_{10}H_{22}$ (C) $C_{10}H_8$ (D) $C_{10}H_{16}$

.3 تمام آرگینک کمپاؤنڈز کو ان میں موجود کاربن کے ڈھانچے کی بنا پر تقسیم کیا گیا ہے:
(A) 1 (B) 2 (C) 3 (D) 4

.4 اوپن چین کمپاؤنڈز کے مالیکیولز میں آخری کاربن ایٹمز آپس میں ________ ہوتے ہیں:
(A) جڑے ہوئے (B) ایک لائن میں (C) دولائن میں (D) جڑے ہوئے نہیں

.5 اوپن چین والے کمپاؤنڈز ________ کمپاؤنڈز بھی کہلاتے ہیں:
(A) ایلی فیٹک (B) سائیکلک (C) کوویلنٹ (D) آئیونک

.6 ایسے سائیکلک کمپاؤنڈز جن کے رنگ میں کاربن ایٹمز کے علاوہ ایک یا ایک سے زیادہ دوسرے ایلیمنٹس کے ایٹمز موجود ہوں:
(A) ایلی سائیکلک (B) ہیٹروسائیکلک (C) ایرومیٹک کمپاؤنڈز (D) کوویلنٹ

.7 الکینز کا جنرل فارمولا ہے:
(A) C_nH_{2n+2} (B) C_nH_{2n+1} (C) C_nH_{2n} (D) C_nH_{2n-2}

.8 ہائیڈروکمپاؤنڈز کو ________ آرگینک کمپاؤنڈز مانا جاتا ہے:
(A) بنیادی (B) ڈیریویٹوز (C) کمپلیکس (D) نان کمپلیکس

.9 ان میں کون سا کاربوکسلک گروپ ہے؟
(A) $>C=O$ (B) $-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-OH$ (C) $R-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-OR$ (D) $-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-H$

.10 الکوحلوں کا فنکشنل گروپ ہے:
(A) $-COOH$ (B) $>C=O$ (C) $C-O-C$ (D) $-OH$

.11 ٹرشری الکوحل کا کلاس فارمولا ہے:
(A) R-O-R (B) $R-\underset{R}{\overset{R}{C}}-OH$ (C) $\begin{matrix}R\\R\end{matrix}>CH-OH$ (D) $R-CH_2-OH$

.12 بیوٹین (butane) کا مالیکیولر فارمولا کیا ہے؟
(A) C_4H_6 (B) C_4H_{12} (C) C_4H_{10} (D) C_4H_8

وقت: 1 گھنٹہ 45 منٹ	کیمسٹری (انشائیہ طرز)	کل نمبر: 48

حصہ اوّل

2- کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. مالیکیولر فارمولا کی تعریف کیجیے اور ایک مثال دیجیے۔
ii. الیکٹرانک یا ڈاٹ اور کراس فارمولا کیا ہے؟
iii. آئسو پینٹین اور نیو پینٹین کے سٹرکچرل فارمولے لکھیں۔
iv. کنڈینسڈ فارمولا کی تعریف مثال دے کر کیجیے۔
v. پروپین اور نارمل بیوٹین کا ڈاٹ اور کراس فارمولا لکھیے۔
vi. بنزین کو ایرومیٹک کمپاؤنڈ کیوں کہا جاتا ہے؟
vii. ایرومیٹک کمپاؤنڈز کیا ہوتے ہیں؟
viii. ایلی سائیکلک کمپاؤنڈز کیا ہوتے ہیں؟ ایک مثال دیں۔

3- کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. اوپن چین یا اے سائیکلک کمپاؤنڈز کی تعریف کیجیے۔
ii. دو ایرومیٹک کمپاؤنڈز کے نام لکھئے۔
iii. ہومولوگس سیریز کی تعریف بیان کریں۔
iv. الکائل ریڈیکلز کیسے بنتے ہیں؟ مثال دے کر وضاحت کیجیے۔
v. نارمل پروپائل اور آئسو پروپائل میں کیا فرق ہے؟ سٹرکچر کی مدد سے وضاحت کیجیے۔
vi. بیوٹین کے مختلف ریڈیکلز کی وضاحت کریں۔
vii. فارمولے لکھیں۔ (1) ایسی ٹائی لین (2) ایتھائل الکوحل
viii. ایتھر لنکیج کیا ہے؟

4- کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times2=10$

i. الکوحلک فنکشنل گروپ کیا ہے؟ مثالیں دیں۔
ii. میتھائل ایسیٹیٹ اور ایتھائل ایسیٹیٹ کا فارمولا تحریر کیجیے۔
iii. ایسی ٹون اور ٹرائی میتھائل ایمنز کے سٹرکچرل فارمولے لکھیے۔
iv. ایلڈی ہائڈک گروپ اور کیٹونک گروپ میں فرق لکھیے۔
v. الکائل ریڈیکلز کیسے بنتے ہیں؟ مثال دے کر وضاحت کریں۔
vi. نارمل پروپائل اور آئسو پروپائل میں کیا فرق ہے؟ سٹرکچر کی مدد سے وضاحت کریں۔
vii. ایسٹر گروپ کیا ہے؟ ایتھائل ایسیٹیٹ کا فارمولا لکھیں۔
viii. سٹرکچرل فارمولا کی تعریف کریں۔ نارمل بیوٹین اور آئسو بیوٹین کا سٹرکچرل فارمولا لکھیں۔

حصہ دوم

نوٹ: کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھیے۔ $2\times9=18$

5. (الف) ہومولوگس سیریز کی خصوصیات بیان کریں۔
(ب) الکینز اور الکائنز کے فنکشنل گروپس پر ایک جامع نوٹ لکھیں۔ دوسرے کمپاؤنڈز سے ان کی شناخت کیسے کی جاتی ہے؟

6. (الف) آرگینک کمپاؤنڈز کی کلاسیفیکیشن پر ایک جامع نوٹ تحریر کریں۔
(ب) ہومولوگس سیریز کی خصوصیات بیان کریں۔

7. (الف) ایلڈی ہائڈک اور کیٹونک فنکشنل گروپ میں موازنہ کریں اور ان دونوں کی شناخت کس طرح سے کی جاتی ہے؟
(ب) مندرجہ ذیل کمپاؤنڈز میں فنکشنل گروپس کے گرد دائرہ لگائیں اور ان فنکشنل گروپس کے نام بھی لکھیں۔

(i) $CH_3-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-CH_3$ (ii) $CH_3-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-H$

(iii) $HO-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-CH_2-CH_3$ (iv) $H-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-CH_2-CH_3$

(v) $H_2C=CH-CH_3$ (vi) $CH_3-O-\overset{O}{\overset{\|}{C}}-CH_3$

کیمسٹری سیلف ٹیسٹ 4 باب نمبر 12: ہائڈروکاربنز

(معروضی)

وقت: 15 منٹ کل نمبر: 12

1	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ	7	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ
2	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ	8	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ
3	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ	9	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ
4	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ	10	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ
5	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ	11	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ
6	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ	12	Ⓐ	Ⓑ	Ⓒ	Ⓓ

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ سوالیہ پرچہ جات پر ہرگز سوالات حل نہ کریں۔

.1 نیچے دیئے گئے کمپاؤنڈز میں سے کون سا سیر شدہ ہائیڈروکاربن ہے؟
(A) میتھین (B) ایتھائن (C) پروپین (D) پروپائن

.2 کونسا تبادلے کاری ایکشن ہے؟
(A) الکانز کی ہیلوجینیشن (B) الکینز کی ہیلوجینیشن (C) الکینز کی ہیلوجنیشن (D) الکینز کی برومینیشن

.3 الکینز (Alkanes) کا دوسرا نام ہے:
(A) ہیلوجنز (B) پیرافنز (C) اولی فنز (D) ایسٹیلینز

.4 میتھین (Methane) کی ہیلوجینیشن سے مندرجہ ذیل میں سے کون سا کمپاؤنڈ نہیں بنتا؟
(A) کاربن بلیک (B) کلوروفارم (C) کلورومیتھین (D) کاربن ٹیٹرا کلورائڈ

.5 ان میں سے کس کو "اولی فنز" بھی کہا جاتا ہے؟
(A) الکینز (B) الکینز (C) الکانز (D) الکوحلز

.6 الکینز (Alkenes) کو الکوحلو سے کس پروسس کے تحت تیار کیا جاتا ہے؟
(A) ڈی ہائیڈروجینیشن (B) ڈی ہیلوجینیشن (C) ڈی ہائیڈریشن (D) ڈی ہائیڈروہیلوجینیشن

.7 ایتھین (Ethene) کی $KMnO_4$ کے ساتھ آکسیڈیشن سے ______ کمپاؤنڈ بنتا ہے۔
(A) پروپین گلائی کول (B) ایتھین گلائی کول (C) گلائی آکسل (D) آگزالک ایسڈ

.8 الکینز (Alkenes) کی آکسیڈیشن سے پیدا ہوتا ہے:
(A) گلائی آکسل (B) گلائی کول (C) آگزیلک ایسڈ (D) فارمک ایسڈ

.9 ٹیٹرا ہیلائڈز کی ڈی ہیلوجینیشن کس کی موجودگی میں ہوتی ہے؟
(A) K (B) Mg (C) Na (D) Zn dust

.10 الکانز کا جنرل فارمولا ہے:
(A) C_nH_{2n-2} (B) C_nH_{2n+2} (C) C_nH_{2n+1} (D) C_nH_{2n}

.11 ایسٹیلین کی آکسیڈیشن کا آخری پروڈکٹ ہے:
(A) آگزالک ایسڈ (B) گلائی کول (C) گلائی آکسل (D) ایتھین گلائی کول

.12 ایسٹیلین کی معمولی مقدار تقریباً ______ فیصد کول گیس میں پائی جاتی ہے۔
(A) 0.06 (B) 0.07 (C) 0.08 (D) 0.09

وقت: 1 گھنٹہ 45 منٹ	کیمسٹری (انشائیہ طرز)	کل نمبر: 48

حصہ اوّل

-2 کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times 2=10$

i. سیچوریٹڈ اور ان سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز میں فرق بیان کیجیے۔

ii. جنرل فارمولے کی مدد سے اَن سیچوریٹڈ ہائیڈروکاربنز کی تعریف کیجیے۔

iii. الکینز "پیرافنز" کیوں کہلاتی ہیں؟

iv. ہائیڈروکاربنز فیول کے طور پر کیسے استعمال ہوتے ہیں؟

v. الکائل ہیلائڈز کی ریڈکشن سے الکینز کو کیسے تیار کیا جاتا ہے؟

vi. الکینز کی ہیلوجینیشن کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

vii. ہائڈروجینیشن کے عمل کی تعریف کیجیے اور ایک مثال دیجئے۔

viii. الکائل ہیلائڈز سے الکینز (Alkanes) کی تیاری بیان کیجیے۔

-3 کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times 2=10$

i. برومین واٹر میں ایتھین شامل کرنے سے اس کا رنگ کیوں ختم ہو جاتا ہے؟

ii. ایڈیشن ری ایکشنز کیا ہیں؟ مثال تحریر کیجیے۔

iii. جب ایتھائل الکوحل کو سلفیورک ایسڈ کی موجودگی میں گرم کیا جائے تو کیا ہوتا ہے؟

iv. الکینز کی طبعی خصوصیات لکھیں۔

v. الکینز (Alkenes) میں ہیلوجینیشن کا عمل کیسے ہوتا ہے؟ کیمیائی مساوات تحریر کریں۔

vi. کسی آرگینک کمپاؤنڈ کی اَن سیچوریشن کی پہچان کے لیے کون ساری ایکشن استعمال کیا جاتا ہے؟

vii. الکینز کیوں ری ایکٹو ہیں؟

viii. آئل کو گھی میں تبدیل کرنے کی مساوات لکھئے۔

-4 کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: $5\times 2=10$

i. ایتھائن کا مالیکولر اور سٹرکچرل فارمولا لکھیے۔

ii. ایسٹیلین کے دو استعمالات تحریر کیجئے۔

iii. ویسینل ڈائی ہیلائڈز کی ڈی ہائڈروہیلوجینیشن سے الکائنز کیسے تیار ہوتی ہیں؟

iv. الکینز (Alkenes) اور الکائنز (Alkynes) میں کون سے فنکشنل گروپس موجود ہوتے ہیں؟

v. ایتھائن کا مالیکولر اور سٹرکچرل فارمولا تحریر کیجیے۔

vi. ایتھائلین کے کوئی سے دو استعمالات لکھئے۔

vii. سادہ ترین الکائن کا نام اور مالیکولر فارمولا لکھیے۔

viii. ایسٹیلین اور کلوروفارم کا ایک ایک استعمال لکھیں۔

حصہ دوم

نوٹ: کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھیے۔ $2\times 9=18$

.5 (الف) الکینز کس قسم کے ری ایکشنز دیتے ہیں؟ الکینز کی ہیلوجینیشن کے حوالے سے وضاحت کریں۔

(ب) بیوٹین میں تبادلے کے ری ایکشنز کیوں ہوتے ہیں؟

.6 (الف) مندرجہ ذیل کو تیار کریں۔

(i) ایتھین سے ایتھائلین گلائی کول (ii) بروموایتھین سے 1،2۔ڈائی بروموایتھین

(ب) ایسٹیلین میں ایڈیشن ری ایکشن دو مراحل میں کیوں ہوتا ہے؟

.7 (الف) ایسٹیلین کی آکسیڈیشن کی وضاحت کریں۔

(ب) مندرجہ ذیل کو تیار کریں۔

(i) ٹیٹراہیلائڈ سے ایسٹی لین (ii) میتھین سے کاربن ٹیٹراکلورائڈ

کیمسٹری | سیلف ٹیسٹ 5 | باب نمبر 13: بائیوکیمسٹری

وقت: 15 منٹ (معروضی) کل نمبر: 12

1	A	B	C	D	7	A	B	C	D
2	A	B	C	D	8	A	B	C	D
3	A	B	C	D	9	A	B	C	D
4	A	B	C	D	10	A	B	C	D
5	A	B	C	D	11	A	B	C	D
6	A	B	C	D	12	A	B	C	D

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C,B,A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ سوالیہ پرچہ جات پر ہرگز سوالات حل نہ کریں۔

1. لیکٹوز شوگر کی ایک قسم ہے جو گلوکوز اور ______ پر مشتمل ہے۔
(A) سکروز (B) مالٹوز (C) سٹارچ (D) گلیکٹوز

2. سب سے اہم اولیگوسکرائیڈ ہے:
(A) سکروز (B) گلوکوز (C) فرکٹوز (D) مالٹوز

3. گلوکوز اور فرکٹوز کے ملنے سے بنتا ہے:
(A) سکروز (B) سیلولوز (C) سٹارچ (D) ان میں سے کوئی بھی نہیں

4. کاربوہائیڈریٹس کا جنرل فارمولا ہے:
(A) $C_n(H_2O)_n$ (B) $C_n(H_2O_2)_n$ (C) $C_n(H_3O)_n$ (D) $C_n(H_2O_3)_n$

5. مالٹوز عام طور پر ______ میں پایا جاتا ہے۔
(A) دودھ (B) اناج (C) ڈیری پروڈکٹس (D) کاٹن

6. فیٹی ایسڈز ______ کے بلڈنگ بلاکس ہیں:
(A) لپڈز (B) پروٹین (C) گلوکوز (D) وٹامن

7. سٹیرک ایسڈ کا فارمولا ہے:
(A) $C_{17}H_{35}COOH$ (B) $C_{17}H_{33}COOH$ (C) $C_{17}H_{37}COOH$ (D) $C_{15}H_{31}COOH$

8. باسی مکھن کی بدبو کس ایسڈ کی وجہ سے ہوتی ہے؟
